SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, November 23, 2005

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at two minutes past four in the evening with Mr. Presiding Officer (Dr. Khalid Ranjha) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا یھاالّذین اٰمنوا لاتتخذوا اٰبآ ء کم واخوانکم اولیآء ان استحبو الکفر
علی الایمان- ومن یتولّھم منکم فاولٓئک ھم الظّٰلمون- قل ان کان
اٰبآؤکم وابنآؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیر تکم واموال
اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسٰکن ترضونھا احبّ الیکم
مّن اللہ ورسولہ وجھا د فی سبیلہ فتربصوا حتّٰی یاتی اللہ بامرہ-
واللہ لایھدی القوم الفٰسقین-

ترجمہ: اے ایمان والو اگر تمہارے ماں باپ اور بہن بھائی ایمان کے
مقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو اور جو ان سے دوستی

رکھیں گے وہ ظالم ہیں۔ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم یعنی عذاب بھیجے اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

(سورۃ التوبہ آیت، ۲۳ تا ۲۴)

Mr. Presiding Officer: We may now take up the questions.

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, allow me to felicitate your honour and congratulate you, sir, for having been elected as a Member of the Pakistan Bar Council and it is a trust reposed by the lawyers community of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: I must, from the Chair, reciprocate this gesture and I must congratulate Mr. Khosa for being elected

اور ہم سب کی خواہش ہے کہ یہ بار کونسل کی جان اب چھوڑ دیں۔ He has been there for 15 years and I am really proud of him. He is a Bar Leader. I will felicitate your coming back and he is our future Vice Chairman also.

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Thank you very much, sir.

Mr. Presiding Officer: Now, we will take up Question No.113, Mrs. Gulshan Saeed. Any supplementary? Yes, Bungalzai sahib.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سوال نمبر ,113 بیگم گلشن سعید نے وزیر انچارج برائے وزیر اعظم سیکرٹریٹ سے سوال کیا ہے کہ 8 اکتوبر 2005 کو جو المناک

زلزلہ آیا تھا اس میں کتنے افراد کی جانیں ضائع ہوئی تھیں اور مذکورہ افراد کے ورثاء کو جو امداد دی گئی تھی اس کی تفاصیل انہوں نے مانگی تھیں۔ جناب چیئرمین! مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ جو figures انہوں نے یہاں دیے ہیں اور جس کی میں نے خود مظفرآباد جاکر تحقیق بھی کی ہے، تو اس حوالے سے ایک لاکھ روپے فی موت انہوں یہاں quote کیا ہے لیکن مجھے وہاں ایسے آدمی بھی ملے جن کے گھروں سے چار چار لاشیں اٹھائی گئی تھیں لیکن ان کو چار لاشوں کا صرف تین ہزار روپے دیا گیا۔ جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ ہمارے Prime Minister's Secretariat نے اس سوال کا اس انداز میں کیوں جواب دیا ہے۔ انہوں نے اس ہاؤس کو اندھیرے میں رکھا ہے۔ اگر وہ چاہتے ہیں تو میں ان شواہد اور ثبوت کو بھی لے آؤں گا جن کو چار اموات کے صرف تین ہزار روپے ملے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Minister in charge of the Prime Minister Secretariat.

POINT OF ORDER; RE: ABSENCE OF MINISTERS IN THE HOUSE

Senator Asfandyar Wali: Sir, for the last few days,

ہم یہی شور مچاتے رہے۔ Strictures آنے چاہئیں، strictures آنے چاہئیں، آخر آج وہ وقت آگیا جناب! کہ کوئی وزیر یہاں نہیں ہے جو اٹھ کر ہمیں اس سوال کا جواب دے۔ ہر ایک اٹھ کر یہ تو چلاتا ہے کہ بڑا نازک مسئلہ ہے، it is a catastrophe, it is a disaster and we have certain very very pertinent questions to ask on this اور یہاں حالت یہ ہے کہ جناب کہ no one is prepared to give us answers. Now, I leave it up to you and up to the Leader of the House. مہیم خان کیا سوال کر رہے ہو، کس سے سوال کر رہے ہو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب وسیم صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، جناب! normally یہ جو سوالات ہیں Prime Minister's Secretariat کے اس کے جوابات ڈاکٹر شیر افگن صاحب دیا کرتے ہیں۔ ان کی

فائل یہاں پر پہنچ چکی ہے مجھے یقین ہے کہ وہ راستے میں آ ہی رہے ہوں گے۔ بہرحال میں کسی کو بھیجتا ہوں کہ دیکھیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، سوال ہم اس وقت تک موخر رکھتے ہیں، جب وہ آجائیں گے تو ان سے پوچھ لیں گے۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ، جناب چیئرمین! بالکل جو اسفند یار ولی صاحب نے کہا کہ آج ہمارے ملک میں سب سے بڑا مسئلہ زلزلہ کا ہے اور پہلا سوال بھی اسی سے متعلق ہے، افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری منسٹری کی نمائندگی یہاں پر موجود نہیں ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ جب ایوان کے اندر جوابات کے سلسلے میں، اس المناک واقعہ کے حوالے سے یہاں پر نمائندگی موجود نہیں ہے تو ہمارے دلوں میں اس زلزلے سے متعلق مثبت جذبات اور احساسات نہیں ہیں جو ہم بیان کرتے۔ بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔

Mr. Presiding Officer: If you all agree, I think we can defer this question.

Senator Asfandyar Wali: Defer is a different problem.

Senator Mian Raza Rabbani (Leader of the Opposition): No sir Senate must express its resentment. The Chair must pass strictures and I would suggest you to kindly adjourn the House till such time as the ministers come. This is become a matter of habit. You would recall that earlier also we had a long discussion on this that whether it is an exception to the rule or it is a rule to the exception that one else can answer the questions.

Mr. Liaquat Ali Jatoi (Minister for Water and Power): I would agree with the honourable Leader of the Opposition and we have most respect for the Upper House and as explained by the Leader of the

House also, he must be on his way but I think to adjourn the session, there will be so many other questions also to be replied. So meanwhile till he comes I think this is my request I do not know whether you would accept or not...

Senator Mian Raza Rabbani: Supposing he does not come.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ایک بات تو آپ نے ثابت کر دی that the Treasury Benches are with you in the resentment. I think that point is well taken.

Senator Mian Raza Rabbani: The House is already disturbed because it cannot carry on business as the Ministers, a fleet of 68 ministers or 78 ministers, they are not present to answer the questions in the House. What are they there for. They are drawing pay, salaries and big perks and they are not here to answer questions. Where is the concept of accountability gone? This is the way that the Senate and the Parliament is being taken for granted by the ministers.

Mr. Presiding Officer: Wasim sahib did you want to support the Leader of the Opposition.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب آپ stricture تو پاس کریں۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir we are going now, we are leaving. This is the attitude of the Ministers.

(اس مرحلے پر اپوزیشن نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

Mr. Liaquat Ali Jatoi (Minister of Water and Power): I would request them to come back because he has been very regular..

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر: جاکے لے آئیں۔

سینیٹر احمد علی: جناب بہت مذاق ہو چکا ہے۔ ہر دفعہ کہا جاتا ہے۔

(مداخلت)

Senator Muhammad Ishaq Dar: Can you kindly ask somebody to see the quorum. I point out the quorum. Kindly see the quorum.

جناب پریذائڈنگ آفیسر: میرا خیال ہے کہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ہم quorum point out نہیں کریں گے۔ آپ نے خود ہی فیصلہ کیا تھا۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Quorum is under challenge. I adjourn the House, quorum is not complete. We adjourn the House for 15 minutes. We will meet again at 4.30 p.m.

(The House was then adjourned for 15 minutes.)

(The House reconvened after the break with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair)

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔

We will take up Question No. 113. Mrs. Gulshan Saeed. Answer taken as read.

†13. ***Mrs. Gulshan Saeed:** (Notice received on 29-10-2005 at 9:30 a.m.)

Will the Minister for Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state:

(a) the number of persons who lost their lives in the recent earthquake of 8th October, 2005;

(b) the number of persons who received injuries in the said earthquake; and

(c) whether any compensation has been paid to the heirs of the said persons, if so, the details thereof?

Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat: (a) 73331.

(b) 128288 = 58896 (injured) + 69392 (Seriously injured).

(c) Compensation paid to the heirs of the said persons is:

Dead

	Numbers	Rs. (M)
AJK	14616	1461.60
NWFP	16160	1616.00
Total:	**30776**	**3077.6**

Injured

	Numbers	Rs. (M)
AJK	661	15.420
NWFP	3283	78.830
Total:	**3944**	**94.25**

Houses

	Numbers	Rs. (M)
AJK	85967	2149.18
NWFP	38125	953.125
Total:	**124092**	**3102.31**

Mr. Chairman: Any supplementary, Mr. Kakar.

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ Minister Incharge of the Prime Minister Secretariat کی طرف سے جواب آیا ہے کہ amount in that is 1461.60 million. It means that جو compensation payment ہوئی ہے rupees 10000 has been paid to each and every died person. Does it mean کہ انہوں نے ایک لاکھ روپے per head دیے ہیں یا دس ہزار روپے per head دیے ہیں۔ میں دونوں صورتوں میں اس کو challenge کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ اس سوال کو defer کرتے ہیں اور جیسے ہی وزیر صاحب آ جائیں گے تو اس کو لے لیں گے۔ اس وقت تک اگلا سوال لے لیتے ہیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، یہ جواب million میں دیا گیا ہے۔ بجائے اس کے کہ آپ یہ کہیں کہ Rs,1461.61 million، آپ ایسے بھی کہہ سکتے ہیں کہ چودہ لاکھ چھ ہزار، چھ سو دس لاکھ---

(مداخلت)

Mr. Chairman: I think, Dar Sahib has given a very logical interpretation.

Senator Muhammad Sarwar Khan Kakar: In both the cases, I challenge the statement.

جناب چیئرمین، اچھا جی! وزیر صاحب آ جائیں تو پھر دیکھتے ہیں۔ اگلا سوال، ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا گیا۔

†16. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 23-09-2005 at 1.15 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state?

(a) *the number of incidents that took place in Sui Balochistan damaging gas pipe lines during the last four years; and*

(b) *the steps taken by the Government for the protection of the said gas pipe lines?*

Mr. Amanullah Khan Jadoon: (a) 47 incidents (1 on SSGCL's gas transmission system and 46 on PPL's internal gas gathering system of Sui Field) of pipeline damage occurred in Sui Balochistan during the last four years.

(b) The Government has provided to the Gas companies Services of FC Balochistan, Punjab Rangers, Levies, and Police to protect their assets Gas Companies have also been allowed to engage casual Chowkidars/Askari Guards at vulnerable points. The Company's employees have also enhanced the patrolling of the Right of Way.

Mr. Chairman: Any supplementary? Yes Dr. Ismail Bludi.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میں نے وزیر صاحب سے پوچھا تھا کہ گزشتہ چار سالوں کے دوران سوئی، بلوچستان میں گیس پائپ کی توڑ پھوڑ کے کتنے حادثات پیش آئے ہیں اور حکومت کی طرف سے مذکورہ پائپ لائن کے تحفظ کے لیے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؛ انہوں نے لکھا ہے کہ 47 واقعات پیش آئے ہیں۔ میں وزیر موصوف سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ 47 واقعات، جن میں اربوں روپے کے نقصانات ہوئے اور ان کے تحفظ کے لیے، انہوں نے لکھا ہے کہ ہم نے FC کو تعینات کیا ہے۔ وجہ کیا ہے کہ وہاں مختلف اوقات میں یہ گیس پائپ لائن کی توڑ پھوڑ کے واقعات ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ کو ختم نہیں کیا جاتا تو ایک چوکیدار یا FC کو مقرر کرنے سے وہ چیز ختم نہیں ہو گی۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ FC اور ایجنسیوں پر اتنے پیسے خرچ کرتے ہیں جب کہ وہ اس کو نہیں روک سکتے تو بتائیں کہ ان 47 واقعات میں کتنی رقم کے نقصانات ہوئے اور ان کی اصل وجہ آپ بتائیں اور اس کو ختم کرنے کے لیے آئندہ کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ دیکھیں منسٹر صاحب شاید---

جناب چیئر مین: مینگل صاحب ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: آپ منسٹر ہیں، آپ آگے بیٹھیں۔

جناب چیئر مین: سینیٹر بھی ہیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل (وزیر مملکت برائے پٹرولیم و قدرتی وسائل)؛ میری جگہ یہی ہے، میں سینیٹر ہوں کہیں کل واپس ادھر ہی نہ آنا پڑے۔ بلیدی صاحب کا تعلق چونکہ بلوچستان سے ہے۔ وہ جذبہ رکھتے ہیں، انہوں نے بہت عمدہ سوال کیا ہے لیکن فورسز کی ایک کوشش ہوتی ہے کہ law and order maintain کریں، ان میں لیویز، FC اور private guards بھی ہیں۔ میں بلیدی صاحب کو دعوت دوں گا کہ وہ اس سلسلے میں کوئی لائحہ عمل طے کرلیں کہ کس طرح یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے کہ یہ damages کم کیے جا سکیں۔ ہم ان کو پوری طرح سے support کریں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! ہم اس کے لیے تیار ہیں، وہ ہمیں، allparties, جتنے بھی معتبرین ہیں، ان کو بلائیں ہم سب ڈیرہ بگٹی میں جا کر نواب صاحب سے ملیں گے اور ان کو بھی سنیں گے کہ ان کی requirement کیا ہے اور یہ جو واقعات ہوتے ہیں، یہ پوری قوم کا نقصان ہے، ہم اس کے لیے تیار ہیں لیکن محکمہ، جتنے سردار، معتبرین اور پارٹی کے سربراہ ہیں ان کو باقاعدہ دعوت نامہ بھیجے، ان کو بلائے تاکہ وہ ڈیرہ بگٹی جائیں اور اس کی جو اصل وجوہات ہیں، ان کو ختم کریں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، اس سلسلے میں، میں یہ بتانا چاہوں گا: کیونکہ بلیدی صاحب بھی اس کمیٹی میں ہیں جس نے بلوچستان کے معاملے پر مشاہد حسین کی صدارت میں جائزہ لیا ہے اور رپورٹ پیش کی ہے۔ مجھے امید ہے کہ اگر اس کی recommendations منظور ہو جائیں تو 80 per cent problems حل ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین، جی سانگزئی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگزئی، خطرے والی جگہوں پر عارضی چوکیدار، کیا منسٹر صاحب اس کی نشاندہی فرمائیں گے کہ خطرے سے ان کی کیا مراد ہے اور کتنے نقصان کو وہ خطرہ کہتے ہیں، خطرہ گیارہ ہزار کا ہے، دو سو بیس کا ہے یا چار سو بیس کا ہے، کون سا خطرہ ہے؟

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، چار سو بیس کا تو کوئی خطرہ نہیں ہے لیکن sensitive وہ علاقے ہیں جہاں اکثر وارداتیں ہوتی ہیں تو کوشش کی جاتی ہے کہ وہاں پر

patrolling زیادہ ہو اور sensitive installations کی protection ہو۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، اگر ان علاقوں کی نشاندہی فرما دیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، آپ اسی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں، مجھ سے زیادہ آپ بہتر جانتے ہیں بلکہ میں آپ سے پوچھتا ہوں، آپ بھی نشاندہی کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین، جی مہیم خان صاحب۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ عسکری گارڈ جو لفظ ہے اس سے کیا مراد ہے؟ ہمارے منسٹر صاحب کو چاہیے کہ کھل کر بات کریں کہ یہ واقعات ہوئے ہیں، ان کے پس منظر میں کیا ہے، کیوں ہوئے ہیں؟ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہم roots پر جائیں ان roots کو واضح کریں کہ کیا وجوہات ہیں کہ یہ واقعات ہوتے ہیں؛

جناب چیئرمین، آپ کے خیال میں کیا ہیں؟

سینیٹر مہیم خان بلوچ، میں یہ کہتا ہوں کہ عوام کو ان کا حق نہیں مل رہا-----

جناب چیئرمین، اسی لیے جیسے انہوں کہا ہے کہ وہ کمیٹی ان چیزوں کو دیکھ رہی ہے اور اس کی سفارشات میں ہو سکتا ہے، ممکن ہے----

سینیٹر مہیم خان بلوچ، آپ عوام کو حقوق دیں، عوام خود حفاظت کریں گے۔

جناب چیئرمین، انشاء اللہ، کوشش یہی ہے۔ پہلے میں ایک سوال لے لوں پھر آپ ثناء اللہ بلوچ صاحب۔

Senator Sanaullah Baloch: Thank you Mr. Chairman!

جناب جس طرح وزیر موصوف صاحب نے بتایا کہ بلوچستان میں 47 کے قریب incidents ہوئے ہیں پائپ لائن کو متاثر کرنے کے یا جن کو یہ سبوتاژ کے واقعات قرار دیتے ہیں۔ محترم وزیر صاحب نے کچھ تجاویز مانگی ہیں۔ ہم نے بڑے پیار محبت اور ادب سے کافی دفعہ تجاویز دی ہیں۔ Constitution سب کے سامنے پڑا ہوا ہے، جب ہم رکن سینیٹ بنے تھے، اسی دن ہمیں اس کی ایک ایک کاپی اسی لیے فراہم کی گئی تھی کہ ہم اس کا بغور مطالعہ کریں۔ اس میں جناب!

تین issues ہیں۔ پہلا issue ہے، بلوچستان کے لوگوں کو گیس کی سہولت فراہم کرنا۔ دوسری بات یہ ہے کہ gas production کی بنیاد پر ملازمتیں فراہم کرنا۔ اگر سندھ اور بلوچستان زیادہ gas produce کرنے والے provinces or federating units ہیں تو gas companies چاہے وہ Sui Southren Gas Company یا Sui Northren Gas Company ہے، provinces کے production کے تناسب سے، اعتبار سے ان کو ملازمتیں فراہم کرنا۔ آئین کا آرٹیکل 158 کچھ دن پہلے میں نے اردو میں پڑھا تھا۔ کچھ لوگوں کو سمجھ نہیں آئی میں ابھی انگریزی میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔ یہ ایک سب سے آسان حل ہے لوگوں کے احساسات اور جذبات کو کنٹرول کرنے کا۔

Article 158: The province in which a well head of natural gas is situated shall have precedence over other parts of Pakistan in meeting the requirements from the well head.

تو جناب والا! قانونی اور آئینی طور پر سب کچھ set ہے۔ جب unconstitutional illegally exploitation ہوتی ہے، استحصال ہوتا ہے، تو لوگ اپنی معدنی دولت کسی اور صوبے کو منتقل ہونے نہیں دیتے۔ اس کے لیے وہ قانونی، سیاسی چارہ جوئی بھی کرتے ہیں اور اس کو بزور طاقت بھی روکنے کی کوشش کرتے ہیں۔ میرے خیال میں تمام solutions available ہیں لیکن اسلام آباد گزشتہ دس پندرہ سال سے مسلسل اور خصوصاً اس کو وزارت پٹرولیم، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کے احساسات اور جذبات کو نظرانداز کر رہی ہے۔ میں یہ پیشنگوئی کروں گا کہ اگر یہ واقعات اسی طرح رہے تو اب صرف سینتالیس واقعات ہوئے ہیں پھر آنے والے دنوں میں ایک سو سینتالیس تک بڑھ سکتے ہیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل: میں نے بلیدی صاحب اور دیگر کو کہا ہے کہ جس کے پاس کوئی اچھی تجاویز ہیں وہ دے سکتے ہیں۔ سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ بلوچستان کے بارے میں جو کمیٹی زیرصدارت مشاہدحسین بنی ہے، چوہدری شجاعت صاحب نے بحیثیت وزیر اعظم بنائی تھی، اس میں تمام صوبوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دلاور عباس کی قیادت میں

ایک سینیٹ کی کمیٹی نے بھی تمام تجاویز پیش کی ہیں۔ امید ہے ان پر عملدرآمد ہوگا اور اس سے کافی حد تک شکایات کا ازالہ ہوجائے گا اور جو جذبہ ممبر صاحب رکھتے ہیں چونکہ اس صوبے سے میرا بھی تعلق ہے یہی ہم سب کے جذبات ہیں۔ ہم سب کی کوشش ہے کہ اللہ کرے کہ کوئی حل نکل آئے اور ان کا ازالہ ہو جائے۔ ان رپورٹس کی روشنی میں انشاء اللہ میرے خیال میں کوئی ازالہ ہو جائے گا۔

Mr. Chairman: I will go back to the first question.

نیازی صاحب آگئے ہیں۔ سوال نمبر ۳۱۱ پر کاکڑ صاحب کا ضمنی سوال تھا۔سوال نمبر ۳۱۱۔ کاکڑ صاحب۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ :میں دوبارہ اپنا ضمنی سوال دہراتا ہوں تاکہ وزیر صاحب سن لیں۔ میرا ضمنی سوال یہ تھا کہ حکومت کی جانب سے جو statement دی گئی ہے کہ compensation paid to the heirs of the said person in Azad Jammu and Kashmir, number of deads جو ہیں 14616 ہیں اور number of compensation paid in million تو اس کے حساب سے یہ ایک لاکھ یا چودہ ہزار ' یا ایک لاکھ چودہ ہزار ' یا ایک لاکھ per head' دونوں صورتوں میں ' میں اس کو چیلنج کرتا ہوں۔ اگر یہ اس ہاؤس کے فلور پر wrong submit ہوئی ہے بدنیتی سے اس ہاؤس کو گمراہ کرنے کے لیے تو پھر جناب چیئرمین! میں آپ سے رولنگ کا متمنی ہوں کہ کیا وہ منسٹر یا وہ منسٹری اہل ہے کہ پھر اس کی انٹری اس ہاؤس میں ہو یا اس کو replace کرنا چاہیے؟

(Interruption)

جناب چیئرمین ، میرا خیال ہے بدنیتی نہیں ہے ۔ ایک ڈار صاحب نے clarification کر دی ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ : میرے پاس proof ہے جو سرکاری لوگوں کا ہے-----

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی(وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین!

پہلی بات یہ ہے کہ یہ جہاں تک entry ban کی بات کرتے ہیں .they can't do it

جناب چیئرمین: میرے خیال سے آپ سوال کا جواب دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے انہوں نے جذبات میں کہہ دیا ہے - ..Let us not

آپ سوال کا جواب دے دیں ---- جواب سن لیں - جواب سن لیں -

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Mr. Chairman, sir, he can bring a question of breach of privilege that statement of a Minister is wrong. He will have to prove it with the Committee when it is referred to. One thing.

جہاں تک اس سوال کے جواب کا تعلق ہے تو یہ correct ہے - چودہ ہزار چھ سو سولہ

افراد کو اس کے حوالے سے 1461.6 million rupees have been given as a

1616 million کے حوالے سے compensation. In Frontier Province 16160

compensation اور ٹوٹل تیس ہزار سات سو چھتر افراد کو rupees have been given

دی گئی ہے اوراس میں تین ہزار ستر 6 million rupees have been given and

کو جو injured ہوئی ہے compensation اس میں چھ سو اکسٹھ آزاد جموں کشمیر کے افراد

کو اور وہ 15.420 million rupees have been given to the Frontier Province

کے 3283 افراد injured ہوئے تھے - 78.830 million rupees have been given.Total

94.25 million rupees have been Houses اور persons who were injured 3944

دیا basic compensation کے لیے جو پچیس ہزار کے حوالے سے ہے اور دوسرا جو given.

جائے گا یا reconstruction of a house اس کی division ہے، تقسیم ہے۔

First preliminary aid was given to the persons was 25 thousand and the costs which have been assessed and the money which will be given to each house will be 150 thousand rupees and if the same thing is constructed as the model has been given then 25 thousands more will be

given to that person.

یہ ساری صورت حال ہے اور آزاد جموں کشمیر میں جو مکانات گرے ہیں ان کی تعداد 85967 ہے اور Frontier Province میں جو گرے ہیں، جو assessed ہیں ان کی تعداد 38125 ہے۔ اس کے حوالے سے جو رقم بنتی ہے وہ 2149.18 million جو آزاد جموں کشمیر کی ہے Frontier Province کے لیے 953.125 million بنتا ہے۔ Total ایک لاکھ چوبیس ہزار بیانوے houses were damaged اور اس میں جو رقم دینی ہے 3102.31 million ہے۔ یہ ساری معلومات ہیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ: جناب میری گزارش سن لیں۔ یہ میرا ضمنی سوال ہے۔ میں ذرا سمجھنا چاہ رہا تھا اگر آپ کی اجازت ہو۔

جناب چیئرمین: آپ نے جو point raise کیا تھا وہ انہوں نے بتا دیا ہے۔ دو suplementaries ایک وقت میں نہیں لیتے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ: میں ذرا بات سمجھنا چاہ رہا تھا۔ جناب عالی! ہم ذرا mathematics میں کمزور رہے ہیں throughout، میری statement پر اگر ruling فرما دیں کہ اگر Standing Committee کو refer کیا جائے تو مجھے وہاں پیش ہونے کا موقع دیا جائے۔ میں نام بتاؤں گا، location بتاؤں گا۔ تین ہزار روپے چار بندوں کو ساڑھے سات سو روپے سکہ رائج الوقت کے حساب سے فی dead body تقسیم ہوئے ہیں اور Admin. Officer کے گھر سے چار جنازے نکلے ہیں۔ ان کو lumpsum میں پانچ ہزار، آزاد کشمیر ریڈیو سٹیشن کے permanent employees ہیں، ان کو pay ہوئے ہیں۔ اگر میری statement غلط نکلتی ہے، میں اس کی پوری responsibility لیتا ہوں اور میں پھر گزارش کروں گا کہ جو اس کمیٹی کی finding ہوگی یا جو Chair کی طرف سے ruling ہوگی اس پر ہم سر تسلیم خم کریں گے لیکن خدا کے لیے اس ہاؤس کو گمراہ نہ کیا جائے۔ شکریہ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! معزز رکن اس پر ناراض ہو جائیں گے۔ کفن کے پیسے وہ علیحدہ چیز تھی اس وقت کے تقاضے سے۔ یہ جو basic ہیں انہیں

assistance دی جاتی ہے یا جو assessed ہے اور جو پیسے distribute ہو چکے ہیں اور معزز رکن کو یہ پتا ہونا چاہیے کہ وہ چیز اور اس میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ وہ اور چیز ہے یہ کفن کی چیز ہے۔ کفن کو ادھر لے آتے ہیں ان کو پوری معلومات ہیں نہیں اور کہتے یہ ہیں کہ وزیر صاحب کے خلاف یہ جاتا ہے۔ ساری چیزیں اور یہ مزاج پر گراں ہوگا اور محسوس کریں گے کہ پہلے سوچیں تو سہی کہ what they are asking, what they are saying? کہ کفن کے پیسوں کو ان سے proportionate کر رہے ہیں یا اس سے ملا رہے ہیں۔ For God's sake they should not do these things. He should have thought it. That is not assistance which is to be given. جو سوچا ایک سکیم کے تحت ہے۔

(مداخلت)

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: No, not at all.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، اگر نہیں ہے تو اس کو ایک لاکھ روپیہ اور بھجوا دیا جائے۔ ایک لاکھ بارہ ہزار دو سو پچاس روپے اور دے دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، وہ ضرور ملے گا۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، مجھے یقین ہے خان صاحب اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے ہیں لیکن ان کو briefing صحیح نہیں ملی ہے۔

جناب چیئرمین، جی حمید اللہ صاحب۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، جناب چیئرمین صاحب شکریہ۔ میرا جناب اس میں ایک supplementary یہ تھا کہ میرے خیال سے یا تو یہ calculation accurate نہیں ہے۔ اگر ہم death میں دیکھیں تو Frontier کی تعداد زیادہ ہے as compared to AJK as well as injurred میں بھی، ان کی تعداد زیادہ ہے as Compared to AJK. Whereas houses کا بہت زیادہ فرق ہے آزاد کشمیر اور NWFP کا تو کیا وزیر صاحب یہ بتانا پسند کریں گے کہ کوئی calculation error ہے یا کیا ہے کیونکہ آزاد کشمیر کے injured 661 بتائے گئے ہیں جبکہ 60 helicopters وہاں دن رات لوگوں کو evacuate کرنے میں لگے رہے

ہیں اور وہاں سے لاہور، کراچی، پشاور، اسلام آباد یہاں تک کہ بیرون ملک کے ہسپتالوں میں انہیں علاج کے لیے لایا گیا ہے تو یہ calculation کچھ ٹھیک نہیں لگتی۔ اس کے علاوہ جو compartively injured and dead losses کے ہیں، یہ صوبہ سرحد کے زیادہ نظر آ رہے ہیں لیکن houses damaged وہ اس کے کم ہیں تو کھلے میدان میں تو وہ مرنے سے رہے obviously collapse سے یہ مرے ہوں گے تو I think the Minister needs to check his calculation of figures.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، میں معزز رکن کا جواب دیتا ہوں مجھے اس کا پتا ہے actually the compensation paid to the persons has been given in the answer. It is not the numbers. Number of casualties میرے پاس ہیں ۔ معزز رکن محسوس یہ کر رہے ہیں کہ casualties تعداد میں زیادہ تھیں، واقعی اس مین کوئی شک و شبہ نہیں کہ صوبہ سرحد میں total dead 29307, armed forces جو آزاد کشمیر میں تھے وہ 456 تھے، injured 766 تھے اسی طرح صوبہ سرحد میں seriously injured 37372 تھے، اور 29307 dead تھے اور آزادکشمیر میں dead 43000 تھے۔ سوال یہ ہے کہ آج تک کتنے لوگوں کو compensation ملی ہے۔ جن کو پیسہ مل چکا ہے ان کی تعداد یہاں درج ہے اس لیے ان کو فرق محسوس ہو رہا ہے کہ تعداد زیادہ تھی compensation کم ملی ہے۔ یہ on going process ہے، compensation دی جا رہی ہے جن کو مل چکی ہے وہ اس جواب میں لکھ دیا گیا ہے کہ اتنے لوگوں کو اتنا پیسہ مل چکا ہے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب والا! اصل issue یہ ہے کہ حکومت ایک تو admit کر رہی ہے کہ number of deceased 73331 ہیں۔ بعد میں حکومت کی figure 78000 بھی ٹیلی ویژن پر دکھائی گئی بہرحال whether it is 73000 or 78000, my first question is that families of deceased need immediate help. Twenty billion حکومت نے announce کیا، کل اس کو 80 billion کر دیا now we must also resort to the speedy disbursements. یہاں حال یہ ہے کہ 30776 آدمی جو deceased تھے ان کو ایک

لاکھ روپے کے حساب سے صرف تین بلین روپے ابھی تک disburse ہوئے ہیں۔
Secondly sir injured کا جو total number ہے وہ 128288 ہے۔ Injured
identified ہیں مگر ہو سکتا ہے کہ deceased کے لواحقین ابھی تک نہ آئے ہوں اس لیے
پیسے نہیں ملے لیکن injured are in hospitals ان کے پاس فہرستیں موجود ہیں اور اس میں
look at the number 128288, actual ابھی تک ڈیڑھ مہینہ گزر گیا ہے اور اس حکومت نے
3944 لوگوں کو جو injured ہیں compensation دی ہے۔ This is the second part of
this thing. بات یہ ہے کہ حکومت ہمیں بتائے کہ جو deceased and injured لوگ ہیں ان
کے متعلق حکومت کا کیا پروگرام ہے، کیا time frame ہے، کتنے time میں compensation
دیں گے۔ Twenty billion تھا اس میں سے ابھی تک 3.1 بلین disburse ہوا ہے، سترہ بلین
اس میں سے بچا ہوا ہے، 60 بلین کی انہوں نے کل announcement کی ہے جو پریس میں آیا
ہے کہ twenty billion is being increased to 80 billion تو میری گزارش یہ ہے کہ اس
کو اس طرح کوئی battle نہ بنائیں basically what my colleagues from the
Opposition benches are trying to understand کہ اتنی بڑی تعداد ہے اور ابھی تک
ہم ان تک نہیں پہنچ سکے 128288 are injured and actually ابھی تک 3944 کو
compensation دی جا سکی ہے تو یہ وزیر صاحب فرما دیں کہ ان کا کیا پروگرام ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! معزز رکن کے سوال میں بڑا وزن ہے۔ ان
کا کہنا یہ ہے کہ جن لوگوں کو financial assistance ملی ہے ان کی تعداد بہت کم ہے اور it
should be expedited as early as possible اصل میں یہ process چل رہا ہے۔ Local
Government بھی اس میں involve کی ہے۔ جہاں تک Frontier کی بات ہے اور اس میں
Provincial Government بھی ہے اور Data Base NADRA کے ساتھ مل کر کیا جا رہا
ہے۔ اس کی absolute authentication کے بعد the money is being delivered. لہذا
اس میں یہ slow process کو ختم کرنے کے لیے اس کو expedite کرنے کے لیے ان کا کہنا
بجا ہے۔ I will ask the Relief Commission that it should be expedited as

it should be done as quickly as ان کی یہ بات بجی ہے کہ early as possible. possible لیکن ایک طریقہ کار ہے' criterion laid down ہوا ہے' اس کے through گزار کر تاکہ کل یہ نہ ہو کہ جو لے جائیں وہ ہوں نہیں اور لے اور جائیں جن کی casualties ہوئی ہیں' جو injured ہوئے ہیں' ان کے heirs کو ملے نہیں اور دوسروں کو مل جائیں۔ لہذا safety measures لینے کے لیے یہی طریقہ ہے کہ transparency ہو تاکہ جن کا حق ہے ان کو حق ملنا چاہیے لیکن جلدی ملنا چاہیے۔ اس کے حوالے سے میں relief کا جو ہمارا cell ہے Cabinet Division میں' I will ask them to expedite as early as possible.

جناب چیئرمین، جی سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، جناب چیئرمین! جو ڈار صاحب کا سوال تھا' اس کو میں پھر supplement کرتا ہوں اور وزیر موصوف جو اتنے اچھے Parliamentarian ہیں' ان کے بغیر تو ہمارا پورا ہال خالی نظر آتا ہے' ان سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ تھوڑا سا pain feel کریں' it is an Upper House, get yourself prepared whenever you come over here and answer it the way it is questioned. اصل بات یہ ہے کہ جتنی انہوں نے اموات بتائی ہیں' یہ ساری جتنی بھی figures ہیں' یہ bogus ہیں۔ کسی نے گھر میں بیٹھ کر لکھ کر ان کو دے دی ہیں۔ صورتحال یہ نہیں ہے۔ اس سے زیادہ تو صرف میرے ڈسٹرکٹ مانسہرہ میں اموات ہوئی ہیں۔ اس سے زیادہ تو وہاں compensation دیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ وہاں پر مکانات گرے ہیں۔ اصل میں یہ ہے کہ Federal Government کا ایک طریقہ کار ہے' ان کو کم از کم پتا ہونا چاہیے کہ Federal Government جو money release کرتی ہے وہ provincial Government کو کرتی ہے۔ Provincial Government کی جو اپنی hierarchy ہے اس میں' ان کا جو اپنا infrastructure ہے' اس میں پٹواری' تحصیلدار وہاں پر جا کر باقاعدہ آدمی کے لوگوں کی موجودگی میں وہ دیکھ کر پھر compensation دیتے ہیں۔ اب اس کا جواب مختلف طور پر ہونا چاہیے تھا جو انہوں نے نہیں دیا' اب یہ ضمنی سوال بالکل الگ ہوجائے گا۔ میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جتنے figures یہاں دیے گئے ہیں وہ bogus ہیں' کسی

کے اپنے ذہن کی اختراع ہے' اس سے حقیقت کا قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ خدارا کم از کم ایوان بالا کو بدنام نہ کریں۔ یہاں پر جواب دیں تو اپنی غلطیوں کا اعتراف کرکے اسی حساب سے جواب دیا کریں جو حقیقت پر مبنی ہو۔

جناب چیئرمین، سواتی صاحب! میرا جو اندازہ ہے' جب یہ جواب تیار ہوا ہے تو اس میں کچھ دن لگتے ہیں یہاں آنے میں' print ہونے میں۔ لہذا اس date پر ہوگا۔ میرا خیال ہے کہ اس سوال کو defer کر دیتے ہیں next time کے لیے یا نیازی صاحب اگر چاہیں تو کل ہاؤس میں اس کا updated figure دے سکتے ہیں تو کل دے دیں یا اس سوال کو defer کر دیتے ہیں کیونکہ جب یہ جواب تیار کیا جاتا ہے تو اس دن کے حساب سے figures ہوں گے۔

میرے خیال میں اب تین سوال ہوگئے ہیں' I would love to but I can't violate now. ایک کو موقع دوں گا تو پھر سب مانگیں گے۔ نیازی صاحب کل آپ updated figures دے دیں گے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ، میں انشاء اللہ کوشش کروں گا۔

جناب چیئرمین، جی وزیر صحت صاحب۔

Mr. Muhammad Nasir Khan (Federal Minister for Health): Mr. Chairman, I just wanted to answer the question asked by the honourable Senator Ishaq Dar. I think what happened, what he has said is partially true. It is also a fact that the Prime Minister and myself, two weeks ago exactly, went to NWFP and also to Azad Kashmir and the Prime Minister was also distributing this fund. We were categorically told, exactly about two and a half weeks ago, that all the Federal amounts were released to the Provincial Government. So, the money is with the Provincial Government but the outlay has been extremely slow as you have pointed out and this is exactly what we pointed out to Mr. Durrani,

the Chief Minister, NWFP that this must be speeded up and they said well we have to ascertain the data and everything else, the bureaucratic things. You must move quickly because the affected people need the money and the money is with them. The same thing which we did exactly and after that we flew to Azad Kashmir, Muzaffarabad. The President and the Prime Minister were there and this is again what happened there. They were all slow. So, the honourable Senator is absolutely right, the army, the bureaucracy, the Local Government, we said use the Local *Nazims* so that the ascertainment is taken quickly and the money is released to them as soon as possible and that is the key and that is what we are doing. The Federal Government has given the money to them and it is primarily their job now to speed up and pay the money. So, you are right but the Prime Minister is following in that and after that we are getting a report every week now.

Mr. Chairman: We will get an update on this.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! ایک بات اور ہے کہ the major objection of the Opposition is for the transparency. اب یہی بات ہے اور اس میں ہمارے Health Minister صاحب نے بھی یہی بات کی ہے، میں نے بھی یہی کی ہے۔ ان کا point out کرنا بھی یہی تھا۔ جناب حافظ صاحب کی بات مجھے سمجھ نہیں آئی کہ ان کے پاس کون سے بیورو کے figures آگئے ہیں اور یہ ساری صورتحال ہے۔

جناب چیئرمین، نہیں جو پریس میں figures آئے ہیں وہ ان کی بات کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، مجھے ان کی سمجھ نہیں آئی اور آپ کا یہ فرمانا---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، سن لیں وہ کیا کہہ رہے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جہاں تک بات یہ ہے کہ آپ کا کہنا بجا ہے کہ up date.....

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! انہوں نے ڈونر کانفرس میں figure دو لاکھ دیے ہیں یا وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، اس میں جو جانی نقصان ہوا ہے اس کی بات ہو رہی ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، جناب والا! میں وزیر موصوف کو کم از کم مانسہرہ ڈسٹرکٹ کے نئے اعداد و شمار ان کی request کے اوپر دے دوں گا۔ یہ اخبارات کی بات نہیں ہے ہم on ground کام کر رہے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ کتنے injured ہیں، کتنی ابھی تک اموات certain ہوئی ہیں، کتنے houses گرے ہیں، کتنا damage ہوا ہے لیکن پھر ان کو resign دینا پڑے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کام ان کا اور کروں گا میں۔

جناب چیئرمین، نہیں، نہیں یہ up date کر رہے ہیں آپ بھی بے شک figure دے دیں۔

Senator Dr. Muhammad Said: Sir, the brochure that was distributed to the delegates in the Donors Conference, it is clearly stated on the page 7 that the total houses damaged in Azad Kashmir and N.W.F.P. are 4,00,152 while in the answer given have the figures 1,24,092. There is a vast difference between the two figures. How do you reconcile these figures?

(اس مرحلے پر اذان مغرب سنائی دی)

Mr. Chairman: Let me just close this question and then we will adjourn for prayer.

اس میں دیکھیں lives کا سوال ہے، گھروں کا جدا issue ہے۔ وہ آپ نے پوچھنا ہے تو جدا سوال دے دیں۔ اس کا updated version کل اگر یہ دے دیں گے نہیں تو ہم اس کو pending رکھ لیں گے اور گھروں کی جو بات ہے، it requires different statistics, اگر آپ سوال دے دیں تو پھر اس کا جواب اسی طرح دے دیں گے۔

We will adjourn now for the Maghrib prayers and reconvene at 5.30 p.m.

(The House was then adjourned for Maghrib prayer.)

(وقفہ کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین جناب محمد میاں سومرو شروع ہوئی۔)

جناب چیئرمین ، السلام علیکم ۔ We will continue with the question hour. Question No.26, Mr. Farhat Ullah Baber, anyone on his behalf. Dr. Riar you want to take it on his behalf. Answer taken as read.

†26. ***Mr. Farhat Ullah Babar:** (Notice received on 24-09-05 at 1.00 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to refer to the Senate unstarred question No. 52 answered on 15-09-05 and state:

(a) the Pricing Mechanism adopted by the Oil Companies Advisory Committee for managing the Inland Freight Margin to the oil marketing companies during the period January to December 2004; and

(b) the Inland Freight Margin Allowed to each oil Marketing company (OMC) during January to June and July to December 2004?

Mr. Amanullah Khan Jadoon: (a) The Inland Freight Equalization Margin is an integral component of the final price of POL products, through which prices are maintained at an equalized level across the country, IFEM is managed by the Oil Industry.

(b) Inland Freight Margin per litre allowed to Oil Marketing Companies (OMC) for the period January—June 2004 and July—December 2004 is given in annexure-1.

Inland Freight Margin allowed to Oil Marketing Companies (OMCs)

Period : January-June 2004 (Rs./Litre)

Fortnight/Period	Petrol (MS)	HOBC	Kerosene	High Speed Diesel	Light Diesel Oil. (LDO)
January 2004	1.59	2.51	1.30	1.48	1.75
February 2004	1.59	2.51	1.30	1.48	1.75
Mar 1-15/2004	1.31	2.20	1.14	1.26	1.54

Mar 16-31/2004	0.94	2.05	1.03	1.22	1.54
Apr 1-15/2004	0.85	1.59	0.60	1.12	1.39
Apr 16-30/2004	1.06	2.00	1.18	1.23	1.55
May 1-15/2004	1.64	2.52	0.56	1.33	1.64
May 16-31/2004	2.01	3.69	1.29	1.51	1.63
Jun 1-15/2004	2.15	3.91	1.42	1.63	1.56
Jun 16-30/2004	2.15	3.91	1.42	1.63	1.56

Period :	July-December 2004			(Rs./Litre)	
Jul 1-15/2004	2.01	3.73	1.38	1.56	1.57
Jul 16-31/2004	1.99	3.71	1.42	1.65	1.52
Aug 1-15/2004	1.99	3.71	1.05	1.24	0.33
Aug 16-31/2004	8.40	10.93	-	-	0.13
Sep 1-15/2004	8.40	10.93	-	-	0.13
Sep 16-30/2004	8.70	11.24	-	-	0.13
October, 2004	8.70	11.24	-	-	0.13
November, 2004	8.70	11.24	-	-	0.13
Dec 1-15/2004	8.70	11.24	-	-	0.13
Dec 16-31/2004	9.70	12.24	0.70	0 12	0.53

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، چیئرمین صاحب! آپ کے توسط سے یہ پوچھنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین، وزیر صاحب ذرا آ جائیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، وزیر صاحب پھر نہیں آئے۔

جناب چیئرمین، مینگل صاحب نہیں ہیں؛ میرا خیال ہے Q. No.31 لے لیتے ہیں اگر وہ آ گئے تو ٹھیک ہے ورنہ we will defer it. Baber Sahib, unless you want

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ ایک سال کی لگاتار کوشش کے بعد اس سوال کا جواب آیا ہے۔ میں اس جواب کی روشنی میں اس House کے اندر یہ ثابت کرنے کی کوشش کرونگا کہ تیل کی قیمتوں کی fixation میں جو گھپلا ہوا ہے، وہ اس century کے پہلے dacade کا سب سے بڑا گھپلا ہے۔ اس لیے میری گزارش یہ ہو گی کہ وزیرموصوف کو تکلیف دی جائے کہ وہ آ جائیں کیونکہ انہی facts and figures سے میں آپ کو آج ثابت کرونگا۔

جناب چیئرمین، اگر وہ available ہیں ہم ضرور ـــــ راجہ صاحب ذرا آفس کو contact کریں اور دیکھیں اگر منسٹر صاحب آئے ہیں۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! مینگل صاحب اس کمیٹی کی میٹنگ میں جا رہے تھے۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، جناب چیئرمین صاحب! اوپر گیلری میں boycott ہوا ہے۔

The reason of the problem is that today there was news story by an investigative journalist. It was for kidnapping of girls from Gujar Khan by Mir pur Police of Azad Kashmir in violation of the normal procedures which are traditionally adopted between provinces or between AJK and Punjab. It happens to be that Mir Pur Khas Police in retaliation of this fine investigative story by a notable journalist Rauf Klasra. They have registered an FIR against the two journalists who were investigating this story.

Mr. Chairman: Who is the other journalist?

Senator Dr. Abdullah Riar: Other Reporter is from "The Dawn", I believe, he is Mir pur local reporter and Rauf Klasra and they have boycotted the proceedings. So, I would request the Minister of Interior or concerned Minister of Information that someone from the Government side to take notice of that and then try to look at the matter.

جناب چیئرمین، آغا صاحب اور انیسہ زیب صاحبہ جائیں اور ان سے بات چیت کریں۔

I think Sher Afgan Sahib, they will take it up with the ..

ایک آواز، جناب میرپور خاص سندھ ہے؟

جناب چیئرمین، نہیں میرپور آزاد کشمیر کی بات کر رہے ہیں۔ میرپور خاص نہیں---

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، نہیں، میرپور اے جے کے۔

جناب چیئرمین، میرپو، میرپور۔ نیازی صاحب! آپ مہربانی کرکے وزارت داخلہ کو بھی بتائیں کہ کل اس پر وزیر صاحب، ہاؤس میں رپورٹ پیش کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، ٹھیک ہے جی۔

Mr. Chairman: It is up to you. Now we have asked the office to contact the Minister.

before we close or you want to discuss it. اگر آپ چاہتے ہیں کہ جب وہ آ جائیں

Senator Farhatullah Babar: Mr. Chairman, sir, that is entirely up to you. I would request that the honourable Minister for Petroleum should be asked to come

اگر وہ نہیں آ سکتے-----

Mr. Chairman: I don't know. If he has gone for a meeting or where, we are trying to contact his office.

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! پھر اس کو defer کریں گے جی؟

جناب چیئرمین، آپ کا سوال ہے۔ اگر defer کرنا چاہیں, it is fine with me,

discuss کرنا چاہیں it is fine with me.

(Interruption)

جناب چیئرمین، Question Hour تک اگر وزیر صاحب آ گئے ۔ نہیں، تو پھر اگر

آپ discuss کرنا چاہیں تو وہ بھی کر لیں گے، defer کرنا چاہیں تو we will do that.

ابھی تو یہ ہے کہ .... we will wait for the Minister, when he comes back

ایک معزز رکن، وزیر صاحب کو message convey کر دیں تا کہ وہ آ جائیں۔

Mr. Chairman: Riar Sahib, we will take up the next question then, No.31, Mr. Ilyas Ahmed Bilour. Reply not received.

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! یہ وزیر صاحب سے پوچھا گیا ہے کہ 35

thermal projects یعنی میں کیا لفظ استعمال کروں-------

جناب چیئرمین، اگر منسٹر جواب دینا چاہتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے ورنہ -----

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب! میں یہی تو پوچھ رہا ہوں۔ کیا یہ تھرمل پاور گیس اور کوئلے وغیرہ سے مہنگے پڑ رہے ہیں اور حکومت کا یہ ارادہ ہے کہ اباسین اور سوات میں چالیس ہزار میگاواٹ ہائیڈل پاور کی گنجائش ہے، کیا اس لیے وہ ان پروجیکٹس کو بالائے طاق رکھ رہے ہیں کہ hydel powers بنائے جائیں گے یا محض ان کی کوتاہی کی وجہ سے اس سوال کا جواب ابھی تک نہیں آیا؟

Mr. Liaquat Ali Jatoi: I will be ready to reply to his question. Let me tell you sir that we have been travelling and we were not in Islamabad, so the question has not been answered. I am ready, I mean I am just satisfying my honourable members.

سب سے پہلے تو میں یہ بتاؤں کہ یہ projects delay ہوئے ہیں گیس کی non-availability کی وجہ سے، ہم نے dual power لکھا ہوا ہے Furnace and gas اور میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں جناب چیئرمین! کہ ہمارے تین projects جو ہیں Uoch Power II Faisalabad and Lahore, International bidding ہم نے کی، roads show کیے، اس میں international players they have participated first time in the history of Pakistan like Globic, International Power, Mitsubishi, Sumi Demo, Baroban Ayis from United States, Immar Alborair. دو power projects جو dual fire پہ ہیں اس کی ground breaking ceremony ہو رہی ہے after 12 years. One is going to be in Baloki and another is going to be in Dehrki Jarwat. ایک انگریز والوں کا ہے، ایک ستار کورین یہ بھی دوسو میگاواٹ ہے ایک 120 میگاواٹ کا دوسرا project جس کی ground breaking ceremony 29th of this month is going to be at Baloki and 9th December is going to be at Jarwat, Dehrki میں۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان میں پہلی دفعہ جناب چیئرمین صاحب! raw hydel sites ہم نے private

sector میں introduce کیں۔ ہم road show پر لے گئے تھے ان ساتوں کو۔ چار کی bank
guarantee ہمیں مل گئی ہے۔ تین hydel کی اس لیے نہیں مل سکی کہ وہاں earthquake
area ہے' affected area ہے access نہیں ہے۔ AES والے feasibility بنا رہے ہیں اور
وہ تھرکول کی جگہ پر feasibility بنے گی تو ہم coal generation میں بھی جا رہے ہیں۔ فیضے
والوں کو اب ہم نے LOI issue کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتاتا چلوں کہ تین fast
track projects کے لیے gas available ہے ۔ We are going to go ahead with
that in a private sector *'Insha Allah'* so that we can meet the urging
demand of power in Pakistan. پھر اس کے ساتھ میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ پہلی
دفعہ PPIB جو یہ LOI issue کرتا ہے اس میں private sector کو زیادہ نمائندگی دی ہے۔
ایک independent board ہے جو یہ فیصلے کرتا ہے independently on their own and
I assure my honourable members that we will be, on a time on a schedule
for these bidding. Gas was not available. This is fact. I do not want to
hide anything from you. We are trying to import this gas from Qatar. LNG
کی بھی کوشش ہو رہی ہے اپنی جگہ پر ۔ Whatsoever the gas is allocated to the
Ministry of Water and Power and through Ministry of Water and Power
to PPIB. ہم اسی کو utilize کر رہے ہیں اور اسی گیس کی allocation transparent
manner سے bidding کر کے ہم دے رہے ہیں اور جو present IPPs ہیں ہمارے' ان میں
چار IPPs expansion میں جا رہے ہیں۔ تو overall ایک اچھی بات ہے کہ ہم hydel میں بھی جا
رہے ہیں' dual fire میں بھی جا رہے ہیں' جس میں furnace بھی ہے Gas will be
available for 10 months. جن دو مہینوں میں گیس نہیں ہو گی ان کو ہم furnace oil پر
چلائیں گے ۔ Let me share this news with the members of upper House which
is very honourable House. Today sir, in Pakistan, we have 1100 mega
watt surplus power. When I took over as a Minister of Water and Power
ساڑھے نو دس ہزار میگاواٹ electricity ہوتی تھی ۔ Now we have reached 1300 mega

watts by improving the performance, by not shutting down all plants

together. IPPs کو confidence میں لیا ہے، ان سے meeting کی ہے، interaction کیا

ہے تاکہ یہاں پر load shedding نہ ہو، کوشش یہی ہے کہ surplus power رہے۔ So,

overall effort is this. Thank you very much.

Mr. Chairman: We go on to the next question. This is by Dr. Muhammad Ismail Buledi. Answer taken as read.

77. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 23-09-05 at 1.15 p.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state the number of persons appointed in WAPDA since 2002 with province-wise break-up?

Mr. Liaquat Ali Jatoi: The number of persons appointed in WAPDA since 2002 with province-wise break-up as per under:—

Punjab	—	15694
Sindh	—	1677
NWFP	—	1338
Balochistan	—	765
AJK	—	66
FATA	—	134
Northern Areas	—	12
	Total:	19686

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب میں نے وزیر صاحب سے یہ پوچھا تھا کہ 2000 سے واپڈا میں بھرتی ہونے والے افراد کی صوبہ وارتفصیل بیان کی جائے۔

جناب! واپڈا ایک اہم ادارہ ہے اور یہ جو figures وزیر صاحب نے دیے ہیں کہ پنجاب سے 15694 ' سندھ سے 1677 اور این ڈبلیو ایف پی سے 1338 بلوچستان سے only 765 اور FATA 134, اور AJK 66. شمالی علاقہ جات سے 12- جناب! یہ figures آپ دیکھ لیں۔ یہ figures وزیر صاحب نے دیے ہیں۔ اول تو یہ جو بھرتی کا طریقہ کار ہے ' وہ جو انٹرویو وغیرہ کرتے ہیں' ہمارے علاقے میں جہاں سے ہم belong کرتے ہیں مکران' گوادر' تربت'پنجگور جو backward علاقے ہیں وہاں جب آپ کا سٹاف انٹرویو کرتا ہے' ایک کلرک جو کہ چھ گریڈ کا یا آٹھ گریڈ کا ہوتا ہے اس کو آپ کوئٹہ اور کراچی سے وہاں بھیج دیتے ہیں جبکہ وہاں ان کا رہنا سہنا بھی مشکل ہے لیکن یہ ناانصافی ہے' وہ کہتے ہیں کہ میرٹ پر نہیں آتا ہے۔ اس بدبخت کلرک کا کیا میرٹ ہے اور وہ کیا کرے' یہ ہمارے لیے مصیبت ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ زیادہ تر بجلی پیدا ہوتی ہے سرحد سے۔ سرحد کو آپ دیکھ لیں وہاں کے 1338 اور پنجاب کے 15000۔ ایک' دو سال کے درمیان آپ نے زیادہ پنجاب سے لیے ہیں اور یہ جو چھوٹے صوبے ہیں بلوچستان' سندھ' فرنٹیر' ان کا کیا قصور ہے؟ ان کو کس طریقے سے آپ نے بھرتی کیا ہے' کوئٹے کے حوالے سے بھرتی ہوئی ہے یا اور کوئی طریقہ کار ہے؟ ہر وقت ہمارا رونا یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کے کسی بھی محکمے کو آپ دیکھیں صوبہ بلوچستان کے لیے کوئی ملازمت نہیں ہے' لوگ رو رہے ہیں' چلا رہے ہیں تو ہمارے ساتھ یہ ظلم اور زیادتی ہے 'اس کو آپ کس طرح پورا کریں گے۔

جناب لیاقت علی جتوئی، جناب چیئرمین ! میں بہت ہی عزت اور احترام کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ کوٹا کا ایک سسٹم اپنی جگہ ہے اس پر میں بعد میں آؤں گا لیکن سب سے پہلے میں یہ کہوں گا کہ ایک پارلیمانی کمیٹی ہے to look into the affairs of Balochistan وہ اس سلسلے میں ساری چھان بین کر رہی ہے' اس میں recruitment بھی ہے اور

بھی ہیں کہ کون سے procedures سے ہم یہ appointments کرتے ہیں اور procedures
ان کا حق بنتا ہے کہ یہ پوچھیں of course, Senate has the representation from all
the four provinces and we are brothers. Pakistan is a federation, we live
together, work together. اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ اس پارلیمانی کمیٹی
میں یہ سارے issues discuss بھی ہو رہے ہیں اور اس کی جو بھی رپورٹ آئے گی تو ہم اس
کی implementation کے لیے باقاعدہ پابند ہوں گے۔ میں ذرا تھوڑا سا quota پڑھ دیتا ہوں
تاکہ معزز اراکین کو کچھ سمجھ آ جائے۔ پنجاب کا جو 50% quota ہے اس میں وہ plus ہیں
انہوں نے کچھ زیادہ vacancies بھری ہوئی ہیں، سندھ میں کم بھری گئی ہیں، صوبہ سرحد میں
بھی کم بھری گئی ہیں لیکن بلوچستان کا جو کوٹا بنتا ہے 3.5 % اس میں 76 vacancies زیادہ
بھری گئی ہیں this is what the figures are available with me sir.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب والا! ہمارا کوٹہ 3.5 per cent نہیں ہے بلکہ
5.5 per cent ہے یہ پارلیمانی کمیٹی نے decide کیا ہے تو پارلیمانی کمیٹی کی رپورٹ کی
implementation کب کریں گے۔ یہ وزیر صاحب بتائیں کہ جب تک ہم زندہ ہیں
implementation کریں گے یا ہمارے مرنے کے بعد کریں گے۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ سوال کی wording ذرا صحیح رکھیں۔

(Interruption)

جناب چیئرمین۔بادینی صاحب بلیدی صاحب کے سوال کا جواب سن لیں۔

جناب لیاقت علی جتوئی، جناب والا! میں نے عرض کیا ہے جو Committee
constitute کی گئی ہے اس کی رپورٹ جب آپ کے ہاں سے ہمارے پاس آئے گی then
we will get it implemented, I mean there is no doubt because this is the
Upper House, I don't say کہ وہ نہیں ہوگی لیکن اب تک committee's
recommendation سے پہلے جو میرے پاس figures ہیں وہ میں نے عرض کر دی ہیں ۔
جہاں تک ان کا technical, non-technical issue ہے وہ بھی اپنی جگہ ہے۔ یہ نہیں کہا

جائے گا کہ نہیں ہے، وہ بھی ہے اور یہ جو ایک procedure ہے اس کی بھی میں ایک انکوائری کروا لیتا ہوں تاکہ کم از کم پتا چلے کہ کون quota کے مطابق appointments کر رہا ہے اور کونا کے مطابق کیوں نہیں ہو رہیں let me assure you Mr. Chairman کہ آج ہی میں نے instructions دی ہیں، اور اس کی انکوائری رپورٹ مکمل کر کے آپ کو پیش کر دوں گا۔

جناب چیئرمین: عبداللطیف انصاری ۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری: جناب والا! وزیر صاحب نے خود تسلیم کیا ہے کہ یہاں پر سندھ کی percentage کم ہے۔ میرٹ کے لحاظ سے سندھ کی 24 % appointments ہونی چاہئیں لیکن یہاں پر 16% ہیں۔ وزیر صاحب assure کرائیں کہ جب نئی تقرریاں ہوں گی تو ان میں سندھ کا کوٹا پورا کرنے کے بعد پھر دوسرے صوبوں کی appointments کی جائیں نہ یہ کہ سندھ suffer کرتا رہے۔

Mr. Liaquat Ali Jatoi: Sir, I have utmost respect for Mr. Ansari sir, I have already given him an assurance and given a categorical statement here in the House that we are holding an inquiry and finding it out that why these quotas are not being implemented properly because after all, we are all Pakistanis, we belong to different provinces but it does not make any difference. I assure you sir that we will hold an inquiry and come back to you, whether it is the technical staff which has been recruited or non-technical, what were the problems, what were the reasons and we will get back to you.

Mr. Chairman: Mr. Swati.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! میں نے پہلے بھی اسی ایوان کی وساطت سے اور آپ کی وساطت سے وزراء سے یہ گزارش کی ہے کہ وفاق کی ایک خوبصورتی یہ ہوتی ہے کہ

اسے تمام صوبوں اور مختلف regions کو اکائی کی حیثیت سے آگے لے کر جانا پڑتا ہے۔ کمیٹی اگر میرے بلوچستان کے بھائیوں کی ہے تو میں NWFP کو represent کر رہا ہوں اور وہاں کی کوئی کمیٹی نہیں ہے۔ ہمارے unemployment rate کو آپ دیکھیں اور پھر ایک آئینی اصطلاح ہے ساری دنیا میں اس کو کہتے ہیں affirmative action کہ مثبت action لیا جائے اور ایسے regions اور صوبوں کو جو دوسرے صوبوں سے کسی بھی حالت میں، تعلیم میں، unemployment میں، income میں اگر پیچھے رہ گئے ہیں تو ایک ایسا مثبت عمل پیدا کیا جائے جس کی وجہ سے ان کو برابری کی سطح پر لایا جائے۔ امریکہ میں آپ دیکھ لیں، وہاں کی صورت یہ تھی کہ black بہت زیادہ پیچھے تھے، white بہت زیادہ آگے تھے، اسی affirmative action وجہ سے ان کو parallel لایا جا رہا ہے۔

میری وزیر موصوف سے گزارش ہے کہ جب آپ وفاق کو represent کرتے ہیں تو پھر خدارا آپ کی جو Cabinet ہے اس میں اس کوٹا system کا ایک ایسا just, equitable and candid system مختص کیا جائے جس سے ہمارے صوبے جو پیچھے رہ گئے ہیں وفاق کے دوسرے صوبوں سے کم از کم ان کو برابری کی سطح پر وہ تمام مواقع میسر ہوں۔

جناب چیئرمین، آپ تشریف رکھیں۔ انہوں نے ایک جواب already اسی پر دیا ہے کہ بھئی they will meet the requirement. Do you want to say anything else on this.

Mr. Liaqat Ali Jatoi: Sir, I have been time and again saying that of course we have a federation which consists of four provinces and we have utmost respect for them. If you want, sir, we can have two members from the Opposition and two from the Government whenever they want, I want to hold a meeting and have an inquiry made. They can sit there with us and find it out. I am open as far as this issue is concerned. There should not be any problem.

Mr. Chairman: It is alright. If you offer it, I think we can go ahead. It is a good offer. Yes Raza sahib.

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب! ہم بڑے تلخ ہوجاتے ہیں لیکن اس کی وجوہات ہیں۔ اب دیکھیں جناب! 19 ہزار ملازمتوں میں، پنجاب ہمارا بڑا بھائی ہے، بڑے بھائی کا اگر آدھا حصہ بنتا ہے، 8 یا 8.5 ہزار، اگر وہ دس ہزار لے لیتا تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوتا، 19 ہزار ملازمتوں میں سے 16 ہزار اس نے لے لیں اور یہ غلطی پنجاب ایک بار نہیں ہر بار کرتا ہے۔ کبھی غلطی سے ایسا نہیں ہوا ہے کہ کسی شعبے میں پنجاب کو اپنے کوٹے کے حساب سے کم ملا ہو اور کبھی ایسا نہیں ہوا ہے کہ (xxx) کو، سندھ کو اور بلوچستان کو اپنے حصے سے زیادہ ملا ہو۔ جناب! یہ سیاسی بالادستی کا غماز ہے۔

جناب چیئرمین، جو nomenclature ہے وہی use کیا جائے۔ میرے خیال میں آپ وہی بات دہرا رہے ہیں جو پہلے کہی گئی ہے اور وزیر صاحب نے اس کا جواب دیا ہے۔

سینیٹر رضا محمد رضا، یہ بہت بڑی زیادتی ہے جناب! اس کا ازالہ کیا جائے۔ یہ بات ہر جگہ ہے، ہر بار ہر سوال میں ہے۔ یہ آپ inquiry کریں۔ یہ جو آپ کہتے ہیں کہ کمیٹی بنی تھی تو کمیٹی تو inter-provincial harmony کے لیے بھی تھی۔ یہ کمیٹی صرف بلوچستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف نہیں تھی۔ یہ (xxx) کے ساتھ، سندھ کے ساتھ، تمام چھوٹے صوبوں کے ساتھ کی گئی زیادتیوں کا ازالہ کرنے کے لیے تھی۔ وہ جو ہم کہتے ہیں کہ ہمارے پاس اختیارات نہیں ہیں، سیاسی اختیارات نہیں ہیں۔ جب provincial autonomy نہ ہو جناب! تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi : Mr. Chairman, he is persistently violating and creating a contempt of this august House. This House has been constituted under the Consitution. We have taken oath. Article-1 is very clear. There is no province in Pakistan like (xxx). He has taken his

+ [(xxx) Words expunged by the orders of Mr. Chairman.]

ath under the Constitution and he is persistently......

Mr. Chairman: The Minister has a point, let us use cknowledged nomenclature.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I will humbly submit to you,

میں Chair کو کہوں گا کہ اس حوالے سے ان کے خلاف۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین، جو known nomenclature ہے وہ use کریں۔ تشریف رکھیے

جی حمیداللہ صاحب ۔ All these provocative language should be expunged. رضا

تشریف رکھیے، ان کا point بالکل واضح ہے کہ known nomenclature use کریں۔ Any

ot known nomenclature not acknowledged nomenclature is expunged

automatically. اچھا اب حمیداللہ صاحب کو سنیں۔

سینیٹر حمیداللہ جان آفریدی، شکریہ جناب چیئرمین! وزیر صاحب کو ہم نے سن لیا ہے کہ چاروں صوبوں کے consensus سے، بیٹھ کر کچھ کریں گے لیکن شاید یہ بھول گئے ہیں کہ فاٹا بھی وہاں پر کوئی علاقہ کہلاتا ہے اور دو dams کرم گھڑی اور وارسک فاٹا میں lie کرتے ہیں۔ وارسک ڈیم میں فاٹا کے تقریباً 200 employees میں صرف 20 tribals ہیں جبکہ 180 باہر سے ہیں۔ میری درخواست ان سے یہ ہوگی کہ consensus میں یہ فاٹا کو ضرور include کریں۔ اس کے علاوہ ہمارا جو ایک major issue ہے وہ وارسک ڈیم کی royalty کا ہے جو فاٹا کی demand ہے اور وہ لوگ مانگتے ہیں جو کہ NWFP کو دیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین، وہ اس کے ساتھ related نہیں ہے۔ باقی جو آپ نے پہلا point raise کیا ہے، I am sure they will consider that.

Mr. Liaqat Ali Jatoi: Sir, to keep the record straight, when I said four provinces, Azad Jammu Kashmir and FATA and Northern Areas of course they are......

Mr. Chairman: You have already acknowledged it in the break

up. Yes, Sana Baloch.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، شکریہ۔ جناب چیئرمین! میرے خیال میں لیاقت جتوئی صاحب بڑے مہربان اور محترم وزراء میں سے ہیں اور پہلی دفعہ انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ اگر کہیں کوئی غلطیاں ہوئی ہیں تو ایک کمیٹی حکومت کی side سے اور Opposition کی side سے constitute کی جائے۔ Constitution کا Article 27 violate ہوا ہے جس میں safeguard against discrimination in services کا ذکر آتا ہے۔ میرے خیال میں جناب! ان کی اپنی سفارش ہے، اگر آپ یہ کمیٹی بنالیں۔

جناب چیئرمین: میں دونوں Leader of the House and Leader of the Opposition سے consult کر کے، بناؤں گا۔ میں نے already کہا ہے کہ بنے گی۔

Now, we will move on to Question No. 78, Dr. Muhammad Ismail Buledi. Answer taken as read.

78. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 23-09-05 at 1.15 p.m.)

Will the Minister for Religious Affairs, Zakat and Ushr be pleased to state:

(a) the number of Pakistanis who performed Haj this year; and

(b) the number of persons sent on Haj out of the dropped persons list indicating also the authority which recommended/approved their cases?

Mr. Mohammad Ijaz-ul-Haq: (a) 149,620.

(b) 232 persons were sent against drop out seats. As per policy, only blood relations or close relatives of dropped applicants were considered against these seats.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! یہ بہت اہم سوال ہے، میں نے پوچھا تھا کہ گزشتہ سال کتنے پاکستانیوں نے فریضہ حج ادا کیا۔ ناکام رہنے والے کتنے افراد حج پر بھیجے گئے اور ان کی سفارش، منظوری کس حکام نے کی تھی۔ جناب والا! یہ جواب انہوں نے دیا ہے کہ صرف 232 لوگوں کو جو قرعہ اندازی سے رہ گئے تھے ان کو accommodate کر کے بھیجا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے سٹاف نے ان کو غلط رپورٹ دی ہے۔ وہ تقریباً سات، آٹھ ہزار کے قریب ہیں، باقی لوگ جو قرعہ اندازی سے رہ گئے تھے بعد میں مختلف لوگوں کی سفارش پر، وزیروں کی سفارش پر، ممبروں کی سفارش پر بھیجے گئے تھے۔ ابھی بھی جو قرعہ اندازی ہوئی ہے جو خاص لوگ ہیں جن کا کوئی خاص سفارشی نہ ہو، کسی سینیٹر کا ایک بندہ بھی نہیں ہے انہوں نے لسٹ جمع کروائی ہے، اگر کوئی حکومتی ارکان ہیں تو ان کے سو بندے، پچاس بندے بھیجتے ہیں۔ حج کے لیے بھی برابری کی پالیسی ہونی چاہیے اور وہاں پر جو حج کے انتظامات--- بھی، ابھی چونکہ متعلقہ وزیر نہیں ہیں تو میں کس سے سوال کروں؟ جناب چیئرمین کون جواب دے گا۔

جناب چیئرمین: نیازی صاحب بیٹھے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اچھا (xxx) جواب دیں گے۔

Mr. Chairman: I think do not give any comments like that. It should be expunged and he should show proper respect. He is Parliamentary Affairs Minister and he is handling the parliamentary matters.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: ان کے بھیجنے کا طریقہ کار کیا ہے، یہ ہمیں بتائیں اور یہ figure ان کا غلط ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ پرانے کا پوچھتے ہیں یا نئے کا پوچھتے ہیں، انہوں نے سوال کو mixture بنا دیا ہے۔ یہ clear cut سوال ہے۔

+ [(xxx) Words expunged by the orders of Mr. Chairman.]

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: پرانے کا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کہ کتنے بھیجے گئے۔ یہ جو آٹھ ہزار کی figure بتا رہے تھے یہ قطعاً غلط ہے۔ یہ صورتحال تھی کہ 127684 درخواستیں آئیں اور اس وقت کی پالیسی کے تحت allowed تھے وہ 95151 بھیجنے تھے۔ ان میں سے جو حج پر نہیں گئے، جو قرعہ سے نکلآئے تھے اور مستند تھے ان کے لواحقین، قریبی رشتہ داروں کو بھیجا گیا جو 232 کا figure دیا گیا ہے۔ جہاں تک 54491 ہے وہ private tour operator کے ذریعے حج پر گئے تھے۔ گورنمنٹ کی اصل میں دو قرعہ اندازیاں ہوئیں جس میں پہلی قرعہ اندازی میں eligible 92237 ہوئے اور بھیجے گئے۔ بعد میں دوسری قرعہ اندازی ہوئی کیونکہ 95151 بھیجنے تھے تو 2682 اس میں add ہوئے۔اس طریقے سے 95151 بھیجے گئے 232ان میں سے تھے جو 95152 میں سے تھے، جن کے قریبی رشتے دار بھیجے گئے اس کے علاوہ کوئی نہیں بھیجے گئے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جو figures انہوں نے بتائے ہیں وہ غلط تھے۔

جناب چیئرمین، یہ floor of the House پر کہہ رہے ہیں تو غلط کیسے ہوگیا۔ اگر آپ کے پاس کوئی ثبوت ہے تو مجھے دیں میں اس کی وضاحت کرا دوں گا۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، اگر متعلقہ وزیر ہوں تو وہ بتاتے۔

جناب چیئرمین، نہیں انہوں نے ان کو brief کیا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، مجھے سمجھ یہ نہیں ہے کہ ہر چیز کی انکوائری، یہ کوئی کمپیوٹر ہیں یا ان کے پاس کوئی مستند figures ہیں تو let him bring on the floor of the House and move a question of breach of privilege at this august House. Let us dissect things in the committee. اور اگر یہ غلط ثابت ہوئے تو what punish he will have to have.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ، کامران مرتضیٰ پچھلے سال بھی رہ گیا تھا۔ کھڑے ہو جاؤ۔

Mr. Chairman: Kamran has different background he and I know and let us not go into that.

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، جناب ! اس سوال کے دو حصے ہیں 232 person sent against drop out seats. As per policy, only blood relations or close relatives of dropped applicants were considered against these seats.

جناب چیئرمین، یہ (b) کا answer ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، جی (بی) انہوں نے کہا کہ as per policy blood relations ہیں اور جو close relatives ہیں انہی کو بھیجا جاتا ہے۔ اگر جواب انہوں نے سچ دیا ہے، سچا ہے، جھوٹ نہیں لکھا، غلط نہیں لکھا تو یہ اعجاز الحق صاحب روز ہم سے لیتے ہیں کہ آپ کو drop out cases کے against adjust کر لیں گے۔ وہ ہمارے ساتھ مذاق نہ کریں۔ وہ کم از کم "نہ" کہنے کا حوصلہ پیدا کریں اور اگر نہیں ہو سکتا تو وہ نہ کہیں۔ ہمارے ساتھ پچھلے سال بھی اسی طرح سے مذاق ہوتا رہا۔

جناب چیئرمین ، Additional seats کئی دفعہ سعودی حکومت بھی دے دیتی ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، جناب وہ باقاعدہ اس پر لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ کو drop out cases کے against consider کریں گے۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ اس کا best طریقہ یہ ہے کہ کوئی application نہ دیا کریں، کیونکہ بعد میں confusion ہوتی ہے ۔ I think that should be the best thing.

سینیٹر کامران مرتضیٰ ، تو نہ کہنے کا حوصلہ پیدا کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ جو earthquake victims ہیں وہ in hundreds affect ہوئے ہیں، dead ہوگئے ہیں یا زخمی ہوگئے ہیں، اس کے against ابھی تک کوئی adjustment نہیں ہوئی۔ انہوں نے معزز اراکین قومی اسمبلی و سینیٹ سے جو ان کے عزیز و اقارب جنہوں نے دو دو دفعہ miss کیا ہے--- پالیسی تو یہ تھی کہ دو دفعہ جو miss کر چکا ہے on priority he should be sent and should be allowed اب اس میں یہ ہوا کہ وہ بھی

adjust نہیں ہو سکے تو پھر ہمارے وزیر صاحب نے یہ کہا کہ آپ وہ درخواستیں لے آئیں جو دو دفعہ miss کر چکے ہیں۔ ان کا right تھا لیکن ہمارے پاس اتنی گنجائش نہیں تھی کہ ان سب کو بھیجا جائے لہٰذا drop out آزاد جموں کشمیر کا، سرحد کا یا وہ لوگ جو allowed ہوگئے ہیں یا ان کا قرعہ نکل آیا ہے تو وہ نہیں جائیں گے تو ان کے against معزز اراکین کی سفارش پر اگر کوئی دو بار رہ گئے ہیں تو ان کو موقع دیا جائے۔ ابھی تک تو ایک آدمی کا بھی allowنہیں ہوا کہ انہیں adjust کیا جائے یا نہیں، کسی کا بھی نہیں ہوا ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ : زلزلہ پہلی دفعہ آیا ہے، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جب حکومت کی ایک پالیسی ہے کہ اس طرح نہیں ہوگا تو کم از کم ہمارے ساتھ تو ہاتھ نہ کریں۔

جناب چیئرمین، مختصر کریں، بالکل۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگزئی : بالکل میں م، خ کو کاٹ دیتا ہوں صرف تر کروں گا۔ بات یہ ہے کہ اگلے سال میں زندہ ثبوت ہوں اور میرے ساتھ چھ سینیٹر اور ہیں۔ ہمیں اعجاز الحق صاحب نے کہا اور چھ میٹنگ ہماری ان کے سیکرٹری وکیل احمد خان کے ساتھ ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ بے فکر رہیں آپ کے بندے آج شام بھیج رہے ہیں۔ پھر ہمیں بتاتے ہیں کہ فائل وہاں سے نکلی ہے اور وزیر اوقاف کے پاس ہے، پھر کہتے تھے کہ وزیر اوقاف سے چلی گئی ہے اور کمیٹی کے پاس ہے، پھر کہہ رہے تھے کہ ان کا باقاعدہ حج کا انتظام ہوگیا ہے جہاز لے رہے ہیں۔ ہمیں خبر یہ ہوئی کہ دو دن پہلے جہاز میں سیکرٹری اور وزیر صاحب دونوں چلے گئے ہیں۔ اب گزارش یہ ہے کہ جیسا کہ کامران صاحب نے کہا اگر گنجائش نہیں ہے تو ہمیں بتا دیں۔ ہمارے جو لوگ رہ گئے ہیں ہم انہیں صاف کہہ دیتے ہیں کہ گنجائش نہیں ہے۔ اگر ہے تو ہمیں صاف بتا دیں۔ آپ یقین کریں کہ گزشتہ سال میں تیرہ دن محض اس لیے رہا کہ چھ آدمی تھے میں نے انہیں کہا تھا کہ میں آپ کو بھیجوں گا۔ اب جب بھی وہ مجھے ملتے ہیں کہتے ہیں شاباش۔ مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی اور جھوٹ بولتا ہے تو صحیح ہے اگر آپ لوگ بھی ابھی شروع ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں ۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگزئی، آخری بات؛ یہ مہربانی کرکے اس وزیر تک ہماری

بات convey کردیں۔ اگر یہ خود کریں تو ان کی مہربانی ہے ویسے مجھے مشکل لگتا ہے کیونکہ یہ کہیں گے کہ ان کی ذمہ داری ہے۔ اس سال بھی وہ لوگ بیس بیس، تیس تیس، پچاس پچاس نام لے رہے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ آخری وقت پر flight کے وقت یہ رہ جائیں گے۔

جناب چیئرمین، میں تھوڑا عرض کروں۔ یہ ایک پورا procedure ہے۔ وقت پر اگر آپ apply نہیں کرتے ہیں تو بعد میں پریشر نہیں ڈالنا چاہیے۔ کئی دفعہ یہ ہوتا ہے کہ ہر کوئی کہتا ہے کہ میرا کردیں وہ لے کر رکھ لیتے ہوں گے۔ میرے پاس بھی کئی لوگ آتے ہیں، دوسروں کے پاس بھی جاتے ہیں اگر وقت پر کسی نے apply نہیں کیا تو اس کا قصور ہے۔ بعد میں یہ خواہ مخواہ پریشر ڈالتے رہتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگڑئی، جناب چیئرمین! یہ قرعہ اندازی میں رہ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین، اگر وقت پر apply کیا ہو تو پھر نہیں رہتے۔ رہ گئے ہیں تو پھر وقت ختم ہو گیا۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، آپ انہیں کہیں کہ he should withdraw his words.

Mr. Chairman: Which words. I don't know.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، Very bad کہ انہوں نے یہ کام نہیں کیا اور وہ بھاگ گئے اور آپ بھی اسی طرح شروع ہو گئے What does he mean by this sentence. کیا معنی ہیں اس کے۔

Mr. Chairman: I think we should use better language.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ پارلیمنٹ کے ممبر ہیں۔ کم از کم ان کو صحیح معنوں میں بات کرنی چاہیے This is not a place یہ کوئی گڑھی شاھو یا کوئی چوک تو ہے نہیں جہاں پر اس قسم کی باتیں ہوتی ہیں۔

جناب چیئرمین، مہیم خان صاحب کو سن لیں ۔ اب جی supplementary ہو گیا ہے۔ تشریف رکھیں question hour ختم ہو گیا ہے۔ بیٹھ جائیں آپ کا سوال ہو گیا ہے۔ اس میں بحث تو نہیں ہوتی آپ دوسرا question move کریں ۔ جواب دے دیا ہے بس بات ختم۔ آگے چلیں ۔جی ۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ ، جناب چیئرمین ! وزیر صاحب سے میرا یہ سوال ہے کہ پچھلے سال مستونگ سے پانچ بندوں نے حج کے لیے بمع تمام اخراجات کاغذات جمع کیے۔ قرعہ اندازی میں ان کا نام نہیں آیا۔ اس سال پالیسی یہی بنی کہ پچھلے سال جو بندے رہ گئے ہیں ان کو بغیر قرعہ اندازی کے شامل کیا جائے گا۔ ایک ہفتہ پہلے ان میں سے ایک بندہ میرے پاس آیا اور بتایا کہ اس دفعہ بھی ان کا نام نہیں ہے۔ میں نے اپنی طرف سے ایک خط وزیر صاحب کو لکھا کہ آپ کی پالیسی یہ ہے کہ جو پچھلے سال رہ گئے ہیں بلا قرعہ اندازی ان کو اس سال بھیجا جائے گا ۔ ان کو نہیں بھیجا گیا مہربانی کرکے ان کو بھیجیں اور مجھے جواب دیں۔ ایک ہفتہ گزر گیا ہے اب تک مجھے جواب نہیں دیا گیا۔ اگر یہ ایوان چاہے تو میں ان پانچ بندوں کے نام بھی کل ایوان میں پیش کردوں گا۔

جناب چیئرمین ، جی پری گل صاحبہ۔ آخری سوال ہے اس کے بعد وقت ختم ہو چکا ہے question hour کا۔ جی۔

سینیٹر آغا پری گل ، جناب چیئرمین ! بہت بہت شکریہ۔ میں ایک تجویز پیش کرتی ہوں ۔ وزیرصاحب بڑے بزرگ آدمی ہیں میں کچھ نہیں کہتی ۔ مگر یہ جو حج کا معاملہ ہے اس کا صحیح جواب دینا چاہیے ۔یہ تو اللہ کے گھر کا معاملہ ہے۔

جناب چیئرمین ، وہ تو صحیح جواب دے رہے ہیں یقین رکھیں ۔ غلط بات ایوان میں نہیں ہو گی۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر آغا پری گل ، میری ایک تجویز ہے کہ اس سے پہلے ایم این اے کو ، سینیٹرکو، ایم پی ایز کو یہ کوٹا دیتے تھے ۔ ہر ایک کو دس دس آدمی اپنے حلقے سے بھیجنے کا کوٹا

ہوتا تھا۔ جناب! ہمارا بھی حق بنتا ہے ۔ ہمارا بھی ایک حلقہ ہے۔ کل اپنے حلقہ میں جائیں گے تو کیا جواب دیں گے کہ یہ ایک حاجی بھی نہیں بھیج سکتے توان کافائدہ کیا ہے؛ کم از کم وہ کوٹا ہی بحال کردیں۔

جناب چیئرمین، آپ کی تجویز convey کردی جائے گی۔

سینیٹر آغا پری گل: یہ وزیر تو الٹا جواب دے گا کہ قانون' law یہ وہ۔ میری گزارش یہ ہے کہ ہم تمام سینیٹرز چاہے اپوزیشن ہو چاہے حکومت کے ہوں' ہم سب کی آپ سے یہ درخواست ہے اور تجویز ہے کہ تمام parliamentarians کا کوٹا بحال کیا جائے تاکہ یہ اپنے حلقہ کے لوگوں کو بھیج سکیں ۔اگر آپ اس سے پوچھیں گے تو یہ کہہ دے گا کہ قانون میں نہیں تو پھر فائدہ کیا ہے۔ میری تجویز ہے۔ آپ ہمارے چیئرمین ہیں۔

جناب چیئرمین، ہاں ہاں میں convey کر دوں گا۔ آپ کی تجویز ہے۔ میں لکھ دوں گا۔

سینیٹر آغا پری گل، کہ تمام سینیٹرز کو کوٹا ملے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، میں منسٹر صاحب کو لکھ دوں گا۔ بابر صاحب! آپ کا question رہ گیا تھا would you want to do it now or you want to defer it till the Minister comes.

سینیٹر کلثوم پروین، جناب چیئرمین! کامران مرتضیٰ ہمارا سینیٹر بھائی ہے اور دوسری دفعہ قرعہ اندازی میں رہ گیا۔ آپ اپنا دست شفقت اس پر رکھیں ورنہ کوئی شخص عمرہ اور حج سے نہیں رہتا۔ میری بھی مثال موجود ہے اس کے لیے آپ specially خود کہہ دیں تاکہ حج کی سعادت نصیب ہو۔

جناب چیئرمین، کامران صاحب ماشاء اللہ حاجی کامران ہیں ۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! سوال نمبر ۱۲۶ کو اگر کل پر defer کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین، کل I don't know کہ منسٹر ہوں گے یا نہیں۔ کل rota day بھی ہے یا نہیں؛ راجہ صاحب! اس کو کیا کرنا ہے؛ اچھا کل rota day نہیں ہے۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! منسٹر صاحب کو بلائیں کہ وہ آ جائیں۔

جناب چیئرمین، میں check کرتا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ out of town ہوں۔ اس کو ذرا check کر لیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! اس کو کل تک defer کر دیں۔

جناب چیئرمین، اچھا ٹھیک ہے۔ کل پر رکھ لیں۔ اگر منسٹر صاحب آ گئے تو ٹھیک ہے ورنہ next rota day تک defer ہو جائے گا۔ Question Hour مکمل ہو گیا۔

The remaining printed questions and their printed replies placed on the table of the House are taken as read.

79. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 23-09-05 at 1.15 p.m.)

Will the Minister for Culture, Sports and Youth Affairs be pleased to state whether it is a fact that the pay scales of the employees of Jinnah Papers Project have not been revised since 2001, if so, its reasons and the time by which these will be revised?

Mr. Muhammad Ajmal Khan: Jinnah (in fact Quaid-i-Azam) Papers Project has two categories of employees: one those governed by Basic Pay Scales, and the other governed by Special Pay Scales. Most of the employees are retired government officers. The pay scales of the former have been revised twice in 2001 and 2005 alongwith other government employees, while the case of the latter is in process which will be finalized soon in consultation with the Regulation Wing of the Finance Division.

80. ***Mr. Sanaullah Baloch:** (Notice received on 23-09-05 at 1.6 p.m.)

Will the Minister for Housing and Works be pleased to state the number of applications received for FGE Housing Foundation Phase IV, G-14, Islamabad against Federal Government Employees-quota and the number of Plots alloted to those employees with category-wise break-up?

Syed Safwanullah: A total number of 28,028 applications were received from the Federal Government employees against 75% quota. Category-wise break-up of provisional offer letters issued to Federal Government employees as on 16-11-2005 is given as under:—

Category	Offer Letters Issued
I	388
II	479
III	394
IV	339
V	330
Total:	1930

81. ***Mr. Sanaullah Baloch:** (Notice received on 23-09-05 at 1.16 p.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) *the present status of Iran-Pakistan-India and Turkmanistan-Afghanistan-Pakistan Gas Pipeline projects; and*

(b) *the incentives to be provided to the provinces and areas through which the said pipelines will pass?*

Mr. Amanullah Khan Jadoon: (a)

I. **Iran-Pakistan-India gas pipeline projects**

MP & NR has constituted separate joint Working Groups with Iran and India for export of Iranian gas *via* Pakistan to India in order to expedite implementation of the project.

An MOU on Iran-Pakistan-India (IPI) gas pipeline project was signed with Iran in July 2005. The progress is being achieved within the framework laid in the MOU. The 4th meeting of the Working Group has been held in Tehran on (16-17 November, 2005).

Similarly, in June 2005, Pak-India Joint Working Group (JWG) was constituted on IPI gas pipeline project to sort out financial, technical, legal and commercial issues of the project to realize the project in an accelerated manner.

The JWG has held two meetings so far, one in New Delhi on 11-12 July 2005 and the other on 8-9 September 2005 in Islamabad. The next meeting is scheduled in December, 2005 in New Delhi.

II. Turkmenistan-Afghanistan-Pakistan (TAP) gas pipeline project

Pursuant to the decisions made in the 8th Steering Committee (SC) meeting of TAP project held in Islamabad on 12-13 April, 2005, Asian Development Bank (ADB) has reported the following progress for moving forward in the project:—

(i) Turkmenistan side has provided an executive summary of the Daulatabad gas field reserve certification report.

(ii) An interim security study has been completed by ADB on the project.

In order to evaluate/examine the report on Daulatabad gas field reserves and the interim findings of the security study of the pipeline, 9th meeting of the SO is expected to be scheduled in January, 2006 at Ashgabat. In addition, the meeting would also discuss some other techno-economic aspects of the project.

(b) The pipeline will usher a new era of national development. The provinces/areas through which the pipeline will pass could be the beneficiaries of following incentives:—

— Economic Development.

— Development projects in the area.

— Development of road communiction infrastructure.

— Job opportunities for the local population.

However, the Federal Government in consultation with Provincial Government(s) concerned would formulate a policy on the incentives/facilities to be

provided in the relevant areas once the relevant details of the project are worked out/finalized.

82. ***Mr. Sanaullah Baloch:** (Notice received on 23-9-05 at 1.16 p.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the extent of villages electrified in the country during the last 10 years with province-wise break-up;

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to introduce a new special policy for village electrification; and

(c) the time by which electricity will be supplied to tehsil Dlabandin, Basima, district Karran and Kuhak, District Kalat, Balochistan?

Mr. Liaquat Ali Jatoi: (a) 37128 villages had been electrified during last 10 years (1995-96 to 2005-2006). Province-wise break-up is attached as Annux-A.

(b) As per policy in vogue, electrification of villages/schemes is being carried out through-out Pakistan under Tameer-e-Pakistan and Khushal Pakistan on the recommendations of Senators, MNAs, MPAs and District Governments or under the Prime Minister's Directives. No new policy has so far been approved.

(c) Status of electricity to be supplied to Tehsil Dalbandin, Basim, Kuhak, District Kharan and District Kala Balochistan is as under:—

Daibandin.—Dalbandin is included in PC-I of 6th STG Project, which has been submitted for approval. Construction of Grid Station at Dalbandin is scheduled for 2005-06 subject to approval of PC-I.

Basima.—Grid Station at Basima is included in PC-I of 6th STG which has been submitted for approval. The work will be taken in hand after approval of PC-I during 2005-06 subject to approval of PC-I.

Kuhak.—Kohak is at a distance of 67 km from Khud Koocha Grid Station. Extending supply through 11 KV is not feasible due to long distance. Construction of Grid Station is also not feasible due to less load and more expenditure involved. As such, it is not included in current programmes.

District Kalat, Kharan.—Headquarter of District Kalat including Surab and Gidder have been connected with National Grid and further extended to the District Headquarter of Kharan and District Kharan both two Districts are scattered with an area of 48051 Sq Km and 6622 Sq Km respectively as such it is very difficult to give a time frame for electrification of the entire Districts of Kalat and Kharan.

Annexure-A

VILLAGE ELECTRIFICATION
FOR THE PERIOD FROM 1995-1996 TO OCTOBER 2005 (10 YEARS)

Year	Punjab	Sind	Balu-chistan	NWFP	FATA	Total
1995-1996	2,845	1,288	203	600	21	4,957
1996-1997	1,518	405	133	361	24	2,441
1997-1998	859	176	85	253	10	1,383
1998-1999	890	175	9	143	15	1,232
1999-2000	827	3	0	270	9	1,109
2000-2001	823	233	106	431	2	1,595
2001-2002	733	327	102	515	17	1,699
2002-2003	1653	283	166	134	10	2,246
2003-2004	4066	1232	675	1216	4	7,193
2004-2005	4896	1455	919	2158	39	9,467
2005-06(Oct;05)	2284	462	283	710	67	3,806
Total:	21,399	6,039	2,681	6,791	218	37,128

83. ***Mr. Ilyas Ahmad Bilour:** (Notice received on 18-10-05 at 11.00 a.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that the telemetry system has been discarded due to faulty design and poor workmanship, if so, the reasons for spending Rs. 320 million on that system?

Reply not received.

84. ***Mr. Ilyas Ahmad Bilour:** (Notice received on 21-10-05 at 9.00 a.m.)

Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) *whether it is a fact that the work of fixation of prices of petroleum products in the country has been assigned to Oil Advisory Committee since 2001, if so, its reasons; and*

(b) *whether it is also a fact that Government representatives have not been placed on the said committee, if so, its reasons?*

Mr. Amanullah Khan Jadoon: (a) Yes. Under the Government policy of deregulation the Oil Companies Advisory Committee (**OCAC**), being a common forum of Oil Marketing Companies/Refineries for co-orination with **GOP** on issues relevant to Oil Industry, was authorized to fix the prices of petroleum products as per Government approved pricing formula. The basic objective was to minimize **GOP** involvement/role in the day to day business of **Oil Refineries /Oil Marketing Companies** and create competitive environment.

(b) Yes. There are no Government representatives on the said Committee, as only **Oil Marketing Companies**/refineries are eligible to be members of **OCAC.**

85. ***Engr. Rashid Ahmed Khan:** (Notice received on 26-10-05 at 11.30 a.m.)

Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that electricity have been supplied to Ashraf Colony near Rahmania Mosque street, Dhamial Camp, Rawalpindi without electric poles, if so, its reasons and the time by which electric poles wll be erected in the said locality?

Mr. Liaquat Ali Jatoi: Yes it is a fact that 28 No. connections are installed in Ashraf Colony near Rahmania Mosque, Dhamial Camp Rawalpindi without poles.

This work has been completed by installing 3 LT structures and allied material.The loop connections in the area have also been shifted on the newly erected LT line and low voltage problem in the area has been resolved.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب چیئرمین! صحافی ابھی تک واپس نہیں آئے۔

جناب چیئرمین، وہ گئے ہوئے ہیں ہمارے ساتھی۔ انیسہ زیب صاحبہ گئی ہوئی ہیں اور آغا صاحب بھی ان سے بات کر رہے ہیں۔ Now I will take up the leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین، جناب محمد اعظم خان سواتی ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 14 ' 17 تا 22 نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۲ نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب امان اللہ کنرانی ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۱ تا۲۲ نومبر تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، جناب حامد یار ہراج صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں اس لیے مورخہ ۲۲ تا ۲۶ نومبر تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

We have requests for three points of order.

ایک تھا ہدایت اللہ صاحب کا، مولانا گل نصیب صاحب اور حمید اللہ صاحب کا۔ برائے مہربانی صرف تین پر بات ہو۔ مجھے پہلے تین آ گئے تھے، تین میرے پاس ہیں۔ پہلے ہدایت اللہ کو بات کر لینے

دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، میرے پاس آپ کی طرف سے request آئی نہیں تھی۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔دو بے شک اس طرف سے لے لوں۔ پہلے آ جائیں' کریں۔ چلیں' پری گل آغا صاحبہ اور نگہت صاحبہ کو بھی موقع ملے گا۔ جی حمید اللہ صاحب۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ ایک ضروری point کی طرف دلانا چاہ رہا تھا۔ ہمارے اس ہاؤس سے almost چند ممبران ----

Mr. Chairman: The point of order should be brief. Half a minute or one minute because there is a big agenda. Tomorrow is the last day. So, we have to finish up. Very, very briefly.

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، جناب چیئرمین! نورانی صاحب وفات پا گئے ہیں۔ خلیل الرحمٰن صاحب سرحد کے گورنر بن گئے ہیں۔ شوکت عزیز صاحب پرائم منسٹر بن گئے ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم بھی دنیا سے رخصت ہو جائیں یا کسی اور عہدے پر چلیں جائیں' سینیٹروں کا group photo نہیں ہوا۔ مہربانی کریں کہ اسی سیشن میں group photo ہو جائے۔

جناب چیئرمین، کل کر سکتے ہیں؛ کل آخری دن ہے۔ کل آخری سیشن کے بعد کر لیتے ہیں۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، ٹھیک ہے۔ بس آپ announce کر دیں۔

Mr. Chairman: If you want, it is on the House to decide it.

میرا خیال ہے کہ کچھ ممبران نہیں ہیں۔ Next session جب ہوگا تو اس کے پہلے دن کر لیتے ہیں۔ وہ بہتر ہے۔ پہلے ہی سب کو بتا دیں۔ وہ بہتر رہے گا۔ بسم اللہ' جی متین شاہ صاحب۔

سینیٹر متین شاہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! اس معزز ایوان کی وساطت سے حکومت کی توجہ ایک انتہائی اہم اور عوامی اہمیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جناب والا! میرا point of order جس موضوع پر ہے وہ قبائلی عوام

میں گہری تشویش کا باعث بننے والا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ entry test کے نتیجے میں فاٹا کے طلبا کے لیے میڈیکل کالجز کی مختص نشستوں میں رد و بدل کرکے بعض ایجنسیوں کا کوٹا بڑھا دیا گیا ہے اور بعض ایجنسیوں کا کم کر دیا ہے۔ شمالی وزیرستان کی ۱۲ نشستوں کو کم کرکے ۸ کر دیا گیا ہے۔ جبکہ کئی ایجنسیوں کی 12 سے بڑھا کر 16, 18 کر دی گئی ہے۔ یہ سراسر ظلم ہے، قبائل کو آپس میں لڑانے کی ایک گہری سازش ہے۔ جناب والا! حکومت اس غیر سنجیدہ فیصلے کو واپس لے کر کالعدم قرار دے دے اور قیام پاکستان سے لے کر آج تک رائج سابقہ quota system کو بحال کیا جائے۔ ہمارے اس احتجاج کو آئین اور دستوری لحاظ سے مدنظر رکھتے ہوئے، ہمیں اور قبائلی عوام کو احتجاجی اقدام اٹھانے پر مجبور نہ کیا جائے۔ یہ SAFRON کی کمیٹی کو refer کیا جائے۔ Thank you جی۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر نگہت آغا۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ میں safety کے متعلق بات کرنے لگی ہوں۔ آج میں نے اسلام آباد کی ساری tall buildings اور جو اپنے Parliament Lodges کو ایک ہی point سے دیکھا کہ کتنوں میں fire escapes ہیں۔ جو باہر buildings ہیں ان میں hardly fire escapes ہیں جوکہ compulsory ہونے چاہئیں اور جو even Parliament Lodges ہیں، ان میں بہت کم areas میں ہیں۔ میری درخواست یہ ہے کہ اب نئے rules بن رہے ہیں، Parliament Lodges میں بھی fire escapes بنائے جائیں کیونکہ یہ fire escapes صرف fire کے لیے نہیں ہوتے بلکہ یہ زلزلے کے لیے بھی use ہو سکتے ہیں۔ بڑی مہربانی ہو گی، compulsory بنائے جائیں، جتنی high rise buildings ہیں، ان میں بہت اچھی قسم کے fire escapes ہوں۔ Thank you.

Mr. Chairman: We will convey them.

مولانا گل نصیب خان۔ آپ مجھے لکھ دیں میں کمیٹی کو دے دوں گا۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، شکریہ جناب چیئرمین۔ میں ایک اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ مالاکنڈ ڈویژن میں پاسپورٹ کا مرکزی آفس ضلع سوات میں

تھا اور sub-office مارگرا میں تھا، ضلع دیر میں تھا۔ تقریباً آٹھ، دس مہینے پہلے sub-office کو ختم کیا گیا۔ عوامی دباؤ اور زمینی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے، وزیر داخلہ نے دوبارہ باقاعدہ پاسپورٹ آفس قائم کرنے کا اعلان کر دیا، اس وجہ سے کہ ضلع دیر میں overseas پاکستانیوں کا سب سے زیادہ حصہ ہے لیکن آٹھ، دس مہینے گزرنے کے باوجود اس دفتر پر ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ اسی مسئلے کے حوالے سے پورے ضلع کے لوگوں میں تشویش ہے اور وہ مسلسل رابطے کرتے ہیں۔ لہٰذا، گزارش ہے کہ اس حوالے سے وزیرموصوف کو باقاعدہ اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، کلثوم پروین صاحبہ۔ نہیں، بس تین، تین points کرنے ہیں پھر معاملہ لمبا ہو جاتا ہے۔

سینیٹر کلثوم پروین، جناب چیئرمین صاحب! میرا point of order یہ ہے کہ حالیہ زلزلے میں جو علاقے affect ہوئے ہیں، وہ تو ہوئے ہیں، مگر حال یہ ہے کہ آبپارہ میں، Parliament Lodges میں لوگ جوق در جوق صبح سے لے کر، شام تک آتے ہیں کہ ہم متاثرین ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ میں کسی کالج میں پڑھتا تھا، میری فیس دی جائے، میرے ماں باپ فوت ہو گئے ہیں، ہم پوچھتے ہیں کہ کالج کا نام کیا ہے، ہمیں دے دیں تاکہ ہم خود فیس جمع کرائیں۔ یہ حال ہے کہ جہاں گاڑی کھڑی کریں یا جہاں پارکنگ کریں، لوگ چندہ جمع کرنے کے لیے چادریں لیے کھڑے ہیں۔ یعنی پوری قوم ایک beggar کے طور پر نکل آئی ہے۔ جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے مصیبت ڈالی ہے، ان پر تو ہے، مگر یہ جو باقی لوگ ہیں، ان کو روکنے کا کوئی طریقہ کار، کوئی check and balance ہو کہ پتا چلے کہ ہمیں کس شخص کو دینا ہے یا کس کو نہیں دینا ہے۔ ہمارے جیسا بندہ تھوڑی بہت سمجھ بوجھ رکھتا ہے، مگر عام بندے، میں نے خود دیکھا ہے لوگ دس، پانچ، بیس جو جس سے مدد ہو سکتی ہے، کرتا ہے۔ اس طرح سے گداگری کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، لوگوں کے لیے مانگنے کا طریقہ بہت آسان ہو گیا ہے۔ اگر اس پر کوئی check and balance ہو سکے تو جناب چیئرمین! میرے خیال میں یہ بڑا بھلائی کا کام ہے۔

Mr. Chairman: We will convey to the concerned department.

رخسانہ زبیری صاحبہ۔

Senator (Engr.) Rukhsana Zuberi: Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کی توجہ ایک important point پر دلانا چاہتی ہوں کہ پچھلے پانچ fortnights سے تیل کی قیمتیں مستقل کم ہو رہی ہیں اور ہر دفعہ Oil Companies Advisory Committee جو پانچ، پانچ روپے، چھ، چھ روپے petrol کی قیمت بڑھا رہی تھی، اب وہ خاموش بیٹھی ہے۔ Last جو قیمتیں بڑھیں اس کے بعد سے 25 فیصد کم ہو چکی ہیں۔ جناب! دو دفعہ یہ adjou... ent motion اس House میں discuss ہوئی اور یہاں سے standing committee کو گئی، standing committee نے sub-committee بنائی تھی جس کی report بھی May میں submit ہو چکی ہے۔ اب نہ تو وہ کمیٹی کی رپورٹ ہاؤس میں پیش ہوئی اور نہ اس پر عمل درآمد ہوا ہے۔ This is a very very important issue and needs your special attention.

Mr. Chairman: I will talk to the the Chairman of the Petroleum Committee.

Senator (Engr.) Rukhsana Zuberi: Sir, I really appreciate that becuase

ہماری requisition کی-----

جناب چیئرمین، انہوں نے جو رپورٹ table کی ہے اس پر انہوں نے reference تو دیا ہے۔

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری، جناب اس میں sub-Committee کی رپورٹ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، انہوں نے شاید اس پر comments دیے ہیں۔

Senator (Engr.) Rukhsana Zuberi: Sir, I was going through it

and identified the record.

Mr. Chairman: They were suggested, it should be probably shifted to OGRA.

Senator (Engr.) Rukhsana Zuberi: Sir, it has to be presented to the House.

کیونکہ ہاؤس نے refer کیا تھا۔ جناب دوسری بات یہ ہے کہ 11 تاریخ کو ایک requisitioned meeting تھی اور اس کا وقت 11 O'clock تھا، ہم وہاں کمیٹی روم میں پونے گیارہ بجے پہنچے تو meeting اس everybody had left saying that members have not turned up. کا وقت change ہوا، ساڑھے دس بجے تھا اور nobody was there and we all signed, we were 5,6 members there

Mr. Chairman: Meeting called for what time?

Senator (Engr.) Rukhsana Zuberi: Sir, it was called for 11 O'clock in the morning. A day before the time was changed which nobody knew.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، میری چیئرمین صاحب سے بات ہوئی تھی اور انہوں نے بتایا تھا کہ دو چار دن کے بعد دوبارہ meeting call کروں گا، اب دو چار دن میرا خیال ہے دو چار مہینے ہوں گے۔

Mr. Chairman: We will take it up.

دلاور صاحب سے بات کر لیں گے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، اگر requisition کی ضرورت ہے تو ہم وہ بھی کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں، نہیں، اگر کیا ہوا ہو تو let me just talk to him میرا خیال ہے points of order تو ختم ہو گئے ہیں۔ جی Journalists کے بارے میں سن لیں۔ جی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! آپ کے حکم پر ہم نے اپنے صحافی بھائیوں کی بات سنی ہے۔ ایک بڑا عجیب واقعہ ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بڑی زیادتی ہوئی ہے۔ ایک بچہ میرپور آزادکشمیر سے اغوا ہوا، اس کی عمر تقریباً 12 سال تھی۔یہ واقعہ 14 اکتوبر کا ہے، اس کے بعد 26 اکتوبر کو انہوں نے ساڑھے چھ لاکھ روپے کا ransom لے کر بچے کو چھوڑ دیا۔ اس کے بعد 27 اکتوبر کو AJK Police نے گوجر خان میں چھاپہ مارا۔ اغواء کنندگان تو نہ مل سکے البتہ اس گھر کی خواتین، جن میں تین بچیاں، ان کی ماں، ان کا باپ، ان کی خالہ، ان کی پھوپھی اورچھوٹے بھائی کو اٹھا کر میرپور لے گئے اور وہاں انہیں تھانے میں بند کر دیا۔

(اس موقع پر پریس گیلری میں صحافی حضرات تشریف لے آئے)

سینیٹر کامل علی آغا، ان کو انہوں نے بغیر FIR کے 26 دن تک وہاں پر بند رکھا۔ اس دوران میں کچھ صحافی دوستوں نے یہ کوشش کی کہ وہ investigate کریں کہ یہ کیا واقعہ ہوا ہے کیونکہ وہاں گوجرخان میں کافی شور تھا اور جو وہاں کے local صحافی تھے وہ involve ہو گئے۔ انہوں نے یہاں اسلام آباد میں اپنے اداروں کو involve کیا، investigate کیا اور انہوں نے متعلقہ پولیس سے بھی موقف لیا، I.G, DIG, SSP and SHO سے بات کی، ultimately اس دوران ان کو پولیس threat کرتی رہی کہ آپ اس معاملے میں نہ آئیں، لیکن جوں جوں یہ investigate کرتے گئے انہوں نے معاملے کو مزید الجھایا اور ان کو مزید threat کیا۔ رؤف کلاسرہ صاحب نے جب اپنے اخبار میں اس پر ایک article لکھا تو انہوں نے ان پر پرچہ دے دیا، چوہدری فرزند علی صاحب جو کہ "خبریں" سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے کوئی story چھاپی تھی، ان پر بھی پرچہ دے دیا۔

جناب چیئرمین، یہ jurisdiction کون سی ہے؟

سینیٹر کامل علی آغا، جناب! یہ jurisdiction گوجر خان کے مطابق پنجاب پولیس کی ہے لیکن جب رؤف کلاسرہ صاحب ان کی knowledge میں لے آئے تو انہوں نے ایک اچھا کام کیا کہ انہوں نے FIR درج کروا دی کیونکہ ----

(مداخلت)

جناب چیئرمین، آغا صاحب کو سنیں۔ جی شیر انگن صاحب۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی، جناب والا! میں بیان کرتا ہوں کہ what is happening with this House. ایک وزیر ہے کہ اس کی تصویر لمبی لے رہے ہیں لیکن باقی جتنے ممبر ہیں یا وزیر ہیں، ان کی کوئی تصویر نہیں ہے۔

(مداخلت)

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، آغا صاحب کی بات سنتے ہیں Order, please وہ بڑی اہم بات کر رہے تھے۔

سینیٹر کامل علی آغا، اگر یہ مسئلہ سن لیا جائے تو کافی بہتری آ سکتی ہے کیونکہ یہ جو پولیس کا رویہ ہے، اس سے حکومت کی بڑی بدنامی ہوتی ہے اور یہ vested interest ہوتے ہیں، یہ ضرور کسی با اثر آدمی کی سفارش ہوگی جس کے تحت یہ کام کیا گیا ہے۔ یہ اتنی بڑی زیادتی ہے کہ پورے گھر کے دس افراد کو جن میں چھ خواتین اور دو نوجوان بچیاں شامل ہوں، اغوا کرکے تھانے میں رکھا جائے اور تھانے میں بھی اس جگہ جہاں male prisoners کو رکھا جاتا ہے، رکھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین، کون سے تھانے میں رکھا ہوا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ میر پور کے قریب تھانہ تھوتھال ہے۔

جناب چیئرمین، یہ AJK پولیس نے رکھا ہوا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب والا! پھر زیادتی یہ کی ہے کہ جب پنجاب پولیس کی طرف سے اغوا کا پرچہ درج ہو گیا تو اس کے بعد انہوں نے back date میں ان بچیوں، ان کے ماں اور باپ پر جن کا بظاہر۔ یہ ٹھیک ہے کہ دو یا تین لڑکے اغوا میں ملوث ہیں۔ کوئی شخص ان کی حمایت نہیں کر سکتا اور جب بھی وہ پکڑے جائیں گے، ظاہر ہے کہ ان کے خلاف پرچہ ہے، انہیں سزا بھی ہوگی اور ان کے خلاف کارروائی بھی ہوگی اور جو کچھ ہو سکتا ہے، ان کے خلاف

ہونا چاہیے۔ انہوں نے ظلم کیا ہے لیکن ظلم کا جواب ظلم کے ذریعے دینا اور وہ بھی ایک ایسی agency جس کی ذمہ داری ہے کہ وہ بے گناہوں کو protect کرے، جس کی ذمہ داری ہے کہ وہ امن قائم رکھے، law and order قائم رکھے، وہی لاقانونیت کرے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بری مثال ہے اور جناب چیئرمین! اس کا نوٹس لیا جانا چاہیے اور میری گزارش ہے کہ چونکہ اس میں direct Interior Ministry involve ہے، اس لیے کسی ذمہ دار وزیر کی آپ ڈیوٹی لگا دیں تاکہ وہ اس سارے معاملے کو دیکھے اور سارے معاملے کو سمجھے اور پھر اس پر کارروائی کرے۔ جناب والا! یہ بہت ہی ظلم اور زیادتی والی بات ہے کہ اگر اخبارات والے اور ہماری صحافت investigation reporting کی طرف جا رہی ہے تو یہ اچھی بات ہے۔ ہمارا ہمیشہ سے یہ مطالبہ تھا اور اس پر حکومتی موقف بھی بڑا واضح ہے کہ جو خبر بھی دی جائے، وہ بات تصدیق کرنے کے بعد دی جائے اور تفتیش کی جائے کہ اصل معاملہ کیا ہے۔ اگر صحافت اچھائی کی طرف جا رہی ہے تو اسے اس طریقے سے discourage کیا جانا کہ ان کے خلاف بھی پرچے دیے جائیں تو یہ بڑی زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین، میں اس کو ذاتی طور پر خود follow کروں گا۔ میں ذاتی طور پر خود Interior Minister سے رابطہ کروں گا۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب والا! .thank you very much

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب والا! میں بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین، اب یہ تو ہو گیا ہے۔ ایک point of order پری گل آغا صاحبہ کا تھا اور ایک رضا صاحب کا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، میں نے بتا دیا ہے کہ میں اس کو خود follow کر رہا ہوں اور جب وزارت داخلہ سے اس کی رپورٹ آئے گی تو اس وقت اسے discuss کر لیں گے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، بڑا ضروری point of order تھا۔

جناب چیئرمین، آپ مجھے لکھ کر بتا دیں، میں اسے follow کر لوں گا۔ اب تو

ہو گئے ہیں۔ اگر آپ نے بات کرنی تھی تو آپ پہلے اپنا point raise کر لیتے۔ جی رضا صاحب۔ آپ کے ساتھی وہاں Provincial Government میں اسے raise کر لیں گے۔ points of order

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! میرا point of order بلوچستان صوبے میں زرعی قرضوں کے حوالے سے ہے۔

جناب چیئرمین، آپ اپنا point مختصر رکھیے گا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! آپ کو معلوم ہے بلکہ پورے ملک کو معلوم ہے کہ بلوچستان میں بدترین قسم کی قحط سالی تقریباً دس سال تک مسلط رہی ہے۔ اس دوران ہماری زراعت مکمل طور پر تباہ ہو گئی تھی۔ اس دوران ہمارے زمینداروں اور کاشت کاروں نے چھوٹے چھوٹے قرضے لیے تھے یا پانچ لاکھ روپے سے کم تک کے قرضے لیے تھے تو ان کی معافی کے لیے مطالبات ہوتے رہے، کسانوں نے بھی تحریکیں چلائیں تمام parties نے مطالبات کیے اور پھر پارلیمانی کمیٹی نے recommendations بھی دیں کہ یہ چھوٹے زرعی قرضے معاف کیے جائیں۔ اس سلسلے میں ہمارے جنرل صاحب نے ژوب میں لاکھوں لوگوں کے سامنے اعلان کیا کہ پانچ لاکھ تک کے قرضے معاف کر دیئے گئے ہیں۔ پھر انہوں نے یہ اعلان قلات جا کر کیا۔ اب اس اعلان کو بہت عرصہ ہو گیا ہے۔ اب تک ان اعلانات پر کوئی عمل نہیں ہوا اور نہ ہی ان زرعی قرضوں کی معافی کا کوئی notification ہوا، نہ کسی نے پارلیمانی کمیٹی کی recommendations, جنرل صاحب کے اعلانات، وہاں کے غریب عوام کی تحریک اور نہ اس قحط سالی کی صورتحال کا احترام کیا۔ جناب! میرا اس point of order کے ذریعے یہ مطالبہ ہے، یہ بڑا اہم مسئلہ ہے، اس میں چھوٹے چھوٹے لوگ ہیں اور اتنی amount بھی نہیں بنتی۔ جو ژوب اور قلات میں پانچ لاکھ تک کے قرضوں کی معافی کا اعلان ہوا تھا، اس کا notification جلد جاری کیا جائے اور اس پر عملدرآمد کیا جائے،

Mr. Chairman: Now we will continue with the commenced motion, the first speaker today is Professor Ghafoor Ahmed.

پروفیسر صاحب! نہیں بس ہو گیا' اب اتنے بڑھتے جا رہے ہیں' دیکھیں اس طرح--------آپ نے تو کہا ہے کہ آپ نہیں کرنا چاہتیں' رضا صاحب بات کر لیں۔

(مداخلت)

سینیٹر آغا پری گل، میں اس کو کیوں موقع دوں؟

جناب چیئرمین، ایک منٹ جی میں نے ان سے point of order commit کیا تھا۔

جی بتائیے' بڑا مختصر۔

سینیٹر آغا پری گل، جی مختصر ہے۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اکثر ملازمین کا تعلق آزادکشمیر اور فرنٹیئر سے ہے' ان کے گھر وغیرہ گر گئے ہیں اور کافی نقصانات ہوئے ہیں۔ میں آپ سے سفارش کرتی ہوں کہ House Building والے ان کو ذرا جلدی پیسے دیں تاکہ یہ اپنے گھر دوبارہ تعمیر کر سکیں کیونکہ سردی کا موسم ہے اور وہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے بچے کھلے میدان میں پڑے ہوئے ہیں۔ میں آپ سے request کرتی ہوں کہ سینیٹ کے آزادکشمیر سے تعلق رکھنے والے جتنے بھی ملازمین ہیں' آپ ان کے سلسلے میں فوراً کچھ کریں تاکہ ان کے بچے سردی سے بچیں اور دوسری بات وہی حج والا کوٹا ہے' آپ ہی اس کو بحال کرا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین، وہ گورنمنٹ نے پالیسی بنانی ہے' ہم منسٹری کو ضرور لکھیں گے۔ سعدیہ عباسی صاحبہ! اس کے بعد بلیدی صاحب آپ۔ You want to take it first Call attention. اچھا بلیدی صاحب کا ایک point ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! میں اس House کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ First week of November میں "وڈ" میں ہمارا ایک ساتھی' نور السلام جو ہماری جمعیت الاسلام کا عہدیدار بھی ہے' اس کو وہاں ایک خاص قبیلے کے سردار نے گھر بلا کر زدو کوب کیا' زخمی کیا اور آج وہ کراچی میں زیر علاج ہے۔ نصیر صاحب اور اختر صاحب کے درمیان "وڈ" میں ایک جھگڑا ہوا تھا' ہمارے مولانا عبدالواسع جو Senior Minister ہیں' وہ خود ثالث کے طور پر گئے اور انہوں نے کہا کہ ہم اس مسئلے کو جرگہ کے ذریعے حل کریں گے۔ قانون

سب کے لیے ہے' FIR ان کے خلاف درج کی گئی ہے' اس میں سردار اختر مینگل کا نام بھی شامل ہے۔ ہم سردار صاحب کا احترام کرتے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں قانون' سردار ہو' غریب ہو' سب کے لیے یکساں ہے۔ ایک عام آدمی کو بلا کر اس طرح مارنا پیٹنا' زدو کوب کرنا' وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں کراچی کے ہسپتال میں داخل ہے۔ جو FIR درج کی گئی ہے' جو بندے اس میں ملوث ہیں' ان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات نہ ہوں۔ سیاسی حوالے سے ایک دوسرے کو برداشت کرنا چاہیے۔ یہ تو اہم مسئلہ تھا' دوسرا یہ کہ گوادر میں جو دو بچے اغوا ہوئے تھے' میں آپ کے نوٹس میں بھی لایا تھا' ابھی تک وہ بازیاب نہیں ہوئے۔

جناب چیئرمین ، بلیدی صاحب یہ صوبائی معاملے ہیں' آپ کے ساتھی اس صوبائی اسمبلی میں ہیں' زیادہ موزوں ہو گا کہ وہ وہاں raise کریں۔ میں بھی ان کو ہی لکھوں گا' ہم نے بھی صوبائی حکومت کو ہی لکھنا ہے تو آپ وہاں direct raise کرالیں۔

(مداخلت)

سینیٹر گلشن سعید ، جناب! میں نے یہ بات پوچھنی ہے کہ آپ نے ہمارے بارے میں یہ کیوں کہا تھا؟ ذرا بتائیے بلیدی صاحب! اٹھیں' آپ نے تقریر میں ہمیں یہ کیوں کہا تھا' ہم آپ کی بہنیں ہیں' آپ نے ایسے کیوں بولا تھا اور آپ بات کر کے House سے بھاگ گئے تھے' اب کھڑے ہو کر بتائیں۔ آپ کی سب بہنیں بہت ناراض ہیں کہ آپ نے کہا اللہ کا عذاب اس لیے آیا ہے کہ سر پر دوپٹہ نہیں لیتیں۔ دیکھیں! آپ ٹوپی بھی اتار کر دیکھ لیں کچھ نہیں ہوتا ہے۔ نہیں آپ نے کیوں کہا؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، آپ اپنا علاج کرائیں' آپ کو غلط فہمی ہے۔

Mr. Chairman: No cross talk, no cross talk,

نہیں آپ کا اس میں personal explanation کیا ہے؟ نہیں آپ کا نام کہیں نہیں لیا۔ سعدیہ عباسی صاحبہ - نہیں نہیں please, there is no personal attack on you, there is nothing, آپ کا نام کہیں نہیں لیا۔

سینیٹر گلشن سعید ،جناب چیئرمین! یہ sorry کریں گے انہوں نے ایسا کیوں کہا؟ ---

(مداخلت)

جناب چیئرمین ، نہیں ، نہیں - رہنے دیں - There is no personal attack on you. آپ کا نام کہیں نہیں لیا ہے - نہیں- ثناء اللہ صاحب بیٹھیں پلیز - آپ تشریف رکھیں - اس طرح کی کوئی discussion تو نہیں ہو رہی-

(مداخلت)

جناب چیئرمین، کیا کرتا؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین ، آپ تشریف رکھیں - .Let me run the House نہیں ، تشریف رکھیے- جی سعدیہ عباسی صاحبہ-

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: نہیں ، جناب! ہم شرافت سے بیٹھے ہیں-

جناب چیئرمین: بھئی شرافت سے بیٹھے ہیں تو میں کب کہتا ہوں کہ آپ جس طرح بیٹھنا چاہتے ہیں بیٹھیں------

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: جب آپ allow کرتے ہیں اس طرح کے points------

جناب چیئرمین: تو میں سب کو allow کرتا رہوں؟

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: میں ,simply sir------

جناب چیئرمین: نہیں simply کوئی نہیں - آپ کا نام اس نے نہیں لیا - آپ جواب دیں گے پھر کوئی اور جواب دے گا پھر کوئی اور قصہ شروع ہو جائے گا- رولز آپ کو پتا ہیں - آپ مجھ سے زیادہ پارلیمنٹ میں رہے ہیں- ایسی کوئی بات نہیں ہے-

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: جناب! میں rule follow کرکے تو آپ کو کہہ رہا ہوں-

جناب چیئرمین: میں rule کو follow کرکے آپ کو نہ کر رہا ہوں - اس وقت ہم کسی personal میں نہیں جائیں گے - سعدیہ عباسی صاحبہ پلیز آپ شروع کریں-

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: جناب چیئرمین! پلیز ، پلیز--------

جناب چیئرمین، نہیں ثنا صاحب نہیں۔ پلیز کوئی آپ کا پرسنل نہیں ہے تشریف رکھیے۔ جی سعدیہ عباسی آپ بولیں۔ You start with your motion.

(مداخلت)

جناب چیئرمین، نہیں، ثنا اللہ نہیں there is a way. کیا کروں میں؟

(مداخلت)

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ،جناب چیئرمین! نہ ہم نے point of order لیا -------

(مداخلت)

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب چیئرمین! میری بات تو سنیں۔ سردار اختر مینگل بلوچستان کے سابق وزیراعلیٰ ہیں۔ ان کے ہی قبیلے کا ایک شخص اس کے گھر کے قریب، عید کے دن وہ سارے کراچی میں تھے، چوری کی نیت سے اس کے گھر کے قریب گیا تھا۔انہوں نے اس کو پکڑا، پولیس کے حوالے کیا اور یہ بات بھی بالکل یقینی ہے کہ ان کے باڈی گارڈز نے اس کو زد و کوب کیا لیکن وہ شخص چوری کی غرض سے داخل ہوا تھا۔ بعد میں پتا چلا کہ وہ جمعیت العلمائے اسلام کا ہے-----

(مداخلت)

جناب چیئرمین، خواہ مخواہ debate شروع ہوگئی۔ تشریف رکھیے۔ تشریف رکھیے۔ Let us respect the decorum and procedure of the House. سعدیہ عباسی صاحبہ پلیز آپ شروع کریں۔ سانگڑی صاحب، ثناء اللہ صاحب اور دیگر سب تشریف رکھیں۔ تشریف رکھیں پلیز۔ جی سعدیہ عباسی صاحبہ شروع کریں۔ We don't want any cross talk.

CALL ATTENTION NOTICE

RE: PROPOSED PRIVATIZATION OF STEEL MILLS

Senator Saadia Abbasi: Thank you Mr. Chairman. Mr. Chairman, my Call Attention Notice pertains to the proposed privatisation of Pakistan Steel Mills. The reason I have given for this Call Attention

Notice is that the Pakistan Steel Mills is a strategic asset of our country. It is vital for our national security and economic prosperity. This matter, I think it was in the month of June that the Committee on Industries visited Karachi.

پروفیسرغفور صاحب اور فرحت اللہ بابر صاحب بھی تھے اور وہاں جب ہم سٹیل مل گئے تھے اور ۔

we raised this issue. I said that in principle, I am against the privatisation

of Pakistan Steel Mills, but more than that this is a matter that it should

not be taken so lightly. This a matter that there, should be a Parliamentary

scrutiny. This is a matter that it pertains to the national security of our

country. تو انہوں نے کہا نہیں جی یہ فیصلہ ہو چکا ہے اور اس پر عمل بھی شروع ہو چکا ہے ۔

I think sometimes in the اس کے بعد پھر ایک اور میٹنگ ہوئی When I came back

month of August and I was not in that meeting. Again this matter was

relating اس سے پہلے جناب چیئرمین ! ایک اخبار میں خبر آئی raised by the members

اسی ۔ اخبار میں آیا advertisement اور ایک to the privatisation of Pakistan Steel

حوالے سے میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں کہ ہمارا نقطہ نظر یہ ہے کہ ایک vital asset اور

ملک کا اس کو کیوں dispose of کیا جائے۔ اسی ہاؤس میں ہم نے profitable asset

And throw ۔کیا گیا completely ignore کیا حبیب بنک کا اور اس کو issue riase

یہ حبیب بینک کو privatise کیا گیا۔ پھر اس کے بعد KESC کا معاملہ آیا۔ away price

KESC کی ایک price بتائی گئی کہ جی یہ اس price پر بیچا گیا پھر وہ withdraw کر گیا

جو so-called investors تھے ۔ اس کے بعد ایک اور price which is substantially

lower than what was the original price that the investors had offered.

پھر اس کے بعد معاملہ آیا Pakistan Telecommunications کا again we raised

objections اس پر ان کی یونین نے شور ڈالا' ان کے employees نے شور ڈالا اور ایک

debate اس ملک میں چلی ' ایک ہنگامہ ملک میں ہوا ۔ اس کے باوجود they were so

determined to go ahead with the privatisation that come what may.

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر جناب خالد رانجھا صاحب نے کرسی صدارت سنبھالی)

Senator Saadia Abbasi: Thank you, Mr. Chairman. Then Sir, the issue came of the privatisation of Pakistan Telecom.

میں اس معاملہ میں صرف اتنا عرض کروں گی کہ وہ جو کچھ ہوا وہ ہمارے سامنے ہے، وہ قوم کے سامنے ہے، وہ investors بھی چلے گئے جنہوں نے billions of dollars کی investment کا اعلان کیا تھا اور انہوں نے کہا تھا کہ ہم خریدیں گے۔ ہمارا objection یہ تھا کہ 26% یا 27% پر آپ ایک چیز کو بیچ کر اس ملک کے vital assets کو بیچ کرآپ یہ کہیں جی کہ ہم management control بھی ان کے حوالے کر دیتے ہیں کیونکہ یہ privatisation کی پالیسی ہے۔ یہ جو کچھ ہوا وہ سب کے سامنے ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ KESC and PTCL کے failure کے بعد important thing is that the Minister should have resigned because it is a complete failure of these initiatives. اور میں ان کو چیلنج کروں گی کہ پاکستان ٹیلی کام کی balance sheet دکھائیں، profit sheet دکھائیں اور جو pretext profits ہیں پاکستان ٹیلی کام کے وہ ہمیں بتائیں۔ دنیا میں کہیں یہ نہیں ہوتا کہ اپنی جو flagship اپنی industry ہو اس کو آپ privatize کر دیں۔

اب آتا ہے پاکستان سٹیل مل کا نمبر، تو انہی کے حوالے سے جو خبر دی گئی۔ پاکستان سٹیل کے حوالے سے انہوں نے خود خبر اخبار میں دی تھی اس کو میں پڑھ کے سناتی ہوں۔

Pakistan Steel Mills Corporation effectively enjoys captive domestic markets due to the prevalent demand, supply and balance in the country. Steel industry where demand has historically exceeded local supply and the back of sustained improvements in Pakistan to macro-economic environment. The demand for steel in the country is expected to grow. Pakistan Steel's weekly position to take advantage of the expected

demand growth as adequate infrastructure is already in place to cater capacity expansion.

ں industry کو privatise کیا جائے۔ ایسی industry کو جس کے بارے میں یہ خود لکھ رہے ں۔ مزید یہ کہتے ہیں کہ

Pakistan Steel Mills strives to maintain high quality in environme standards and this regard has received ISO 9001, ISO-1401 and SA-80(certification along with the environmental Excellence Award 2005. Sc what it has said about Pakistan Steel. It is a profitable unit. It is somethir that we should be proud of. It is a symbol of the prosperity that they clai

ں کو ہم privatize کر دیں۔

Sir, Pakistan Steel Mills was a vision of the Quaid-e-Awam of th Pakistan People's Party, the former Prime Minsiter of this country who ha the vision to give a nuclear programme to this country. Who had a visio to install the Steel Mills in Karachi. Why did he do that? It is for th benefit of this country. It is for the benefit of the people of this country.

ور جس کے بارے میں یہ خود کہہ رہے ہیں اس کو privatize کریں؟ ایسی کیا مجبوری ہے؟

Mr.Chairman, you can have an argument for and against. Privatization There can be ten points for it and there can be ten points against it but the point is that in every country you have to look at the circumstances, you have to look at the industry. یہ نہیں ہوتا کہ اگر British Telecom نے کر دیا British Steel نے کر دیا، فلاں نے کر دیا تو ہم بھی ان کو follow کرنے لگیں۔ ایسی کیا مجبوری ہے؟ جناب چیئرمین! یہ ہمارے ملک کی ایک Star Industry ہے اور اس کے turn around کا کریڈٹ اس کے پچھلے چیئرمین کو جاتا ہے اور اس کو privatize کرنے کی بجائے

اس کو improve کرنا چاہیے، ہم اس کو enhance کریں۔ ہمیں چاہیے تھا کہ ہم اور سٹیل
لگاتے، بجائے اس کے کہ جو ہمارے پاس ہے اس کو بھی ہم فارغ کر دیں۔ Sir یہ حقیقت
اگر آپ اپنا گھر بیچیں گے تو ساری عمر کے لیے ou will never have a house again.
تو اپنی industries کو اس طرح فروخت کریں۔ ایسی کیا مجبوری ہے؛ پھر اس
Parliamentary scrutiny میں کیوں نہ لایا جائے؛ جب یہ معاملہ اگست کی میٹنگ میں ise
کیا گیا تو وزیر صنعت کی طرف سے جواب آیا، میں اس میٹنگ میں نہیں تھی اس لیے مجھے نہیں
پتا کہ اس نے کیا transpire کیا لیکن میں آپ کو صرف ایک paragraph پڑھ کر بتاتی ہوں
کس طریقے سے انہوں نے اس کو treat کیا ہے کہ Members of Parliament کا کوئی حق
نہیں ہے کہ اس issue کو raise کریں کیونکہ Cabinet نے decide کر دیا ہے کیونکہ اس
take up کیا گیا تھا، کوئی explanation نہیں ہے۔ یہ ہمارا حق ہے، یہ ہماری demand
اور ہم یہ کہتے ہیں کہ اس کو اتنا lightly مت لیں۔ یہ ایسا issue نہیں ہے کہ اس کو et
aside کیا جائے کیونکہ یہ Cabinet کا فیصلہ ہے اور آپ ماشاء اللہ خود وکیل ہیں اور آپ کو
ہے اور اس judgement سے بھی واقف ہیں جو کوٹ ادو کیس میں جسٹس عبدالقیوم نے دی
تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ اس کی نجکاری کو reverse کیا جائے because it is against
the national interest of Pakistan . Again, I will say that this is against the
national interest of Pakistan. جب محترمہ بےنظیر بھٹو ملک کی وزیر اعظم تھیں اور پی ٹی
سی ایل کی نجکاری کی بات کی گئی تو اس وقت انہوں نے کہا کہ it is against the
national security interests of Pakistan. So, she accepted that. She did
not press it. She did not go ahead with it. لیکن جب اتنا important issue ہو تو
اس کو پارلیمنٹ میں لے آئیں اور اس پر debate کروائیں۔ اس میں consensus پیدا کریں۔
کیا یہ حکومت ہمیشہ کے لیے چلے گی؛ ایک وقت آئے گا دوسری حکومتیں بھی ہوں گی اور سب
کچھ review ہوگا کیونکہ یہ ملک کے assets کی بات ہے اور یہ حقیقت ہے اور سب دنیا کو
معلوم ہے کہ دنیا کی سٹیل انڈسٹری کو آج ایک Indian conglomerate dominate کر رہا
ہے۔ ہمیں کیا پتا ہے کہ کل اس کو کون خریدے گا؛

You can set up any company, you can set up any dummy company and come in to buy somebody's assets.

PTCL کے investors بھاگ گئے تھے ، ان کے پیچھے یہ لوگ گئے، ان کی منتیں
کیں کہ آپ واپس آئیں ، حقیقت ہے کہ fragility of our economy and fragility of
our political structure ہے اس کو ہمیں بڑا sensibly handle کرنا چاہیے، جو کچھ ہمارے
پاس ہے اس کو ہم enhance کریں بجائے اس کے کہ اس کو دوسروں کے حوالے کریں، اور
ایسا کیوں کریں؟

جناب والا! وزارت صنعت نے جو جواب دیا ہے اس کا میں ایک پیرا گراف آپ کو پڑھ
کر سناتی ہوں

the observations of the Committee regarding privatization and disposal of land owned by Pakistan Steel has been examined. It is to inform that decision for privatization was taken by the Cabinet Committee on Privatization on 11-4-2005. To ensure transparency, the process of privatization of Pakistan Steel will be carried out as per Privatization Commission laws and rules.

دیکھیں یہ کیا کہہ رہے ہیں؛ کیا ہم ان rules and laws سے اختلاف کر رہے ہیں؛ ہم یہ کہہ رہے
ہیں کہ اس کو پارلیمنٹ میں لے کر آئیں اور اس پر debate کریں اور اس پر وزیر صاحب نے
ایک نوٹ لکھا اور کہا کہ please bring this to the attention of the Chairman and
the members of the Committee. Is it how we should treat it? Is it how we
should adopt it. یہ ہمارا legitimate concern ہے۔

It is our duty to raise this concern. And we have been raising it time and again. So, it is time that they should take note of this and it is time that they sit with the members of the Committee and sit with the members of Parliament and they discuss it. We want accountability. We want

tranparency. I mean, it is not something that is going to go away lightly. We are making future generations liable for actions today. Sir, we have to look at the long term interests of our country and the long term interest of Pakistan demands that the flagship industries of Pakistan should not be privatized and the manner that they have adopted is not acceptable. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ایک منٹ میری بات سن لیجیے۔ I think rules are there, when the Chair speaks the members take their seats. لہٰذا آپ بیٹھ جائیں تو اچھی بات ہو گی--------

سینیٹر کامران مرتضٰی، جناب! ابھی آپ نے دیکھا کہ شیر افگن صاحب اس ایوان میں بیٹھے ہوئے تھے اور cameraman کو بلوا کر ان کا کیمرہ اور وہ سب کچھ check کر رہے تھے۔ یہاں سے وہ اٹھے ہیں ان کو ساتھ لے گئے ہیں، PTV کے کسی senior آدمی کو بلوایا ہے، ڈانٹ ڈپٹ ہو رہی ہے، اس بے چارے غریب آدمی کو ڈانٹا ڈپٹا جا رہا ہے اور صرف اس بات پر کہ آپ نے اس side سے کیوں فلم بنائی ہے اور اس side سے فلم کیوں نہیں بنی ہے۔ آپ ابھی بھی ان کو بلوا کر---------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ کے جذبات اپنی جگہ پر، میں آپ کے جذبات کو سمجھتا ہوں، but the motion raised by Saadia is more important, let us not dilute it please. Let us not dilute it in this manner.......

(Interruption)

Mr. Presiding Officer: I wish I could be with you. Motion پیش ہو گیا ہے، اس پر وہ بول چکی ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگزئی، وہ بات آپ کی صحیح ہے جناب! لیکن اب مسئلہ یہ ہے کہ پھر وہ لوگ اٹھ جائیں گے جو ذمہ دار ہیں، پھر اس کی اہمیت نہیں رہے گی۔ آپ یہ دیکھ

لیں کہ چیئرمین نے اس order کو cancel کر دیا، جنرل مشرف نے پورے بلوچستان اور سندھ کے لیے اعلان کیا تھا، زرعی ترقیاتی بنک کے نئے چیئرمین کا notification کر دیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، یہ میں سمجھتا ہوں کہ اچھی بھلی بات کو آپ اس طرح نہ بگاڑیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، بھلی ہے واقعی اور مجھے اچھی بھی لگ رہی ہے۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ ذرا اس پر بھی بات ہو جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ کے نزدیک تو اس کی اہمیت ہی کوئی نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی، نہیں، نہیں، اہمیت تو ہے جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اگر اہمیت ہے تو پھر let us follow its conclusion. انصاری صاحب۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری، یہ بات بہت important ہے، اس کو اگلے اجلاس میں general debate کے لیے لایا جائے تاکہ پتا لگ سکے کہ privatization کیسے ہو رہی ہے۔ یہاں بیروزگاری کا مسئلہ بڑھتا جا رہا ہے، بجائے اس کے کہ ہمارے جو assets ہیں ان کو بیچ کر ہم ملک میں اور زیادہ بیروزگاری بڑھائیں۔ آپ کہتے ہیں کہ یہ economy کا system ہے۔ System وہی بہتر ہوتا کہ جس میں آپ لوگوں کو روزگار مہیا کریں۔ یہ نہیں ہونا چاہیے کہ لوگوں سے روزگار چھینا جائے۔

Mr. Presiding Officer: I think Saadia has acted well. Let us not talk of the reaction at the moment. Can we have the Minister to respond and rather seriously to what she has said.

Senator Dr. Abdul Hafeez Shaikh (Minister for Privatization): *Bismillah-ir-Rehman-ir-Raheem*. Mr. Chairman, for the last four days I have been coming here, everyday waiting with anticipation for this discussion.

سعدیہ عباسی صاحبہ کو بھی یہ علم ہے کہ میں چار دن سے اس چیز کا منتظر ہوں کہ یہ بات ہو ۔ So, it is with sadness that I note that she said کہ گویا ہم اس چیز پر debate کرنے سے کترا رہے ہیں یا debate کرنے کے خواہش مند نہیں ہیں۔ We are always ready to debate issues. اسی ہاؤس کے اندر ہر privatization پر بہت مکمل debate ہوتی ہے۔ لوگ اپنا point of view دیتے ہیں اور ہم اپنی اہلیت کے مطابق جو حکومت کی پالیسی ہے اسے defend کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ قائد عوام جن کا انہوں نے ذکر کیا' ان کے آخری دور میں privatization شروع ہوئی۔ کیوں؟ کیونکہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو خود احساس ہو گیا تھا کہ یہ سلسلہ حکومتی اہلکاروں سے اگر چلایا گیا تو اس سے بات نہیں بنے گی۔ ان کے آخری دنوں میں سینکڑوں کمپنیوں کو privatize کیا گیا اور اس کے بعد ہر حکومت' خواہ ان کے دو دور ہوئے' بے نظیر بھٹو صاحبہ کے دور ہوئے' انہوں نے بڑھ چڑھ کر privatize کرنے کی کوشش کی۔ نواز شریف صاحب کی دو حکومتیں آئیں' انہوں نے بھی بڑھ چڑھ کر privatization کرنے کی کوشش کی۔ اس دور میں بھی ہماری سیاست کا جو انداز ہے' جو رویہ ہے وہ یہی تھا کہ اس جانب لوگ بیٹھ کر انہیں criticise کرتے تھے اور وہ خود defend کرتے تھے۔ یہ ہماری سیاست کا ایک طریقہ کار ہے' یہ سیاست کا ایک حصہ ہے' اسے ہمیں قبول کرنا چاہیے لیکن جو privatization شروع میں ہوئی' یہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے زمانے میں پہلا privatization کا پلان بنا اور انہوں نے ہی ایک visionery اور ایک دور اندیشی کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے اس privatization کے عمل کو شروع کیا۔ پھر جب نواز شریف صاحب کی حکومت آئی تو انہوں نے کافی پیش رفت کی اور کوئی ساٹھ ستر کمپنیوں کو privatize کیا گیا جس میں مسلم کمرشل بنک وغیرہ بھی تھے۔ دنیا نے دیکھا کہ پورے 90 کی دہائی کے دوران' حبیب بنک' یونائیٹڈ بنک اس ملک کے خزانے پر بوجھ بنے رہے اور جو مسلم کمرشل بنک privatize ہو چکا تھا وہ ایک منافع بخش اور طاقتور ترین بنک بن گیا۔ اسی طرح اگرچہ انہوں نے سٹیل مل کی بات کی تھی لیکن انہوں نے اور بھی کچھ چیزیں اٹھا دی ہیں۔ یہ بھی ایک ریکارڈ کا حصہ ہے کہ پی ٹی سی ایل کی privatization بھی بے نظیر بھٹو صاحبہ کی حکومت میں شروع ہوئی اور یہ بھی ان کی far sighted اور modern

approach for economy management تھی۔ یہ دوسری بات ہے کہ حالات اس طرح کے ہوئے کہ وہ یا نواز شریف صاحب، یا میرے جو دوست تھے نوید قمر صاحب، خواجہ آصف صاحب وہ یہ کر نہ پائے۔ کرنا انہوں نے بھی چاہا۔ چاہے KESC ہو، چاہے پی ٹی سی ایل ہو لیکن وہ کر نہ پائے۔ اللہ تعالیٰ نے اگر پاکستان کی situation ایسی کی ہے کہ ہم شاید اس منزل کے قریب ہیں کہ انہی کے اچھے start کیے ہوئے کام مکمل کر سکیں تو انہیں بھی خوش ہونا چاہیے۔ اس چیز کو، تاریخ کو توڑ موڑ کر پیش کرنا اور سیاسی point score کرنا میرے خیال میں یہ fair نہیں ہے۔

اب KESC issue کا وہ بھی جواب دے دوں۔ دیکھیں سعدیہ عباسی صاحبہ کے لیے میرے دل میں بہت عزت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمیشہ serious issues کو discuss کرتی ہیں اور اسی لیے میں بھی کوشش کر رہا ہوں کہ جتنا professionally اس debate کو کیا جا سکے، انہیں جواب دیا جا سکے اور انہیں مطمئن کیا جا سکے۔ اگر آپ اتنے issue پر آ رہی ہیں اور اتنے اہم issue پر بولنا چاہ رہی ہیں تو کم از کم یہ تو معلوم رکھیں کہ KESC کن terms پر privatize کی گئی۔ خدارا یہ تو یہاں نہ کہیں جو آپ کے ریکارڈ کا حصہ بن جائے کہ KESC کو جو پہلے bidder تھے اس سے کم قیمت پر دی گئی۔ Let it be the part of the record that KESC has been privatized on the same price and on the same terms as it was bid out to the highest bidder اس میں، میں یہ نہیں کہتا کہ یہ کسی کی فتح ہے یا کسی کی کامیابی ہے یا کریڈٹ دیا جائے، یہ فقط ایک ریکارڈ کا حصہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو علم نہ ہو۔ اگر میں غلط ہوں تو I am willing to apologise but if not then let it be the part of the record. کیونکہ privatization کا عمل ایک مشکل عمل ہے۔ اس میں آپ کوشش کر رہے ہیں کہ اچھی پارٹیوں کو پاکستان کی طرف مائل کریں۔ پاکستان میں سرمایہ لایا جائے اور مشکل حالات میں، کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو چاہتے ہیں کہ پاکستان کو کامیابی ہو یا یہ کہ پاکستان کی economy میں نیا سرمایہ آئے تو it is a difficult process اور یہ privatization کا حصہ ہے کہ آپ اگر سو ڈیڑھ سو کمپنیوں کو privatize کر رہے ہیں تو چند میں ایسے بھی ہوگا کہ لوگ bid کریں گے اور بعد میں نہیں آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں KESC

میں یہ کامیابی دی کہ اسی قیمت پر جس پر highest bid ہوئی تھی the second highest bidder has matched that price. So, God has given our country, I think a good victory and we should be grateful to him.

اب جہاں تک پی ٹی سی ایل کا سلسلہ ہے تو اس میں بھی اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی دے گا۔ جب وہ وقت آئے گا تو انشاء اللہ اس کے اوپر رپورٹ بھی دی جائے گی۔ جہاں تک criticism کا سلسلہ ہے تو ہم نے یہاں پر بہت debates کی ہیں اور اپنی طرف سے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ صحیح صحیح اور transparently جواب دیے جائیں۔ حبیب بنک کے اوپر جو نیشنل اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے اس میں پانچ گھنٹے ہم نے سوالوں کے جواب دیے۔ خواجہ آصف صاحب کے وہاں پر جو comments ہیں، جس میں انہوں نے کہا کہ اس سے بہتر privatization شاید ہی کبھی ہوئی ہو، وہ بھی ریکارڈ کا ایک حصہ ہے۔ وہ بھی معزز آدمی ہیں، وہ خواہ مخواہ میں کسی کی تعریف کرنے کے عادی ہیں اور نہ unfair ہونے کے عادی ہیں، وہ سخت ہیں، وہ privatization کے عمل کو جانتے بھی ہیں۔ So this is the part of the record also.

اب میں سٹیل مل کی طرف آتا ہوں۔ جناب عالی! privatization کے جو مخالف ہیں، وہ جب بھی کسی چیز کو privatize کیا جاتا ہے تو یہ سلسلہ اٹھا لیتے ہیں کہ یہ اس ملک کا vital interest ہے، یہ strategic interest ہے، یہ نیشنل security کا سلسلہ ہے۔ ان چیزوں کا کیا مطلب ہے؟ کیا چیز strategic ہے اور کیا چیز strategic نہیں، یہ تو لوگوں کے دل میں خدشہ ڈالنے والی بات ہے۔ یہ تو لوگوں کو بھڑکانے والی بات ہے، بغیر کسی دلیل دیے ہوئے۔ آپ کسی چیز کو پرائیویٹ کرنا چاہیں تو کوئی نہ کوئی اٹھ کر کھڑا ہو گا کہ یہ strategic چیز ہے۔ میں جاننا چاہوں گا اور میں welcome کرتا ہوں کہ اس پر ایک full debate ہو۔ پوری privatization policy پر debate ہو۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Please do not interrupt.

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانگرئی ، KESC privatize کیا یہ بھی غلط کیا۔ اس کے لیے خدا سے مدد نہ مانگیں، اگر خدا سے مدد مانگتے ہیں تو آمریت سے نجات کی خدا سے مدد مانگیں۔

Mr. Presiding Officer: Please resume your seat.

سینیٹر ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ ، یہ بہت اہم issue ہے کہ کون سے ادارے strategic ہیں اور کون سے نہیں ہیں۔ پاکستان کے اندر سب سے زیادہ strategic چیز کیا ہے؟ وہ گندم ہے، وہ کپاس ہے، وہ ٹیکسٹائل ہے لیکن کیا وہ پرائیویٹ سیکٹر کے ہاتھوں میں نہیں، وہ ہے۔ Issue یہ ہے کہ حکومت کو اپنا کام کرنا چاہیے، اسے نیشنل ڈیفنس، اسے internal security اسے law and order اسے justice کی فراہمی، اسے بنیادی حقوق، اسے پینے کاپانی، اسے basic health اسے basic education کا خیال کرنا چاہیے۔اگر جناب چیئرمین! ہم یہ کام تو کر نہ سکیں لیکن فیکٹریاں چلائیں اور انڈسٹری چلائیں۔ گورنمنٹ کے جوائنٹ سیکرٹری اور گورنمنٹ بریگیڈئرز کے حوالے یہ بزنس کیے جائیں تو اس کے اثرات ہمارے سامنے ہیں۔

سٹیل مل۔ پہلی بات تو یہ کہی جاتی ہے کہ یہ ایک strategic ادارہ ہے کیونکہ پورے ملک کی سٹیل کا دارومدار اس کے اوپر ہے۔ جناب چیئرمین! پورے ملک کے اندر ساڑھے چارملین ٹن سٹیل کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ پاکستان سٹیل مل فقط ایک ملین ٹن produce کر رہی ہے۔ اس وقت دوملین ٹن سٹیل پرائیویٹ سیکٹر کے ہاتھ میں ہے۔ یہ ایسی کوئی چیز نہیں جو پرائیویٹ سیکٹر پہلے سے نہ کر رہا ہو اور ڈیڑھ ملین ٹن import کی جا رہی ہے۔ اب چونکہ یہ سٹیل مل حکومت کے پاس رہی اور اسے خاص مراعات دی گئیں اور اسے tariff protection دی گئی ہے۔ اس ٹیرف کی وجہ سے پاکستان کے عوام نے سٹیل کی قیمت زیادہ بھری۔ اسی لیے اگر آپ پاکستان کا مقابلہ دوسرے ملکوں سے کریں تو یہاں پر per capita consumption فقط 30 kg per person ہے جبکہ دنیا میں 160 کلوگرام ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ ہم نے اسے pamper کیا۔ اس کی خاطر ہم نے لوگوں کو penalise کیا۔ یہ بھی آپ جانتے ہیں، خاص طور پر آپ کراچی میں رہے ہیں کہ اس steel mills کے ساتھ کیا حشر ہوتا تھا۔ حتیٰ کہ 1999 میں یہ تقریباً collapse ہونے کو تھی اور اس میں اس غریب ملک کے عوام کے اربوں روپے ڈالے گئے فقط

اس کو بچانے کے لیے۔ اب اتنی محنت کے بعد اور international prices کے بڑھنے کی وجہ سے اس میں تھوڑا منافع آیا ہے لیکن اس کی capacity بڑھانے کے لیے اس وقت بھی 1.2 billion dollars کی ضرورت ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ملک میں steel کی demand کتنی بڑھ رہی ہے۔ اب یہ 1.2 billion dollars حکومت کیا steel mills کو دے یا وہ education, health and drinking water پر لگائے جبکہ private sector میں لوگ موجود ہیں جو یہ خطیر رقم اس میں لگا کر اس کی capacity بڑھانا چاہ رہے ہیں اور steel کی production بڑھانا چاہ رہے ہیں۔ یہ ایک practical بات ہے۔ اس میں کوئی ideology کی بات نہیں ہے، یہ ہر حکومت کی پالیسی رہی ہے۔ جہاں اس چیز کا سوال ہے کہ process تو دیکھیں تو جو privatization کا process ہے یہ وہی process ہے جو کہ ہر حکومت کے دور میں رہا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پہلے بھی process تقریباً درست تھا اور اب بھی تقریباً درست ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس process کے بارے میں آپ زیادہ جانیں تو میں آپ کو ایک invitation دے رہا ہوں کہ آپ جب کہیں اور جہاں کہیں ہم آپ کو detailed presentation دینے کے لیے تیار ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ privatization بھی اسی شفاف انداز میں ہوگی جس طرح اور ہوئی ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Please یہ call attention notice ہے اس کا ایک procedure ہے lets comply with it .Please don't interrupt

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! سیکریٹری صاحب کو کہیں کہ ان کو rules کی کتاب مہیا کی جائے۔ جب پالیسی بیان دیا جاتا ہے تو اس وقت مداخلت نہیں کی جاتی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں تو request کیے جا رہا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ: جناب! جہاں تک employees کا سوال ہے تو میں دو چیزوں کے بارے میں ایوان کو public assurance دینا چاہتا ہوں۔ چونکہ لوگوں کے ذہن

میں یہ بات ہے۔ ایک تو یہ کہ steel mills کے ساتھ کافی land attached ہے تو یہ assurance میں آپ کو دے رہا ہوں کہ steel mills core steel mills ہے وہ privatize کی جائے گی اس کے ساتھ جو land attached ہے وہ separate ہوگی اور وہ حکومت کو واپس چلی جائے گی۔

دوسری بات! ہم نے ۱۸ نومبر کو ایک کمیٹی بنائی ہے جو steel mills کے ملازمین کے ساتھ بیٹھے گی اور ان کے جو بھی خدشات ہوں گے، جو بھی ان کے issues ہوں گے، جو بھی ان کے ذہن میں سوالات ہوں گے وہ ان کے ساتھ مل کر طے کریں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ privatization خوش اسلوبی سے ہو گی اور employees کو ساتھ لے کر چلا جائے گا۔

Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. That takes care of the Call Attention Notice. Now, we will come on to the speeches. Yes Agha Sahib.

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! اس ایوان میں PMDC کا معاملہ آیا تھا اور وزیر صاحب کو دو دن کا وقت Chair کی طرف سے دیا گیا تھا۔ ان پر آج تک کوئی statement نہیں آئی۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ وزیر صاحب کو ہدایت کی جائے کہ کل ۲۴ تاریخ کو وہ اجلاس میں تشریف لائیں اور اس کا جواب دیں۔

Mr. Presiding Officer: Can we ask the Minister for Privatization to do it.

سینیٹر کامل علی آغا، اگر آپ ہدایت کردیں گے تو وزیر صاحب ضرور آئیں گے۔اگر آپ کے دفتر کی طرف سے سیکریٹری صاحب ہدایت بھیجیں۔

Mr. Presiding Officer: I can say that Minister for Health had been asked to give explanation to the House.

جو details ہیں وہ سیکریٹری صاحب کو دے دیں گے یا آغا صاحب دے دیں but please

what ever the commitment a Minister makes in the House, that must be duly honoured. Yes.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، دو دن بعد انہوں نے جواب دے دیا تھا۔

سینیٹر کامل علی آغا، وہ جی! انہوں نے بیان یہ دیا تھا-----

Mr. Presiding Officer: Let him say

کہ انہوں نے بیان دے دیا ہے۔ وہ کل آ کر ہمیں بتا دیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ کیا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ PMDC والے meeting کر رہے ہیں ۲۱ تاریخ کو، ان کی meeting کے بعد وہ بتائیں گے کہ انہوں نے کیا کیا ہے لیکن یہ معاملہ نہیں ہے کہ PMDC نے کیا کیا ہے؟ یہ منسٹر کو ہاؤس کی طرف سے demand نہیں تھی، یہ demand تھی کہ منسٹر صاحب کیا کر رہے ہیں اور منسٹری اس کے اوپر کیا کر رہی ہے؟ سعدیہ عباسی صاحبہ بھی بیٹھی ہوئی ہیں۔ اس کے اوپر آپ ان کو پابند کریں کہ کل آخری day ہے after six days ان کو یہ پابندی کرنی چاہیے کہ وہ ہمیں بتائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ ناراض کیوں ہو رہے ہیں؟

سینیٹر کامل علی آغا، نہیں جناب! وہ بات ضروری ہے۔ کل بھی یہ statement نہ آئی تو پھر اگلے اجلاس میں جائے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ناراض نہ ہوں۔ میں گزارش یہ کر رہا ہوں، اگر آپ سن لیں تو ---

سینیٹر کامل علی آغا، جی بڑی مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میں کہہ رہا تھا کہ

we are all aware of this that Ministers have collective responsibility, since the Minister is here, he has heard you and we expect that he will inform the House tomorrow morning.

Senator Kamil Ali Agha: Thank you sir.

(اس موقع پر اپوزیشن کے راہنماؤں کے ایوان میں آنے پر ڈیسک بجائے گئے)

Mr. Presiding Officer: Most welcome. Now, I will request Prof. Ghafoor Ahmed sahib, we are waiting for long to hear you.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، مجھے تقریباً دو گھنٹے پہلے floor دیا گیا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ہم نے تو کل دیا تھا۔ آپ نے کہا تھا کہ آج بولیں گے۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، نہیں، دو گھنٹے پہلے چیئرمین صاحب نے مجھے floor دیا تھا---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، انہوں نے کہا تھا لیکن یہ موشن بھی equally ضروری تھا۔ اچھا ہوا اس پر بحث ہو گئی۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے اس اہم موضوع پر تمام اراکین سینیٹ کو اظہار خیال کا موقع عنایت فرمایا ہے----

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! جو پارلیمانی کمیٹی بنی ہے اس میں اپوزیشن نے شرکت کی ہے۔ میں اس میں اپوزیشن کو خوش آمدید بھی کہتا ہوں اور دادِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ یہ ایک بہت اچھی بات ہے کہ پاکستان میں یہ روایت قائم ہو کہ اپوزیشن اور treasury اکٹھے بیٹھ کر قومی مسائل کے متعلق کارروائی میں شریک ہوں اور پاکستان کی بہتری کے لیے مل بیٹھ کر سوچیں اور کام کریں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جی ہاں۔ اچھی روایت ہے۔ میرا خیال ہے کہ floor پروفیسر صاحب کے پاس تھا۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I will just take one minute in response to this.

سب سے پہلے تو میں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ اپوزیشن نے قومی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے

اور تمام تر حالات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کیا ہے۔ اپوزیشن آج اس اجلاس میں شریک ضرور ہوئی تھی لیکن بطور ممبر کمیٹی کے ہم لوگ نہیں گئے کیونکہ ہمارے کچھ تحفظات تھے بالخصوص terms of reference کے اوپر اور پارلیمانی بالادستی اور اس کمیٹی کے دائرہ اختیار کے بارے میں۔ ہم نے مناسب یہ سمجھا کہ اس میں ہم تحفظات کی وجہ سے شرکت نہ کریں، مل بیٹھ کر اپنے تحفظات سامنے رکھیں اور اس کے بعد دیکھیں کہ صورت حال کیا بنتی ہے۔ لٰہذا یہ کوئی formal meeting اس کمیٹی کی نہیں تھی، یہ متحدہ اپوزیشن اور پرائم منسٹر یا حکومت کے درمیان informal exchange of views on the terms of reference اور کمیٹی کے دیگر امور کے بارے میں تھا۔

Mr. Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر وسیم سجاد جناب والا! میں اپنے اپوزیشن لیڈر جناب رضا ربانی صاحب کے بیان کی تائید کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ وضاحت ضروری ہے کیونکہ پہلی چیز تو یہ تھی کہ آج یہ تشریف لائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اپوزیشن پارٹی کے جو محترم لیڈر ہیں ان کا اس اجلاس میں شرکت کرنا ہی جمہوریت کے لیے اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لیے ایک بہت اچھا قدم ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ یہ درست ہے کہ انہوں نے یہ کہا تھا اور میں سمجھتا ہوں یہ وضاحت ضروری ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ فی الحال بطور joint اپوزیشن کے شرکت کر رہے ہیں اور committee کے terms of reference پر ہے اور کمیٹی کا جو اختیار ہے اس کے بارے میں ہماری کچھ reservations ہیں، ہم اس پر غور و فکر کے لیے تجاویز حکومت کو دے دیں گے۔ پھر بیٹھ کر صلاح مشورہ ہوگا۔ ایوان کی جانب سے شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ تمام لیڈران نے محسوس کیا کہ یہ جو آفت ہے، یہ جو مصیبت ہے، اتنی زیادہ ہے اور یہ tragedy اتنی وسیع ہے، اس معاملے کو صرف ایک سیاسی نقطہ نظر سے نہ دیکھا جائے بلکہ ایک وسیع نظر سے دیکھا جائے تاکہ عوام کی تکالیف کو کم کیا جائے اور ان کی مشکلات کا مداوا کیا جائے۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بہت خوب۔ Now, I will request پروفیسر غفور احمد صاحب to please take the floor.

FURTHER DISCUSSION ON THE SITUATION ARISING OUT OF THE 8TH OCTOBER EARTHQUAKE

سینیٹر پروفیسر غفور احمد ، جناب چیئرمین ! 8 تاریخ کا جو قیامت خیز اور تباہ کن زلزلہ تھا اس کا اندازہ ان ویران مقامات کو دیکھے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ چشم زدن میں وہ آباد شہر' ویرانا اور قبرستان بن گئے اور ہزار ہا افراد جو زندہ تھے' وہ لقمہ اجل ہو گئے اور اس کے بعد مسلسل جھٹکے محسوس ہو رہے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جو مکانات بالکل منہدم نہیں ہوئے ہیں' ان کے مکین بھی راتوں کو اپنے مکانوں میں نہیں رہتے بلکہ مکانوں کے باہر خیمہ لگاتے ہیں اور وہاں ان خیموں میں رہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس زلزلے کی نوعیت بھی بالکل عجیب و غریب تھی' کئی' کئی فٹ زمین اوپر اٹھی اور زمین' زمین کے نیچے دھنس گئی۔ میں نے کئی' کئی منزلہ عمارتوں کو دیکھا ہے کہ وہ پوری کی پوری زمین کے نیچے دھنس چکی تھیں اور بالائی منزل کے نشانات زمین کے اوپر نظر آ رہے تھے۔ سائنس کی تمام تر ترقی کے باوجود ابھی کوئی آلہ ایسا ایجاد نہیں ہوا ہے کہ وہ زلزلے کی قبل از وقت پیش گوئی کر سکے کہ یہاں زلزلہ آنے والا ہے لیکن یہ ضرور ہوتا ہے کہ زلزلہ آنے کے بعد تحقیقات کی جاتی ہے کہ اس کا مرکز کہاں تھا اور اس کے اسباب کیا تھے' وہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ بعض گوشوں کی جانب سے اس شبہ کا اظہار کیا گیا ہے کہ ہمارے پڑوسی ملک افغانستان میں زیر زمین کچھ ایسے تجربات کیے گئے جو ان زلزلوں کا سبب بنے ہیں۔ جناب والا! ہو سکتا ہے کہ یہ بالکل بے بنیاد شبہ ہو لیکن میرا خیال ہے کہ کم از کم جو تحقیقات ہو رہی ہیں ان میں اس بات کو بھی ملحوظ رکھا جائے۔

پوری قوم نے زندگی کا' یک جہتی کا' ایثار کا جو مظاہرہ کیا ہے' میرا خیال ہے کہ وہ ایک بہت بہترین مثال ہے۔ زلزلہ تو صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر کے کچھ اضلاع میں آیا تھا لیکن پورے ملک میں رمضان کے زمانے میں جناب والا! لاکھوں افراد رات و دن کام کرتے رہے' عطیات وصول کرتے رہے' ان کو چھانٹتے رہے اور ہزاروں ٹرکوں کے ذریعے اسے متاثرہ علاقوں میں بھیجا گیا۔ ابتدائی دنوں میں کیفیت یہ تھی کہ جب ٹرک تھوڑا فاصلہ طے کرتے تھے' انہیں تیرہ' تیرہ گھنٹے لگتے تھے' اس لیے کہ ٹرکوں کی طویل لائن لگی ہوئی ہوتی تھی۔ رمضان کے مہینے

میں لوگوں نے بائیس، بائیس گھنٹے کام کیا ہے اور پھر مجھے یہ کہنے میں جناب والا! خوشی ہے کہ ہزاروں کارکن متاثرہ علاقوں میں پہنچ گئے، انہوں نے رمضان وہاں گزارہ اور عید بھی انہوں نے وہیں گزاری ہے۔ بلوچستان کے افراد تک وہاں پہنچے تھے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو ایثار و قربانی کی ایک مثال بتاتا ہوں کہ میں شام کے وقت اپنے گھر پر آیا تو میں نے دیکھا کہ دو خواتین میرا انتظار کر رہی ہیں۔ وہ دونوں غریب خواتین نظر آتی تھیں، وہ معمولی کپڑے پہنے ہوئے تھیں، میں نے اپنے دل میں یہ خیال کیا کہ شاید یہ ضرورت مند خواتین ہیں، شاید کچھ ضرورت کا اظہار کریں گی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ بی بی آپ یہاں کیوں آئی ہیں، فرمائیے کیا بات ہے تو انہوں نے کہا کہ ہمیں بڑی مشکل سے آپ کا مکان ملا ہے۔ ہم چلتی، چلتی تھک گئی ہیں، میں نے کہا فرمائیے کیا حکم ہے۔ جناب چیئرمین! ان میں سے ایک خاتون نے مجھے پانچ سو روپے کا نوٹ دیا، یہ زلزلہ زدگان کے لیے ہے اور دوسری خاتون نے دو سو روپے دیئے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ان غریب خواتین کے یہ سات سو روپے ہزاروں بلین ڈالرز سے زیادہ قیمتی ہیں، یہ جذبہ ہے ایثار کا، قربانی کا جو ہماری قوم کے دلوں میں ہے۔ بیرون ملک مقیم جو پاکستانی ہیں، انہوں نے بھی کسی بخل کا ثبوت نہیں دیا، انہوں نے مالی امداد کی اور ان کے بے شمار افراد doctors اور engineers متاثرہ علاقوں میں آج بھی کام کر رہے ہیں۔ یہ خدمات قابل تحسین ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس بات میں کوئی تردید نہیں کی جا سکتی کہ اگر متاثرہ علاقوں میں بغیر کسی تاخیر کے امداد پہنچ جاتی تو ہو سکتا ہے کہ ملبے کے نیچے دبے ہوئے کچھ لوگوں کو زندہ نکال لیا جاتا اور کچھ زخمیوں کا ایسا علاج کر لیا جاتا کہ ان کے اعضا کاٹنے کی نوبت نہ آتی۔

میں یہ بات عرض نہ کروں تو میں کوتاہی کروں گا کہ پاکستانی فوج نے بھی لائق تحسین کردار ادا کیا ہے، میں نے دیکھا ہے کہ خود ان کا بھی جانی نقصان ہوا ہے مگر اس کے باوجود انہوں نے وہاں کام کیا ہے، راستے کھولنا ان کا بہت بڑا کام تھا اور اگر یہ راستے نہ کھولتے تو ظاہری بات ہے کہ وہاں سامان کی ترسیل نہیں ہوسکتی تھی۔ انہوں نے ہیلی کاپٹر کے ذریعے مریضوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا ہے، اگر ایسا نہ ہوتا تو شاید ان کی جانیں نہ بچ سکتیں۔ وہ علاقے جو بہت دشوارگزار ہیں، پہاڑی علاقے جہاں لوگ نہیں پہنچ سکے تھے وہاں ہیلی کاپٹر کے

ذریعے سے انھوں نے کھانے پینے کی چیزیں پہنچائی ہیں، اگر ایسا نہ ہوتا تو شاید وہ بھوکے اور پیاسے مر جاتے۔ میں یہ بھی کہنے میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ ان کا دیگر تنظیموں سے رابطہ بھی ہے، ایسا نہیں ہے کہ وہ تنہا کام کر رہے ہوں، تمام دیگر تنظیموں سے مل کر کام کر رہے ہیں۔

جناب والا! ملک کی تمام دینی اور سیاسی جماعتوں، مجاہدین اور NGOs نے بڑھ چڑھ کر اس میں کام کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے لوگوں نے کشمیریوں کے دل جیت لیے ہیں۔ مسلم ممالک اس میں بہت پیش پیش ہیں، ان کی خیمہ بستیاں ہیں، ان کے رضاکار، ان کے ڈاکٹرز، ان کے engineers کام کر رہے ہیں۔ میں یہ بات بھی تسلیم کرتا ہوں کہ مغربی ممالک کی ٹیمیں بھی متاثرہ علاقوں میں کام کر رہی ہیں۔ کیوبا لائق تحسین ہے، ان کے doctors وہاں کام کر رہے ہیں، حالانکہ کیوبا سے ہمارے سفارتی تعلقات قائم نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! موسم سرما شروع ہو چکا ہے، برف باری کا آغاز ہو گیا ہے۔ یہ بات باعث اطمینان ہے کہ حکومت نے گھروں کی تعمیر اور بحالی کے لیے رقوم میں چار گنا اضافہ کر دیا ہے، اسے 20 ارب سے بڑھا کر 80 ارب روپے کر دیا گیا ہے۔ اگر اس رقم کو صحیح طور پر خرچ کیا جائے تو میں یقین سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ انشاء اللہ ہم بہت حد تک ان خرابیوں پر قابو پا سکتے ہیں۔

جناب والا! خیمہ بستیاں مستقل حل نہیں ہیں، جب بارش اور برف باری ہو گی تو ظاہر بات ہے کہ وہ وہاں سکون سے نہیں رہ سکتے۔ گھروں کے لیے جستی چادروں کی ضرورت ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ ہمارے ملک کے کاروباری لوگوں نے جستی چادروں کی قیمتوں میں چار گنا سے زیادہ اضافہ کر دیا ہے، میں حکومت پاکستان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تھوڑی مدت کے لیے جستی چادروں کو ڈیوٹی free کر دیں تاکہ وہ ملک میں اور جو black marketing ہو رہی ہے اس پر قابو پایا جا سکے۔

دوسری اہم ترین چیز تعلیم کی بحالی ہے۔ اسلامی جمعیت طلبا نے خیمہ سکول شروع کر دیئے ہیں لیکن ظاہر بات ہے کہ حکومت اسے ترجیح دے۔ سرکاری ادارے منہدم ہوئے ہیں اور ہماری نئی نسل معدوم ہو گئی ہے، ہمارے چھوٹے چھوٹے بچے، کلیاں کھلنے سے پہلے مرجھا گئیں، ان کی آوازیں آتی رہیں، ہمیں بچا لو اور ہم انہیں بچانے میں ناکام رہے۔ جناب چیئرمین! باغ

میں جب گورنمنٹ گرلز کالج تعمیر ہو رہا تھا تو اس وقت باغ کے لوگوں نے احتجاج کیا تھا کہ یہ تعمیر بڑی ناقص ہے۔ اس سے ہماری بچیوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ جائیں گی، اس وقت ان کی بات نہیں سنی گئی اور نتیجہ یہ ہوا کہ زلزلہ آیا اور پورے کالج کی عمارت بیٹھ گئی اور M.A کی 70 طلبات اس بلڈنگ کے نیچے دب کر شہید ہوگئیں۔ آزاد کشمیر کے طلبا آج بہت پریشانیوں میں مبتلا ہیں، میری گزارش یہ ہو گی کہ پاکستان کی یونیورسٹیوں میں انہیں جگہ دی جائے اور تعلیم کی سہولت فراہم کی جائے۔

دوسری بہت اہم ضرورت طبی سہولتیں ہیں، میں مانتا ہوں کہ وہ دی جا رہی ہیں۔ PIMA نے وہاں بہت بڑھ چڑھ کر کام کیا ہے، field hospitals قائم کیے ہیں، جہاں سرجری اور ایکسرے کا انتظام ہے، وہاں دوائیاں مفت فراہم کی جا رہی ہیں لیکن ظاہری بات ہے یہ کام حکومت کو کرنا چاہیے اس کے بغیر یہ کام نہیں ہو سکتا۔ دوسرے لوگوں کو بھی اس میں حصہ لینا چاہیے۔ اس وقت وہاں پر بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ لوگ اسہال کا شکار ہو رہے ہیں، پیچش میں مبتلا ہیں اور لوگوں کے ایک ساتھ رہنے کی وجہ سے کھجلی کی بیاری عام ہے۔ متاثرہ علاقوں میں ملبے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ وہاں آج بھی اتنا تعفن ہے کہ آپ باہر نہیں نکل سکتے۔ ابھی تک لوگ ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور مویشی بھی ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ سب سے اہم کام یہ ہے کہ ملبہ اٹھایا جائے۔ جناب والا! زلزلہ چند منٹ کا تھا لیکن بحالی کے کام میں برسوں لگ سکتے ہیں اور اس کے لیے باہمی تعاون اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ جنرل مشرف صاحب کا سابقہ حکومت پر سب سے زیادہ اعتراض یہ تھا کہ انہوں نے مملکت کے اداروں کو تباہ کیا اور ان کا وقار قائم نہیں ہونے دیا لیکن اب میں بڑے دکھ کے ساتھ یہ بات کہتا ہوں کہ مملکت کے اداروں کو جس طرح اس دور میں بے نقاب کیا گیا ہے، اس سے پہلے کبھی نہیں کیا گیا تھا۔

جناب والا! قومی اسمبلی in session تھی۔ اس عرصے میں زلزلے پر وہ بحث کرتے رہے لیکن جناب چیئرمین! قومی اسمبلی اور نہ ہی سینیٹ کو کسی بھی ایک اہم معاملے میں اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ پارلیمنٹ کو نظر انداز کیا گیا ہے اور یہ سارے فیصلے ایک فرد واحد نے کیے ہیں۔ ایک وزیر نے کہا تھا کہ اس ملک میں صدارتی نظام ہونا چاہیے تو صدارتی نظام سے بڑھ کر

یہاں تو بدحالی نظام ہے۔ ایک فرد واحد کے ہاتھ میں سارے اختیارات ہیں۔ اس لیے میں عرض کروں گا کہ اس معاملے میں حکومت کو مشورے سے کام کرنے چاہئیں۔

جناب والا! یہ کہا جاتا ہے کہ کشمیر کو ایک غیر فوجی علاقہ بنا دیا جائے لیکن خدا کے لیے اپنی تنظیم کو بھی غیر فوجی بنا دیں۔ آپ نے جتنی بھی نامزدگیاں کی ہیں خواہ یہ چیف ریلیف کمشنر ہیں یا دوسرے عہدیدار ہیں' یہ سب کے سب فوج سے لیے گئے ہیں۔ اس طرح سے پورے چودہ کروڑ عوام پر عدم اعتماد ہے کہ ان میں سے کوئی ایک بھی اس قابل نہیں ہے کہ یہ ذمہ داری نبھا سکے۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ مشرف صاحب صدر مملکت بننے کے باوجود اپنے آپ کو آرمی چیف سے بلند نہیں کر سکے ہیں۔ 19 نومبر کو Donor Conference میں ہماری توقعات سے بڑھ کر لوگوں نے شرکت کی ہے اور پانچ کی بجائے چھ بلین ڈالر دینے کے وعدے ہوئے ہیں۔لیکن جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دو تہائی سے زائد اس میں قرضے ہیں۔ ہماری معیشت اتنے قرضوں کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتی۔ یہ سارے قرضے re-habilitation پر خرچ ہوں گے اور اس کا کوئی نفع پاکستان کو نہیں ملے گا۔ State Bank of Pakistan کے گورنر کا بیان ہے کہ دس سال کے اندر ان قرضوں کو ادا کرنا ہوگا۔ میں اس وقت یہ بات کہتا ہوں کہ اگر ہمارے مغربی ممالک ہمارے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں تو بجائے قرض دینے کے، عطیات دیں۔ اقوام متحدہ نے اپیل کی ہے کہ خلیج کی مالدار ریاستیں جن کے پاس تیل کی دولت ہے' وہ پاکستان کی مدد کریں۔ میں اقوام متحدہ سے یہ بات کہتا ہوں کہ خلیج کی ریاستوں نے تو پہلے ہی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے مگر مغربی ممالک جو ان سے بہت زیادہ مالدار ہیں' خدا کے لیے وہ ہماری بدنصیبی اور خستہ حالی کا ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں ، ہمیں قرضے دینے کی بجائے عطیات دیں۔

جناب چیئرمین! میں اس بات کا اظہار کرتا ہوں کہ پاکستان کی جانب سے Line of Control کھولنے کی بات کی گئی ہے۔ ایک عام آدمی یہ بات سمجھتا ہے کہ اگر دونوں حکومتوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ فلاں دن فلاں مقام پر Line of Control کھولی جائے گی تو لوگ اس کا یہ مطلب سمجھتے ہیں کہ شاید اب منقسم خاندان ایک طرف سے دوسری طرف جا سکیں گے۔ اسی خیال سے بہت سارے لوگ آزاد کشمیر میں جمع ہو گئے لیکن جناب والا! ان پر tear gas

پھینکی گئی، ان پر لاٹھی چارج کیا گیا اور پھر Human Rights Watch نے یہ بات کہی کہ شاید آزاد کشمیر کے سپاہیوں کو اس بات کی کھلی اجازت دے دی گئی ہے کہ وہ متاثرہ لوگوں پر لاٹھی چارج کریں۔ جناب والا! میں یہ بات کہتا ہوں کہ بھارت نے Line of Control کھولنے کی بات تو کی ہے لیکن اس نے دل کے دریچے نہیں کھولے ہیں۔ ابھی حال ہی میں بنگلہ دیش میں جو سارک کانفرنس ہوئی تھی، اس میں بھارتی وزیر اعظم من موہن سنگھ نے یہ بات کہی کہ دہلی میں جو بموں کے دھماکے ہوئے ہیں، اس میں پاکستان ملوث ہے، یہ الزام سراسر غلط ہے۔ اس کے بارے میں ان کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے جو وہ اس سلسلے میں فراہم کر سکے ہوں۔ پھر ابھی جو Donors Conference ہوئی ہے، اس کے بارے میں بھارتی وزیر مملکت نے یہ بات کہی کہ سرحد پار سے اب بھی پاکستان کی جانب سے دہشت گردوں کو بھیجا جا رہا ہے۔ جناب والا! یہ بھی ایک غلط الزام ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ عوام اور حکومت بھی بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں لیکن بھارت ہمیشہ اس کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

جناب چیئرمین! باہر کی امداد کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے وسائل کو بھی کام میں لانا چاہیے۔ میری تجویز یہ ہے کہ غیر ترقیاتی اخراجات میں ہم پچیس فیصد کمی کریں، جو باآسانی کی جا سکتی ہے۔ دوسری تجویز یہ ہے کہ فوج بھی رضاکارانہ طور پر اپنے انتظامی اخراجات کو کم کرے اور اسے امداد کے لیے divert کرے۔ تیسری تجویز یہ ہے کہ ایف ۱۶ اور فریگیٹ کے سودوں کو ملتوی کرنے کی بجائے اس سودے کو منسوخ کیا جائے اور میرا خیال ہے کہ ہم پانچ بلین ڈالر سے زیادہ بچا سکتے ہیں۔ یہ ساری رقم امداد کے لیے دی جائے۔ وزیر اعظم کے ذاتی استعمال کے لیے جو دو طیارے خریدنے کی کوشش ہے، اس کو بھی ختم کیا جائے۔ پھر tax base کو وسیع کیا جائے، چودہ کروڑ عوام میں سے چند ہزار لوگ ہیں جو ٹیکس ادا کرتے ہیں باقی ٹیکس ادا نہیں کرتے۔ اس بات کا امکان پیدا کیا جائے کہ ایک حد سے زیادہ، جس کے پاس بھی آمدنی ہے، خواہ وہ ایگریکلچر کی آمدنی کیوں نہ ہو، ان پر بھی ٹیکس لگے۔

جناب والا! ہمارا سب سے بڑا مسئلہ یتیم بچوں اور بے سہارا خواتین کا ہے۔ ابھی International Organization for Migration نے بھی اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے کہ یتیم بچوں اور بے سہارا خواتین کو exploit کیا جا سکتا ہے، انہیں اسمگل کیا جا سکتا ہے۔

مظفرآباد کی خیمہ بستی سے چار بچیوں کو اغوا کر لیا گیا تھا جو ابھی تک بازیاب نہیں ہوئی ہیں' اس لیے میری گزارش یہ ہے کہ اس معاملے میں قانون سازی کی جائے۔ امریکہ اور کینیڈا میں بھی یہ مسئلہ پیش آیا تھا۔ بہت غور خوض کرنے کے بعد انہوں نے قانون سازی کی' ادارے بنائے ہیں۔ ہم بھی ان کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس معاملے میں قانون سازی کریں تاکہ کوئی شخص فائدہ نہ اٹھا سکے۔

انتظامیہ امدادی کاموں میں رخنے نہ ڈالے' میں PIMS میں گیا تھا' بالکل سڑک سے ہٹ کر ہمارا الخدمت کا ایک کیمپ لگا ہوا تھا' انہوں نے بتایا کہ کئی دفعہ پولیس کے لوگ آچکے ہیں اور دھمکیاں دے رہے ہیں کہ یہاں سے کیمپ ہٹاؤ حالانکہ وہ مریضوں کی خدمت کر رہے تھے۔ اسی طریقے سے اخبارات میں ایک خبر آئی تھی کہ مظفرآباد میں جمعیت العلمائے پاکستان کے ایک کیمپ کو اکھاڑ دیا گیا تھا۔ مین پھر عرض کرونگا کہ حکومت' سیاسی مخالفین سے انتقام لینے کا اپنا رویہ ترک کر دے۔ اس وقت سیاسی مخالفین کے اغوا اور ان پر تشدد کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ میں بڑے افسوس کے ساتھ یہ بات کہتا ہوں کہ سارے ملک کی نگاہیں امدادی کاموں پر لگی ہوئی ہیں لیکن ہماری حکومت کی نگاہیں آج بھی اس بات پر ہیں کہ اپوزیشن کے کن افراد کو دھمکا کر یا لالچ دے کر' اپنی جماعت سے کاٹ کر' حکمران جماعت میں شامل کیا جا سکتا ہے' اس رویے کو ختم کیا جانا چاہیے۔ میں جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Now I will request Professor Muhammad Saeed Siddiqui to please give us his views.

اختصار کے ساتھ۔

سینیٹر پروفیسر محمد سعید صدیقی، شکریہ جناب چیئرمین صاحب' آپ نے مجھے اظہار خیال کا موقع فراہم کیا۔ چیئرمین صاحب! آٹھ اکتوبر کو قدرتی آفت ایک بھیانک زلزلے کی صورت میں اس وطن پر نازل ہوئی۔ یہ پاکستان کی تاریخ میں سب سے ہولناک' خطرناک قدرتی آفت اور زلزلہ ہے جس کے after shocks ابَ تک آ رہے ہیں اور اس میں ہزاروں افراد ہلاک' زخمی' معذور اور لاکھوں بےگھر' بےسروسامان' بے روزگار' یتیم اور بیوہ ہوئے۔ جن علاقوں میں یہ زلزلہ

آیا وہاں کا infrastructure, public buildings, schools, colleges, universities and hospitals مکمل طور پر مسمار ہوئے اور ان میں اس وقت موجود ہزاروں افراد، طلبا، طالبات اور سرکاری ملازمین دفن ہو گئے جن میں سے بہت کم کی لاشیں نکالی جا سکیں جو اب تک ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس قدرتی آفت اور زلزلے کا مقابلہ ہماری قوم نے جس طرح کیا وہ قابل تحسین و قابل ستائش ہے ۔ زلزلے کی خبر سنتے ہی کیا مرد ، کیا عورت ،جوان بوڑھے، عام کارکن ، ڈاکٹر سب اپنے زلزلہ اور مصیبت زدہ بھائیوں اور بہنوں کی مدد کے لیے دوڑ پڑے اور انسانی خدمت و ہمدردی کی ناقابل فراموش مثالیں دیکھنے میں آئیں۔

متحدہ قومی موومنٹ نے پہلے ہی دن خبر ملتے ہی اپنی تمام سیاسی اور تنظیمی کارروائیاں معطل کیں اور جہاں کارکنوں ، ڈاکٹرز کو ایک طرف امدادی ٹیموں کی صورت میں متاثرہ علاقوں میں بھیجا، وہاں دوسری طرف پورے ملک میں خاص طور پر سندھ اور پنجاب میں امدادی کیمپ قائم کئے، جہاں اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی امداد کے لیے اجناس، رقوم اور ادویات جمع کرنی شروع کیں۔

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد کے فرمان اور ہدایت کے مطابق اور MQM جو انسانی خدمت و ہمدردی اور مساوات پر یقین رکھتی ہے اور اسی ہدایت اور اصول کے مطابق بلاامتیاز اس نے اپنی کارروائیاں اور امدادی سرگرمیاں جاری رکھیں اور آج بھی جاری ہیں۔ آئے دن دیکھا جاتا ہوگا کہ پارلیمنٹ لاجز کے سامنے بے شمار ٹرک ان امدادی سامان سے بھرے نظر آتے ہیں اور دوسرے دن وہ متاثرہ علاقوں میں بھیج دیے جاتے ہیں۔ یہ کام ایک منظم طریقے سے انجام دیا جا رہا ہے جس میں نہ صرف عام کارکن بلکہ ایم این ایز ، سینیٹرز ، ایم پی ایز اور تمام ذمہ داران اور وفاقی اور صوبائی وزراء شیڈول و طریقہ کار کے مطابق اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ میں خود ان متاثرہ علاقوں میں تقریباً ہر جگہ کئی بار گیا اور باغ میں کئی دن قیام کیا۔ اس موقع پر جو قومی وحدت ، یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا وہ پہلے کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ اس زلزلے نے یقیناً قوم کو متحد کیا ۔ اب سیاسی پارٹیوں پر انحصار ہے کہ اس قومی یکجہتی و اتحاد کو فروغ دیں اور پائیدار بنائیں۔ یہ 65ء کی جنگ کی طرح وقتی ثابت نہ ہو اور خدا نہ کرے آپ تمام مل کر اس اتحاد کے لیے کردار ادا کریں تاکہ ہم ایک قوم، جو اس وقت ہیں ،ہمیشہ ہمیشہ ایسے ہی رہیں۔

جناب چیئرمین! اب تک متحدہ قومی موومنٹ سوا دو ارب روپے سے زائد کی امداد نقد ' اجناس ادویات کی صورت میں فراہم کرچکی ہے۔ نہ صرف rescue and relief بلکہ reconstruction and rehabilitation میں بھی ہم حصہ لے رہے ہیں اور اپنی بساط کے مطابق، اپنی حیثیت سے زیادہ انشاء اللہ اس میں بھی امداد کریں گے ۔ اس کے لیے ایک ماڈل گھر بھی پیش کیا جا چکا ہے۔ اس کی وسیع اور بڑے پیمانے پر تیاریاں ہو رہی ہیں اور جلد ہی انشاء اللہ یہ متاثرہ علاقوں میں بھیج دیے جائیں گے تاکہ اپنے متاثرہ بہنوں بھائیوں کو جو اس وقت سخت سرد موسم، برفباری میں خیموں میں رہائش پذیر ہیں ان کو ایک چھت فراہم کی جاسکے۔

جناب چیئرمین! دیکھا یہ گیا ہے کہ 18 اکتوبر جیسی قدرتی آفت کی ہمارے پاس بالکل کوئی تیاری نہیں تھی اور نہ اس سے مقابلہ کرنے کی کوئی صلاحیت موجود تھی۔ لے دے کر صرف ایک ادارہ National Emergency Relief Department, Cabinet Division کے ماتحت قائم ہے جس کی کارگزاری اب تک کہیں نظر نہیں آئی۔ یا تو ہم غفلت میں رہے حالانکہ یہ تنبیہہ تھی کہ ہم زلزلہ زون میں واقع ہیں اور پاکستان کے شمالی علاقہ جات خاص طور سے سات ڈگری اور اس سے زیادہ کے زلزلے کے زون میں ہیں لیکن اس کے لیے ہماری کوئی تیاری، کوئی پیش گوئی، کوئی warning کوئی alert system موجود نہیں، نہ کوئی early warning system نہ کوئی seismic survey, Geological Survey موجود ہے جس کی بنا پر پہلے سے تنبیہہ یا آگاہی دی جاسکے۔

11 اکتوبر سے اب تک نو دن ہو گئے زلزلے پر بحث و تقاریر سنتے اور دیکھتے ہوئے۔ معزز اراکین نے اپنے نظریات، اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کوئی پہلو ایسا نہیں بچا لہٰذا میں repeat کرنا مناسب نہیں سمجھوں گا اور اپنی تقریر میں بس چند تجاویز پیش کروں گا جو قابل عمل اور ٹھوس بھی ہیں۔ ان میں سب سے پہلے زلزلے جیسی آفات سے نمٹنے کے لیے کوئی تیاری، کوئی ادارے بنائے جائیں مستقل بنیاد پر صوبائی اور وفاقی سطح پر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر،وقت کا خیال رکھیے گا۔

سینیٹر پروفیسر محمد سعید صدیقی،ٹھیک ہے جناب۔ کہا جاتا ہے کراچی سونامی

جیسے قدرتی آفت کا شکار ہو سکتا ہے اور ملک میں اس سے شدید زلزلے آسکتے ہیں، خدا نہ کرے لیکن خدا نہ کرے سے کام نہیں بنے گا۔ ہمیں اس کی پہلے سے تیاری اور تدابیر بھی اختیار کرنی پڑیں گی۔ اس کے لیے میری تجویز ہے کہ مستقل بنیاد پر ایسے ادارے بنائے جائیں جن میں

early warning system, crisis management and rescue operation, damage control, trauma centre, disaster management, reconstruction and rehabilitation کے ادارے ہوں جن میں نہ صرف تربیت یافتہ افرادی قوت ہو بلکہ جدید مشینری اور equipment بھی فراہم کیے جائیں۔

ہم نے دیکھا کہ فرانسیسی ٹیم آئی اور اس کے پاس ایسے آلات تھے کہ انہوں نے ملبے میں دبے ہوئے ایک بچے کی تصویر تک لے لی۔ اس کو locate کیا کہ اس جگہ بچہ موجود ہے اور اس کی تصویر بھی دیکھ لی اور پھر اس جگہ کو dig out کیا اور بچے کو صحیح سالم نکال لیا۔ ایسے آلات اور ایسے equipment ہم کیوں نہیں خرید سکتے۔ ہمیں ضرور خریدنا چاہئیں اور ہمارے ان تمام اداروں میں موجود ہونے چاہییں تاکہ وقت پڑنے پر، خدا نہ کرے، یہ استعمال ہو سکیں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر پروفیسر محمد سعید صدیقی: میں جناب پارٹی کا لیڈر بھی ہوں اس وقت، اس لیے مجھے مناسب وقت ملنا چاہیے، ایم کیو ایم کا ڈپٹی پارلیمانی لیڈر۔ میری دوسری تجویز یہ ہے جناب عالی! کہ ملک کا geological and seismic survey ملکی اور بین الاقوامی ٹیموں کے ذریعے اور ماہرین کے ذریعے کرایا جائے۔

میری تیسری تجویز ہے کہ پورے ملک کا seismic code بنایا جائے risk factor and vulnerability کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر علاقے اور ہر شہر کا building code ترتیب دیا جائے یا اس پر نظرثانی کی جائے تاکہ زلزلہ proof یا زلزلہ resistant عمارتیں بنائی جا سکیں۔

جناب چیئرمین! ضروری ہے کہ پاکستان ایسے اداروں میں جیسا کہ Global Seismographic Network ہے میں فوری شمولیت اختیار کرے۔ یہ ادارہ subsurface activity, tectonic plate shifts or fault line and crust کو monitor کرتا ہے اور

data فراہم کرتا ہے جس کی بنیاد پر کسی حد تک زلزلے کی پیشین گوئی کی جا سکتی ہے یا امکانات کا اظہار پہلے سے کیا جا سکتا ہے ، تنبیہہ یا alert کیا جا سکتا ہے۔میری تجویر ہے کہ پاکستان فوری طور پر جتنا جلد ممکن ہو سکے Global Seismographic Network میں شمولیت اختیار کرے۔ یہ ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔

میری چھٹی تجویز ہے کہ غیر ضروری اور غیر ترقیاتی اخراجات کم سے کم کیے جائیں۔

ساتویں تجویز ہے کہ امدادی سامان بے شک بےحساب آ رہا ہے جس کی logistic services نہیں ہو پا رہیں۔ اس میں coordination and organization کی کمی محسوس کی جا رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ متاثرین تک پہنچنے میں تاخیر ہو رہی ہے۔ میری تجویز ہے کہ اس coordination & organization میں بہتری لائی جائے تاکہ امدادی سامان، ادویات، خوراک اور shelter متاثرین کو وقت پر مل سکیں۔

میری آٹھویں تجویز ہے کہ بے روزگار ہونے والوں کو ضروری تربیت اور سرمایہ دیا جائے تاکہ وہ برسرِروزگار ہوسکیں۔

میری نویں تجویز ہے کہ یتیموں ، معذوروں، لاوارثوں اور بیواؤں کے لیے homes آشیانے جیسا کہ صدر صاحب نے propose کیا ہے، میں رہائش کے ساتھ تعلیم اور تربیت کا بھی انتظام کیا جائے تاکہ وہ باعزت زندگی گزارنے کے قابل ہوسکیں۔

میری دسویں تجویز یہ ہے کہ قومی رضاکار تنظیم جس کا آج آغاز کیا گیا ہے ، میں شامل نوجوانوں کو ہنگامی حالات اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی تربیت فراہم کی جائے۔ سول ڈیفنس، سکاؤٹس، گرل گائیڈز کے اداروں کو فعال بنایا جائے اور انہیں ضروری آلات و جدید مشینری فراہم کی جائے۔ یہ ادارے پہلے سے موجود ہیں لیکن ان کی اس ضرورت کے وقت کارروائی کہیں نظر نہیں آئی۔

آخر میں صدر صاحب اور وزیر اعظم صاحب اور حکومت کو میں ڈونرز کانفرنس کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ اس میں توقع سے زیادہ donations pledge کیے گئے، خدا کرے یہ pledges پورے ہوں اور ساتھ ہی much demanded ایک پارلیمانی کمیٹی بنائی جائے جو reconstruction & rehabilitation work اور سارے معاملات اور امداد اور اخراجات

وغیرہ کو monitor کرنے۔ یہ کمیٹی بھی بنا دی گئی اور آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کا اجلاس بھی ہو گیا اور اس میں حزب اختلاف نے بھی حصہ لیا یہ ایک خوش آئند بات ہے ۔ امید ہے کہ حزب اختلاف اسی طرح تعاون کرتی رہے گی اور ہم ملکی ترقی کے لیے مل کر جدوجہد کرتے رہیں گے ۔ شکریہ۔

Mr Presiding Officer: Thank you very much . From the Oppositon side Bukhari Sahib is not present , Kanrani Sahib and Buledi Sahib are not present then I will request Liaqat Banglzai Sahib.

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ 8 اکتوبر کو جو زلزلہ آیا اس کے نقصانات کا حجم اور گہرائی کا ادراک وقت کے ساتھ ساتھ ہی ہو گا مگر میرے معزز اراکین سینیٹ، دانشوروں ، مقررین اور حکومتی ذرائع کے حوالے سے یہاں جو بھی تقاریر ہوئیں، میں انتہائی غور سے ان کو سنتا رہا اور میں ان کے notes بھی لیتا رہا۔ جناب چیئرمین! ہم نے تصویر کا صرف ایک رخ دیکھا اور اس پر زیادہ ہماری زیادہ باتیں بھی ہوئیں اور ہم نے اپنی تمام attentions اسی ایک مالی نقصان پر focus کیں۔ یقیناً مالی نقصانات ہوئے، جانی نقصانات بھی ہوئے یہ سب اپنی جگہ مگر جناب چیئرمین! اس افسوس ناک زلزلے کے بعد جو انسانی المیے مستقبل قریب میں جنم لیں گے اورمستقبل بعید میں ان میں نفسیاتی مسائل بھی شامل ہوں گے، معاشرتی پیچیدگیاں بھی ہوں گی، اخلاقی کمزوریاں بھی آہستہ آہستہ رونما ہوتی رہیں گی۔ ہماری سائنسی کم مائیگی بھی روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی اور اس کے ساتھ ہماری تعلیمی محرومیاں بڑھیں گی۔

جناب چیئرمین! اس سلسلے میں سب سے زیادہ نقصانات 9 اضلاع اور پچیس تحصیلوں میں ہوئے تھے۔ بد قسمتی سے ہمارے تعلیمی اداروں میں زیادہ نقصان ہوا۔ ہمارے معصوم اور چھوٹے بچے ملبوں تلے دب گئے جن کی تعداد غیرسرکاری اعداد و شمار کے مطابق 45 ہزار ہے۔ پینتالیس ہزار بچے اپنی جان کھو بیٹھے۔

جناب چیئرمین! میں نے کوئی ایسا دل نہیں دیکھا جو نہ تڑپ اٹھا ہو۔ کوئی ایسی آنکھ نہ

تھی جو اشکبار نہیں ہوئی، کوئی ایسی ساعت نہیں جس سے چیخیں اور آہیں نہیں ٹکراتی رہیں۔ غور طلب اور چشم کشا جو تجزیہ میں نے کیا ہماری قوم کا جذبہ اپنی جگہ لیکن جو بھی امداد ہوئی وہ ایک ہجوم کی صورت میں ہوئی۔ ہماری پارٹیاں امدادی سامان لے کر جاتی رہیں، سامان تقسیم ہوتے رہے لیکن افسوس ناک پہلو یہ سامنے آیا کہ بعض مقامات پر سامان لٹتے بھی رہے۔

جناب چیئرمین! ہجوم کی صورت میں آپ کبھی بھی کوئی کام احسن طریقے سے سر انجام نہیں دے سکتے کیونکہ ہجوم مختلف خیالات کے افراد کی قربت کا نام ہوتا ہے، جن کے خیالات، اغراض و مقاصد اور ارادوں میں کوئی ہم آہنگی نہیں ہوتی، ان کا کوئی رہنما ہوتا ہے اور نہ ہی ان کی کوئی منزل ہوتی ہے۔ ہجوم کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ اس نے کہاں جانا ہے، اگر جانا ہے تو کیا کرنا ہے جب کہ اس کے برعکس قوم انسانوں کے مجموعے کا نام ہے جنہیں نہ صرف نشان منزل بلکہ منزل کا تصور بھی حاصل ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! موجودہ صورتحال میں آپ نے بھی دیکھا ہو گا کہ اگرچہ ہم نے بڑے خلوص اور بڑی نیک نیتی سے لوگوں کی مدد کی لیکن ایک منظم طریقے سے ہماری مدد لوگوں تک نہیں پہنچی۔ اس میں ہماری سیاسی کمزوری بھی شامل ہے اور بحیثیت قوم ہمیں اپنی منزل اور نشان راہ کا کوئی پتا نہ تھا۔

جناب چیئرمین! ہمارے ہمسائے ملک چین میں بھی ایک زلزلہ آیا تھا تنگ شیان میں اور اس کے سامنے بھی دو options تھے۔ ایک تو ہماری طرح وہ بھی Donors Conference کرتا یا جن جن لوگوں نے انہیں مدد کی پیش کش کی اس کو ٹھکرا دیتا۔ مجھے یاد ہے اس وقت چیئرمین ماؤزے تنگ زندہ تھا یہ 1979 کی بات ہے۔ جن لوگوں نے اس کو کشکول پھیلانے کا مشورہ دیا تھا اس نے انہیں رد کرتے ہوئے دوسرے option کو لیا اور وہی تنگ شین صوبہ جو صفحہ ہستی سے مٹ چکا تھا دو سال کے بعد آج وہی شہر دنیا میں ایک ماڈرن شہر کی حیثیت رکھتا ہے اور لوگ اسے دیکھنے کے لیے بھی جاتے ہیں۔ ہم نے کیا کیا کہ ہم نے دوسری option قبول کی۔ ہم نے Donors Conference اپنے ملک میں بلا لی۔ ہمیں چاہیے تو یہ تھا کہ جیسے ہمارے ہمسائے ملک نے کیا وہی کرتے۔ چینی کی ایک کہاوت ہے کہ غریب آدمی کو روز ایک مچھلی دینے کی بجائے بہتر ہے کہ اس کو مچھلی کے شکار کھیلنے کا گر سکھایا جائے تاکہ وہ اپنے

پاؤں پر کھڑا ہو کر شکار کھیلے، مارکیٹ میں لے آئے، فروخت کر کے بال بچوں کے لیے روز گار حاصل کرے۔ بہر حال ہم نے Donors' Conference ۔ بقول انشاء جی

جس جھولی میں سو چھید ہوئے اس جھولی کا پھیلانا کیا

جناب چیئرمین! جو جھولی ہم پھیلا رہے ہیں اس میں سینکڑوں چھید ہیں اور آپ نے دیکھا کہ اس سے پہلے بھی کئی المناک واقعات جنم لے چکے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وقت کا خیال رکھیں ۔ اب آپ تجاویز پر آ جائیں۔ میں تمام مقررین کو کہوں گا کہ باتیں تو بہت ہو گئی ہیں اب تجاویز ہمیں چاہییں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب چیئرمین! میں repetition کا خود بھی قائل نہیں ہوں، میں صرف Donors Conference کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس ضمن میں آج ہاؤس میں گلشن سعید صاحبہ کے سوال کا جواب آیا تھا اور میں نے بھی supplementary سوال کیا۔ بہر حال پانچ ارب بیس کروڑ ڈالر جو ہمیں ملے ان کا بھی کہیں برا حال نہ ہو۔ اخباروں میں تو یہ دیا جاتا ہے کہ فی شہید ہم نے ایک لاکھ روپے دے دیے ہیں جب کہ ground reality یہ ہے کہ ہم نے صرف ساڑھے سات سو روپے دیے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اس کے سیاسی اثرات آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ پانچ مقامات پر ہم نے line of control کھول دی۔ ان مقامات پر امدادی سامان کے تبادلے کا ایک مضحکہ خیز سلسلہ شروع ہوا، کچھ ٹرک بھارت سے آئے، کچھ ٹرک پاکستان سے گئے line of control پر سامان اتار کر ہم نے انہیں دے دیا اور وہاں کا سامان ہم یہاں لائے اور ہمارے حکام کے ساتھ قینچیاں بھی تھیں، عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ جس کمبل پر made in India لکھا ہوا تھا۔ وہ قینچی سے کاٹ کر پھینک رہے تھے اور دوسری طرف انڈیا والے تھے کہ جس کمبل پر made in Pakistan لکھا ہوا تھا وہ قینچی سے کاٹ رہے تھے۔ یہ تو مضحکہ خیز صورتحال پیدا ہو گئی تھی جس سے ہمیں کوئی فائدہ بھی نہیں ہوا اور یہ پریکٹس لاحاصل رہی۔

جناب چیئرمین! یہاں پر بات ہو رہی تھی آڈیٹر جنرل کی، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ کرپشن کو ختم کرنے کے لیے اینٹی کرپشن کمیٹیاں، ادارے

بنائے گئے لیکن آپ کے علم میں ہے کہ سب سے زیادہ کرپٹ وہی اینٹی کرپشن کے ادارے ہیں چنانچہ میں سمجھتا ہوں کہ آڈیٹر جنرل کی کوئی ضرورت نہیں ہے، آپ سینیٹ اور اراکین قومی اسمبلی کی ایک کمیٹی بنائیں۔ آخر میں میری دو چار تجاویز ہیں۔

جناب چیئرمین! جو متاثرہ علاقہ ہے ان میں سرکاری یوٹیلیٹی بلز پانچ سال کے لیے معاف کیے جائیں۔ میں ممنوں ہوں اپنے وزیرمملکت کا کہ انہوں نے نوٹس لینے شروع کئے وگرنہ مجھے official gallery میں کوئی نظر نہیں آرہا۔

نمبر ۲ ۔ سونامی سے متاثرہ سری لنکا جسے یورپی یونین سے GSP plus کا فائدہ دیا ہے۔ ہم یورپی یونین سے باقاعدہ پروقار طریقے سے اپیل کر سکتے ہیں کہ وہ حکومت پاکستان کو بھی GSP plus کا درجہ دیں۔

نمبر ۳ ۔ میرے علم میں یہ بات لائی گئی ہے کہ یورپی یونین، جنوری 2006 سے پاکستان کو GSP plus states دینے سے انکار کر دے گا۔ جس کی بنیاد پر پاکستان سے یورپی ممالک کو برآمد کی جانے والی اشیا پر بارہ فیصد ٹیکس لگے گا۔ جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے حکومت پاکستان سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ یورپی یونین کو اس بات پر آمادہ اور قائل کر لے کہ وہ ہمیں GSP plus قرار دے تاکہ برآمد اور درآمد پر جو ڈیوٹی لگے گی اس سے بھی مستثنیٰ ہوں۔ اس کے علاوہ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ جو value added اشیا ہیں ان کی برآمد پر zero rated ڈیوٹی کی سہولت حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ یہ امر بھی خوش آئند ہے کہ حال ہی میں امریکی کانگریس نے اپنی حکومت کو یہ تجویز دی ہے کہ پاکستان کی متاثرہ معیشت کی بحالی کے لیے، پاکستان کے ساتھ ایک آزاد تجارتی معاہدہ free trade agreement کیا جائے جس سے بیرون ملک اور بیرونی مارکیٹ میں پاکستانی مال کی زیادہ سے زیادہ رسائی حاصل ہو سکے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ملک میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونگے ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت پاکستان اس ضمن میں مؤثر lobbying بھی کرے۔

میری پانچویں تجویز سی بی آر کے حوالے سے ہے-----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، آخری ہے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: نہیں جی، آخری تو نہیں ہے۔ اگر میری تجاویز آپ کو پسند نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، نہیں ویسے ہی کہہ رہے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: کیونکہ یہ ہاؤس میں debate ہو رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ سنجیدگی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اسے نوٹ کیا جائے۔ سی بی آر چھوٹی صنعتوں کے قیام کے لیے غیر معمولی مراعات دے تاکہ وہاں home and cottage industry میں بہتری آئے اور لوگوں کو بجائے مانگنے کے اپنے دست بازو کا سہارا لے کر کچھ نہ کچھ ملک کو دینا چاہیے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ انٹرنیشنل ڈونرز کانفرنس کی طرح ہم ایک internal donor conference بھی کریں جس میں ہم اپنے سرمایہ کار، ہمارے کارخانہ دار ہیں ان کو بھی یہ کہیں کہ وہ جو بھی عطیات دیں گے، اس کی transparency کے لیے بہترین تجویز یہ ہے کہ وہ اپنی نگرانی میں یہ دے دیں۔ بجائے مجھے، آپ کو یا کسی اور کو وہ donor agencies دے دیں، وہ اپنے حوالے سے ہی اس کی نگرانی کرلیں اور اس میں بہت کم chance رہے گا کہ کوئی دھاندلی ہو۔

جناب چیئرمین! میری آخری گزارش ہے جو میں کرنا چاہتا ہوں اور اس کے بعد میں floor کسی اور کو دے دوں گا۔ بلوچستان میں کوہلو، سوئی اور گوادر میں جو چھاؤنیاں بنانے کی باتیں ہو رہی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان ہر لحاظ سے ایک پرامن صوبہ ہے، وہاں چھاؤنیوں کی ضرورت نہیں ہے۔ چھاؤنیاں اکثر و بیشتر بارڈرز کے علاقے میں ہوتی ہیں۔ الحمدللہ ہمارے ایران کے ساتھ بھی اچھے تعلقات ہیں، افغانستان کے ساتھ بھی اچھے تعلقات ہیں اور وہاں ہمیں چھاؤنیوں کی بجائے وہی رقومات متاثرین کو دینی چاہئیں۔ وماعلینا الا البلاغ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. What is the mood of the House, do we proceed or adjourn. We adjourn the House for tomorrow, we will meet again at 10.30 a.m.

[The House was then adjourned to meet again at 10.30 a.m. on Thursday, the 24th Nov, 2005]